جولائی ۹۵ء
ماہنامہ
فلکیات
کراچی

پُراسرار علوم کا نایاب خزانہ

فلکیات

ماہنامہ — کراچی

شمارہ نمبر ۲۷۵	جولائی ۱۹۹۵ء	تیئسواں سال

قیمت فی کاپی
۱۸/ اٹھارہ روپے

زرِ سالانہ
۳۵۰ روپے (بذریعہ رجسٹری)

کتابت
ہدایت اللہ شاہین رقم

فون نمبر ۴۹۱۸۳۲۹

اس ماہ بھی اہم تبدیلیوں کا امکان ہے۔

آپ کے نام کا پہلا حرف تمام راز کھول دے گا۔

محبت کے متوالوں کو پریشان نہیں ہونا پڑے گا

کامیابی کے وہ روحانی عملیات جن کی آپ کو تلاش ہے۔

خواتین کے لئے اہم مشورے جن پر عمل پیرا ہو کر وہ اپنے گھر کو جنت کا نمونہ بنا سکتی ہیں۔

اس بار بھی پُراسرار علوم کے خزانے اندر کے صفحات پر بکھرے پڑے ہیں۔ کوشش کیجئے یقیناً آپ بھی بہت کچھ حاصل کرلیں گے۔

عامل لیاقت منجم ایڈیٹر پبلشر نے لوکھائی پرنٹنگ پریس انڈھ بازار کراچی سے چھپوا کر دفتر ماہنامہ "فلکیات" ۱-سی ایریا لیاقت آباد کراچی نمبر ۱۹ سے شائع کیا

نعت

جو شیدائے نورِ مُبیں ہو گئی
نظر وہ بڑی دلنشیں ہو گئی

قتادہؓ نے مانگا تھا نورِ نظر
عطا ان کو خلدِ بریں ہو گئی

نگاہِ رسالتؐ کے فیضان سے
ہر اک شے بہار آفریں ہو گئی

عرب ... نور کی سرزمیں بن گیا
خدا آشنا ... ہر جبیں ہو گئی

نبوت کی کرنوں سے ساری فضا
بڑی شادماں ... اور حسیں ہو گئی

چلی عرش سے رحمتِ دو جہاں
مدینے میں آکر مکیں ہو گئی

معطر معطر ... سماں ہو گیا
منور منور جبیں ہو گئی

فسردہ دلوں کو قرار آگیا
کہ تشخیص قلبِ حزیں ہو گئی

ہوئے آپؐ عالم میں جب جلوہ گر
تو تشریحِ حق الیقیں ہو گئی

حافظ بشیر احمد آزاد ... کوہاٹ

۴۸۶

خصوصی توجّہ فرمائیے

گذشتہ چند سالوں سے اہل و عیال کے ہمراہ مکۃ المکرمہ اور مدینہ منورہ جانے کی عظیم سعادت حاصل کر چکا ہوں۔ گیارہ عمرے اور ان گنت طوافِ کعبہ میرے نصیبوں میں تھے جو میں کر چکا اب بھی اندر کی پیاس نہیں بجھی۔ یہی خواہش دن رات بے چین کئے ہوئے ہے کہ آخری بار اہل و عیال کے ہمراہ مکہ و مدینہ کے دیدار کر لوں۔ اس سلسلے میں کم از کم **۲ دو لاکھ روپے** درکار ہونگے۔ جو میں اکٹھے نہیں کر سکتا۔ اس لیے حسبِ سابق اب میں قارئینِ فلکیات خصوصی کرم فرماؤں اور دوستوں سے مدد کی درخواست کرتا ہوں۔ ہم آپ کی اس مدد کا کوئی صلہ نہیں دے سکتے البتہ خانہ کعبہ اور روضۂ رسولؐ پر حاضری کے بعد آپ سب کے لئے خصوصی دعا خلوصِ نیت کے ساتھ کرنے کا وعدہ کرتے ہیں۔ یہ بھی وعدہ رہا کہ آپ کی ضرورت کے مطابق تاحیات علمی و روحانی خدمت بھی کرتا رہوں گا آپ سے التماس ہے کہ **۲۰ جولائی ۱۹۹۵ء** سے قبل حسبِ استطاعت رقم ارسال فرمادیں تاکہ سفر کا آغاز ہو سکے۔ اللہ ہمیشہ آپ کا حامی و ناصر رہے آمین ثم آمین۔

اکاؤنٹ نمبر نوٹ فرمالیں

(لیاقت منجم اکاؤنٹ نمبر **۴-۸۳۲۰** حبیب بنک لمیٹڈ لیاقت آباد برانچ کراچی)

براہ کرم بنک ڈرافٹ رجسٹرڈ ڈاک کے ذریعہ ارسال فرمائیے۔ شکریہ! پتہ درج ذیل ہے۔

ادارہ فلکیات ۱/۱۹ سی ایریا لیاقت آباد کراچی ۱۹

فون نمبر ۴۹۱۸۳۲۹ (پوسٹ کوڈ ۷۵۹۰۰)

اپنے بچوں کے نام

اُن کی تاریخ پیدائش کے مطابق از روئے نجوم رکھیں تاکہ ساری زندگی صرف اسی ستارے کے زیرِ اثر گذرے جس کے تحت اُن کی پیدائش ہوئی ہے۔ اگر آپ کے بچے کا نام بمطابق پیدائش نہیں ہوگا تو وہ دو مختلف ستاروں کے اثرات سے متاثر ہو کر ناقابلِ فہم حالات و واقعات سے دوچار رہیگا۔ ممکن ہے کہ وہ دوہری زندگی بسر کرے بہتر تو یہ ہے کہ آپ اپنے بچے کا پورا زائچہ پیدائش بنوالیں تاکہ بچے کے مستقبل کا تفصیلی جائزہ لیا جاسکے۔ اگر آپ مکمل زائچہ نہیں بنوانا چاہتے تو پھر بچے کا نام لازمی طور پر از روئے نجوم ہم سے تجویز کرائیں انشاءاللہ اس کے نتائج بہت شاندار برآمد ہوں گے اس سلسلے میں اپنے بچے کی درست تاریخِ پیدائش، وقتِ پیدائش، مقامِ پیدائش اور والدین۔ نام تحریر فرمائیے۔ نام رکھنے کی فیس مبلغ تیس ۳۰ روپے مقرر ہے۔

فون نمبر — ۴۹۱۸۳۲۹

ادارہ فلکیات ۱/۱ سی ایریا

نزد ڈاکخانہ بس اسٹاپ، لیاقت آباد کراچی ۱۹

(پورٹ کوڈ — ۷۵۹۰۰)

پرانا فریج نئے جیسا کرالیں

گیس گارنٹی دس سال

اگر آپ کے فریج، ایئر کنڈیشن، ڈیفریزر اور واشنگ مشین میں کسی قسم کی خرابی ہو تو ہم سے رجوع فرمائیے۔ ہم معاوضہ دوسروں سے کم ہی لیں گے۔ آپ ورکشاپ اگر پتہ لکھادیں مکینک خراب اشیاء خود ہی لے آئے گا۔

پرانا فریج فروخت کرنے اور خریدنے کیلئے ہماری خدمات سے استفادہ کریں ہم آپ کی توقع پوری کریں گے۔ اگر آپ خود نہ آسکیں تو فون نمبر ۶۳۳۸۴۶۴ پر اطلاع دے دیں۔ شکریہ

سرتاج ریفریجیشن کمپنی

۲۷ آر، بلاک ۹، فیڈرل بی ایریا، بالمقابل بلدیہ لائبریری، کنسٹبل کالج کے ساتھ، نزد بس اسٹاپ ۹ دستگیر، کراچی

برائے ماہ جولائی ۱۹۹۵ء

جن حضرات یا خواتین نے اپنے ماہانہ حالات معلوم کرنے ہوں
وہ اپنے نام کے پہلے حرف سے برج اور ستارہ معلوم کر کے مندرجہ
ذیل حالات پڑھ لیں جو کہ بفضل خدا کافی حد تک درست ثابت ہوں
گے یہ بھی وضاحت کر دی جاتی ہے کہ واقعات کا تعلق صرف سیارہ
شمس سے ہی نہیں ہے بلکہ اس سلسلے میں قمری زائچہ اور منازل القمری
کو خاص طور پر مدنظر رکھا جاتا ہے تاکہ حتی الامکان نتائج غلط
نہ نکلیں اور آپ ان علوم سے حقیقی استفادہ بہ آسانی کر سکیں

لیجیے وہ وقت آ ہی گیا جس کی نشان دہی ہم نے گزشتہ ماہ بھی محض
اس لیے کر دی تھی کہ آپ قبل از وقت ہی احتیاطی تدابیر اختیار کر سکیں
تاکہ حالات کی اچانک خرابی آپ کی پریشانیوں میں مزید اضافہ نہ کر سکے۔ اس ماہ
بھی آپ کے دماغ پر لاحاصل خیالوں کا غیر معمولی بوجھ رہے گا۔ آپ کی اعلیٰ
صلاحیتوں کے تحت مرتب کی گئی اسکیمیں بھی ناقابل عمل ثابت ہوں گی۔ اگر
بعد مشکل آپ نے کسی اسکیم (خواہ وہ کسی بھی سلسلے میں ہو) کو عملی شکل دے بھی
دی تو انجام منشاء کے مطابق نہیں نکلے گا بلکہ ممکن ہے کہ ایسا کرنے سے آپ
کی ساکھ بھی متاثر ہو جائے۔ بعض اوقات آپ حالات سے گھبرا کر انتہائی
مایوس بھی ہو جائیں گے۔ ستارہ مریخ سے وابستہ ہونے کے سبب آپ کا
مزاج بھی خاصا تیز رہے گا۔ ہو سکتا ہے کہ کسی غصے کے جا و بے جا اظہار کی
وجہ سے بھی مایوسی یا کسی اہم کام میں مسلسل ناکامی سے دوچار ہونا پڑے۔
بہتر یہی ہے کہ خود کو موجودہ حالات کے مطابق ڈھال لیں۔ کوئی لاکھ کوشش
کرے آپ مشتعل نہ ہوں ورنہ کسی بھی مرحلے پہ بات خاصی بگڑ جائے گی۔
کسی کے ساتھ لڑائی جھگڑا کر کے آپ سخت گھاٹے میں رہیں گے جس میں
بھی کوئی شک نہیں کہ آپ انتہائی اعلیٰ صلاحیتوں کے مالک ہیں۔ ماضی
میں بھی انتہائی دشواریوں کے باوجود آپ نے کامیابیوں کے یادگار جھنڈے
گاڑے ہیں۔ لیکن وقت ہمیشہ ایک جیسا تو نہیں رہتا۔ بعض اوقات
ستاروں کے بداثرات انتہائی بہادر اور نڈر انسان کو اپنے سے انتہائی
کمزور اور بزدل شخص کے سامنے جھکا دیتے ہیں۔ اس ماہ بھی آپ خود کو غیر
متوقع پریشان کن دائروں سے باہر نکالنے کی کوششوں میں مصروف رہیں گے
آپ کی ان کوششوں کا نتیجہ جزوی طور پر بہتر بھی برآمد ہوگا۔ لیکن بعض
کاموں کے سلسلے میں آپ کی ہر کوشش رائیگاں جائے گی۔ یوں کہہ لیں کہ
آپ تو کمبل کو چھوڑنے کے لیے تیار ہوں گے لیکن کمبل ہی آپ سے چپکے
رہنے میں اپنی عافیت سمجھے گا۔ کاش گزشتہ ماہ ہی ہمارے مشورے
کی روشنی میں آپ اپنی طرز عمل تبدیل کر سکتے۔ آپ تو کافی عرصے سے سراب
کے پیچھے اندھا دھند دوڑ لگا رہے ہیں۔ کیا مل گیا آپ کو اب تک؟
اس ماہ تو سیارہ زحل در مریخ کی مشترکہ نحوست نے آپ کو اپنی لپیٹ
میں لے لیا ہے اگر اب بھی آپ نے اپنی روش نہ بدلی تو بہت کچھ
کھو بیٹھیں گے۔ اعتماد اس پہ کیجیے جو اس قابل ہو۔ ایک بے وفا اور تماشہ
گر فرد کی خاطر دیوانگی کا مظاہرہ کرتے رہنا کم از کم آپ جیسے انسان
کی شایان شان نہیں ہے۔ عقلمند را اشارہ کافی است۔ اس ماہ

بھی سیارہ عطارد کی سعدیت آپ کی راہنمائی کرتی رہے گی۔ اس کے ساتھ سیارہ زہرہ کا اشتراک آپ کی چند اہم کاموں کے سلسلے میں کی گئی جدوجہد کو کامیاب بنانے کا سبب بن سکتا ہے۔ اگر آپ نے ہمت نہ ہاری اور اپنے حقیقی ہمدرد ملنے والے ساتھیوں پر بھروسہ رکھتے ہوئے آگے بڑھنے کی کوشش جاری رکھی تو پھر بفضل خدا بہت کچھ حاصل ہو سکے گا۔ ہو سکتا ہے کہ سیارہ عطارد کی سعدیت آپ کو اس دلدل سے باہر نکال دے جس میں کہ آپ کافی عرصے سے پھنسے ہوئے ہیں۔ اسی سعد سیارے کے اثرات آپ کے اردگرد پھیلی ہوئی مخالفت کی آگ کو بھی بہت حد تک ٹھنڈا کر سکتی ہے لیکن شرط یہ ہے کہ آپ بھی ایسی خواہش رکھتے ہوں۔ سبب کہ اگر کسی جگہ کا ماحول پسند نہ ہو تو اس کی کھل کر مخالفت ہرگز نہ کریں بلکہ ایسا کوئی سیدھا طریقہ اختیار کریں جس سے کہ حالات و ماحول کی خرابی دور ہو جائے اور اگر آپ نے اپنی من مانی کاروائی کر دی تو پھر ممکن ہے کہ اس کے نتائج انتہائی تباہ کن برآمد ہوں۔ لہذا کسی بھی مرحلے پر اگر آپ کی جانب سے جذباتیت کا بے محل مظاہرہ ہرگز نہ ہو۔ اپنے دل و دماغ کو فضول قسم کے خیالات کی آماجگاہ بھی نہ بنایئے کہ اس طرح کوئی مسئلہ حل نہ ہوگا بلکہ آپ کسی دماغی مرض میں مبتلا ہو جائیں گے۔ ممکن ہے کہ مستقل طور پر سر درد کی بیماری لاحق ہو جائے۔ متعدد اسکیموں کو بیک وقت عملی شکل دینے کی غلطی نہ کریں بلکہ کسی ایک اچھی کاروباری اسکیم کو پوری توجہ کے ساتھ عملی جامہ پہنانے کی کوشش کریں۔ بفضل خدا آپ بہت حد تک اپنے مقصد میں کامیاب ہو سکیں گے۔ موجودہ کاروبار کی بھلائی کے لئے اس میں تبدیلی کرنا مفید نہیں ہے۔ کاروبار نو کا آغاز بھی سر دست بہتر ثابت نہ ہو سکے گا۔ پہلے پندرہ روز کے دوران آپ کا موجودہ کاروبار قدرے ترقی کرے گا۔ نتیجتاً آمدنی بھی خاصی ہو گی۔ لیکن آپ خود ہی اپنے گھریلو حالات یا کسی اور وجہ سے اخراجات بڑھا لیں گے چنانچہ بچت کا خانہ اس ماہ بھی خالی ہی نظر آ رہا ہے۔ کنسٹرکشن کا بزنس کرنے والے حضرات اگر اس ماہ انتہائی سمجھداری سے کام لے کر کچھ کریں گے تو فائدہ جزوی طور پر ہو سکتا ہے بصورت دیگر ان کے سارے منصوبے دھرے رہ جائیں گے۔ رشتہ داروں کے ساتھ تعلقات قدرے مضبوط ہوں گے۔ نئی رشتہ داری کے قائم ہونے کا بھی امکان ہے۔ کسی بچے کا رشتہ آپ اپنی مرضی کے مطابق طے کر سکیں گے۔ شریک حیات سے وابستہ توقع پوری ہو گی۔ اولاد کی جانب سے خوشی کا سلسلہ تعلیم کامیابی۔ غیر شادی شدہ افراد کا رشتہ حسن پسند فرد کے ساتھ طے پا سکے گا۔ ملازمت کرنے والے حضرات ۲۰ تاریخ سے بہت زیادہ محتاط رہیں۔ ہمیں ان کی ملازمت خطرے میں نظر آ رہی ہے۔ آخری ہفتے صحت بھی قدرے خراب رہے گی۔

خواتین: اس ماہ بھی آپ کا ذاتی ستیارہ مریخ باحوال ستیارہ زحل زائچے کے چھٹے گھر میں قیام پذیر رہ کر آپ کو مشکل الجھنوں کا شکار بناتا رہے گا۔ ہم نے جو کچھ گذشتہ مہینے آپ کے بارے میں لکھا تھا اسے ایک بار پھر پڑھ لیں تاکہ یہ اندازہ بخوبی ہو سکے کہ ہم نے کس حد تک آپ کی صحیح راہنمائی کے فرائض انجام دیئے تھے۔ اس ماہ بھی بہت محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔ حالات خواہ کتنے ہی خلاف منشا کیوں نہ ہوں آپ اپنے مزاج پر مکمل کنٹرول رکھیں۔ معمولی معمولی باتوں پر دوسروں کے ساتھ الجھنا آپ کے لئے نقصان دہ ثابت ہوگا۔ اس طرح نہ صرف آپ کی صحت متاثر ہوگی بلکہ حقیقی ہمدردوں کی تعداد بھی بہت کم رہ جائے گی۔ اپنے دماغ پر فضول قسم کے خیالات کو غالب نہ آنے دیں۔ آپ کی ان سوچوں کی وجہ سے حالات نہیں بدل سکیں گے۔ کوئی ناعاقبت اندیش شخص آپ کے گھریلو سکون کو تباہ کرنے کی کوششوں میں اندر ہی اندر مصروف رہے گا۔ یہ شخص آپ کا کوئی قریبی عزیز بھی ہو سکتا ہے۔ لہذا اس کی چرب زبانی اور میٹھے فقروں سے متاثر ہونے کی غلطی نہ کریں۔ ورنہ وہ کچھ ہو جائے گا جس کی کہ آپ توقع نہیں کر سکتیں۔ اپنے شوہر کو ہمیشہ خوش رکھنے کی کوشش کریں۔ ان کے اعتماد کو کبھی ٹھیس نہ لگنے دیں تاکہ آپ کا یہ چھوٹا سا گلشن ہمیشہ شاداب رہ سکے۔ مکان یا زمین کے سلسلے میں کوئی مسئلہ پریشان کرتا رہے گا۔ رہائش کی تبدیلی کا بھی امکان ہے۔ اپنے اخراجات گھٹانے کی کوشش کریں۔ یہ ماہ آپ کو مقروض بنا سکتا ہے کیونکہ آمدنی زیادہ نہ ہو سکے گی۔ قریبی رشتہ داروں کے ساتھ تعلقات قدرے بہتر رہ سکیں گے۔ کسی نئی رشتہ داری کے قائم ہونے کا بھی امکان ہے۔ ملکی یا غیر ملکی سفر پر توجہ کریں۔ والدین سے علیحدگی کا اندیشہ ہے۔ ملازمت کرنے والی خواتین کے

لئے مہینے کے پہلے بیس۲۰ دن بہتر ثابت نہ ہو سکیں گے۔ بہ سلسلہ تعلیم کامیابی ہوگی۔ اولاد کی جانب سے خوشی ہوگی۔ آخری ہفتے کے دوران صحت جسمانی خاصی خراب ہو سکتی ہے۔ غیر شادی شدہ لڑکیوں کی منگنی یا شادی من پسند فرد کے ساتھ طے ہونے کا امکان زیادہ ہے۔

ماہ رواں کی ۶-۱۰-۱۴-۱۷-۲۰-۲۳-۲۹ تاریخیں زیادہ منحوس ثابت ہوں گی۔

ستارے اس ماہ بھی مختلف امور کے سلسلے میں کسی نہ کسی طور پریشان لاحق کریں گے۔ گزشتہ مہینے بھی ان ستاروں کی نحوست کو پیش نظر رکھ کر جن واقعات کی نشاندہی ہم نے کر دی تھی ان کا سامنا آپ نے یقیناً کیا ہوگا۔ ظاہر ہے کہ اب آپ کو اس بات کا بھی یقین آ گیا ہوگا کہ ہم ستاروں کے اثرات کی بنیاد پر جو کچھ تحریر کرتے ہیں اس کے غلط ہونے کا امکان بہت کم ہوتا ہے۔ ماہ رواں کے دوران بھی حسب سابق آپ کو خاصی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اگر آپ نے احتیاط نہ برتی تو پھر حالات کی پیچیدگی بہت زیادہ نازک ہو سکتی ہے۔ اس ماہ بھی کسی مسئلے میں گرم مزاجی اور جذباتیت کا مظاہرہ کرنا آپ کے لئے انتہائی نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے۔ اگر آپ جائداد یا رقمی لین دین کے سلسلے میں کسی کے بھی خلاف قانونی چارہ جوئی اختیار کرنا چاہتے ہیں تو پھر ہم موجودہ حالات کا تقاضہ سمجھ کر انتہائی خلوص کے ساتھ یہ مشورہ دیں گے کہ سر دست یہ انتہائی قدم اٹھانے کی غلطی نہ کریں۔ اس طرح تو آپ خود ہی ایک نئی پریشانی کو مسلط کر بیٹھیں گے۔ یہ ضروری تو نہیں ہے کہ مقدمہ کا فیصلہ جلد ہی ہو جائے دوسرا فریق بھی تو آپ سے زیادہ بھاگ دوڑ کر سکتا ہے۔ یہ بات اپنی جگہ درست ہے کہ ہر انسان کو اپنے جائز حقوق حاصل کرنے کے لئے جائز ذرائع لازمی اختیار کرنے چاہئیں۔ اس کے باوجود ہم آپ کو مقدمات کے چکر میں پڑنے سے روکنا چاہتے ہیں۔ زائچے کے گیارہویں گھر کی کیفیت اچھی نہیں ہے سیارہ زحل اور مریخ کی نحوست نے اس گھر کی منسوبات کو بری طرح گھیراؤ کر رکھا ہے۔ چنانچہ اس بات کا بھی اندیشہ ہے کہ اس ماہ کوئی دیرینہ مخالف آپ کو کسی جھوٹے فوجداری مقدمے میں بھی پھنسانے کی کوشش کرے۔ اپنی کسی غلطی کے سبب بھی آپ قانونی الجھنوں کا شکار بن سکتے ہیں۔ لہٰذا ایسے منحوس دور میں جس قدر بھی احتیاط کر لی جائے بہتر ہے۔ آپ کے مخالفین کی قوت میں بھی اچانک اضافہ ہوا ہے۔ آپ کے چند رشتہ دار بھی درپردہ مخالفین کے ہاتھ مضبوط کر رہے ہیں۔ ان حالات کو سامنے رکھ کر آئندہ کے لئے کوئی بہتر پروگرام بنانے کی کوشش کریں۔ ہماری رائے تو یہ ہے کہ کسی نہ کسی طرح مخالفین کو آمادہ صلح کر لیں تاکہ لمبے جھگڑوں سے بچ کر کچھ نہ کچھ آپ حاصل کر سکیں۔ یہ طریقہ زیادہ سود مند ہے۔ وقتی طور پر اگر معاوضہ یا حق قدرے کم بھی ملتا ہو تو پرواہ نہ کیجئے بعض اوقات کچھ دے کر کچھ لینے کا اصول ہی زیادہ بہتر ثابت ہوا کرتا ہے۔ اس ماہ آپ کے اخراجات میں بھی غیر معمولی اضافہ ہوگا۔ اپنے بھائی بہنوں یا قریبی عزیزوں کے لئے جو قربانیاں آپ دے رہے ہیں اس کا نتیجہ توقع کے مطابق ہرگز نہیں نکلے گا۔ بے مقصد مہمان نوازی بھی صرف اخراجات میں اضافہ کا باعث ہی بن سکتی ہے۔ اس سے پرہیز کرنا کم از کم اب آپ کے لئے بہت ضروری ہے۔ حسابات یہ واضح کرتے ہیں کہ ماہ رواں کے آخری دس دنوں میں کسی نہ کسی سبب خاصی رقم کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ اگر آپ نے پہلے پندرہ دنوں کے دوران اپنے اخراجات گھٹا کر کچھ رقم جمع کر لی تو پھر ہنگامی ضرورت کے موقع پر کسی کے آگے ہاتھ نہیں پھیلانا پڑے گا۔ دوسرے یا تیسرے ہفتے کے دوران سیارہ عطارد و زہرہ کا اشتراک کہیں سے کثیر رقم بھی دلائے گا۔ ممکن ہے کہ کسی کو دی ہوئی ایسی رقم مل جائے جس کی واپسی کی کوئی امید نہیں تھی۔ یا پھر آپ کا کوئی انعامی بانڈ ہی نکل آئے۔ اگر ایسا ہو تو پھر اس رقم کو بھی محفوظ کر دیجئے۔ اگر آپ کا پیشہ وکالت ہے تو پھر کسی حقیقی مجرم کی پیروی کا کسی بھی معاوضے پر کیس نہ لیں ورنہ آپ کی اچھی بھلی ساکھ بری طرح متاثر ہو جائے گی۔ کاروباری حضرات بھی ان دنوں کے دوران کھلے دل کے ساتھ سودے بازی کریں۔ ان کی پیہم جدوجہد کے سبب کاروبار وسعت اختیار کرے گا اور آمدنی بھی بڑھ سکے گی۔ خاص طور

بہ معد افراد جو کنسٹرکشن کا بزنس کرتے ہیں مہینہ بحران سے خود کو نکالنے میں کامیاب ہوں گے ۔ مکان اور پلاٹوں کی خرید و فروخت کرنے والے حضرات کی قسمت کا بند دروازہ کھل سکے گا ۔ اجناس کے تاجروں کو بھی منافع کرنے کا موقع ملے گا ۔ البتہ آخری دس دن کاروباری حضرات کے لئے قدرے بہتر نہیں ہیں ۔ بہت ہی ہوشیاری کے ساتھ کوئی قدم اٹھائیں ۔ نویں گھر کا مالک اچھی پوزیشن میں نہیں ہے اس لئے پہلے بیس دن غیر ملکی یا ملکی سفر کے سلسلے میں منحوس ثابت ہوں گے ۔ کسی حقیقی دوست کی مدد سے بھی آپ کا کوئی اہم مسئلہ بہ آسانی حل ہوگا ۔ ملازمت کرنے والے حضرات بہت زیادہ محتاط ہو کر اپنے فرائض انجام دیں ۔ اس ماہ کچھ گڑبڑ ہونے کا اندیشہ ہے ۔ والدین کے ساتھ بھی رابطہ مضبوط نہ رہ سکے گا ۔ سیاسی و سماجی کارکن باوجود کوشش کے اپنی ساکھ بحال نہ کر سکیں گے گھریلو ماحول میں کسی تبدیلی کا امکان نہیں ہے ۔ دوسرے غیر ضروری حادثے میں اولاد کی وجہ سے بدنامی کا خطرہ ہے ۔ بہ سلسلہ تعلیم مایوسی ہوگی ۔ عشق و محبت کے معاملات قدرے الجھ جائیں گے ۔ منگنی انتہائی کوشش کے بعد ہو سکتی ہے ۔

خواتین : یہ مہینہ بھی بہت محتاط ہو کر گزارنا پڑے گا ۔ آپ کے ذاتی ستارے کی پوزیشن قدرے بہتر نہ ہوتی تو یہ حالات آپ کو انتہائی خطرناک موڑ پہ لے آتے بہر حال اب ایسا نہیں ہوگا تاہم بچاؤ کی کوئی نہ کوئی صورت ضرور نکلتی رہے گی ۔ نویں گھر کا مالک سیارہ زحل بہ تقابل سیارہ مریخ زائچے کے گیارہویں گھر پر بری طرح غالب ہے اس لئے اپنے قریبی رشتہ داروں پر ضرورت سے زیادہ اعتماد نہ کیجئے کوئی بدنیت رشتہ دار آپ کے پرانے مخالفین کے ساتھ اندرونی گٹھ جوڑ کر کے نقصان پہنچانے کی کوشش کرے گا اگر آپ محتاط نہ رہیں تو بہر طور مالی نقصان ہوگا ۔ کسی بھائی یا بہن کو شدید بیماری یا حادثے سے دوچار ہونا پڑے گا ۔ آپ خود بھی ملکی یا غیر ملکی سفر سے اجتناب برتیں ۔ دوران سفر کسی بھی قسم کا نقصان ہو سکتا ہے ۔ اپنے اخراجات مزید کم کر دیں تاکہ قرض نہ لینا پڑے ۔ دوسرے تیسرے ہفتے کے دوران غیر متوقع طور پر آپ کو خاصی رقم کسی نہ کسی ذریعے سے ملے گی ۔ اسے محفوظ کر لیں تاکہ آگے چل کر یہ محفوظ رقم کسی اہم موقع پر آپ کی اچھی مددگار ثابت ہو سکے ۔ بہ سلسلہ جائیداد باہمی لین دین صلح و صفائی کے ساتھ معاملات طے کرنے کی کوشش کریں ۔ مقدمہ بازی کا نتیجہ آپ کے موافق نہیں نکلے گا ۔ آپ کے گھریلو حالات بہتر رہیں گے لیکن ذرا اپنے مزاج پر قابو رکھیں ۔ حتی الامکان شوہر سے کسی بات پر اختلاف نہ کریں ورنہ صورت حال بگڑ بھی سکتی ہے ۔ اولاد کی وجہ سے پریشانی میں اضافہ ہو جائے گا ۔ کوئی قریبی شخص اس ماہ بھی فریب دے سکتا ہے ۔ لہٰذا کسی کی بھی چکنی چپڑی باتوں پر آنکھیں بند کر کے بھروسہ نہ کریں خصوصاً غیر شادی شدہ لڑکیوں کو تو بہت زیادہ محتاط رہنے کی ضرورت ہے ۔ من پسند فرد کے ساتھ رشتہ طے پانے کی کوئی توقع نظر نہیں آتی ۔ البتہ والدین کی پُرخلوص کوشش کے نتیجے میں بمشکل اس ماہ کسی مناسب جگہ رشتہ طے پانے کی توقع رکھی جا سکتی ہے ۔ بہ سلسلہ تعلیم مایوسی بڑھے گی ۔ ملازمت میں بھی گڑبڑ کا اندیشہ حسب سابق موجود ہے ۔ والدین سے علیحدگی بھی ہو سکتی ہے ۔ دیگر تمام حالات حسب سابق رہیں گے ۔

ماہ رواں کی ۲ - ۸ - ۹ - ۱۲ - ۱۷ - ۲۱ - ۲۲ - ۲۸ ویں تاریخ خاصی منحوس ہیں ۔

برج جوزا	★ سیارہ عطارد
منسوبہ حروف	ک ۔ ق ۔ خا ۔ خ

اس ماہ سیارہ زحل کی جہت نئی الجھنیں ذہن کا بوجھ بن کر آپ کی داخلی صلاحیتوں کو بہت حد تک متاثر کر سکتی ہے ۔ لہٰذا آپ اہم معاملات کے سلسلے میں پہلے سے بھی زیادہ احتیاط برتیں کیونکہ اس ماہ آپ کی کسی بھی سلسلے میں معمولی بے احتیاطی کسی بڑے نقصان کی بنیاد بن سکتی ہے ۔ ماہ رواں کے دوران محض جلد بازی کے تحت اپنی ایک انتہائی مفید اور منافع بخش اسکیم کو غلط طریقوں سے بروئے کار لا کر خراب کر دیں گے اس میں تو کسی قسم کا شبہ نہیں کہ آپ کی یہ اسکیم اور منصوبہ بندی اعلیٰ ترین صلاحیتوں کا نتیجہ تھی جس کے سبب آپ نہ صرف کثیر دولت بلکہ غیر معمولی شہرت بھی حاصل کر سکتے تھے لیکن یہ سیارے بھی عجیب ہیں کہ اپنے ہوتے ہوئے بھی اپنوں سا برتاؤ نہیں کرتے بلکہ بعض اوقات سخت مخالف بن کر متعلقہ فرد کی خواہشات و امنگوں کا گلا اپنی نحوستی چھری سے بے دریغ کاٹ دیتے ہیں ۔ زحل اور مریخ کا مقابلے کے گھر قیام کسی قریبی دوست کو بھی بیوفائی اور وعدہ خلافی کرنے پر اکسا رہا ہے ۔ یہ نام نہاد دوست آپ کی کسی

کمزوری سے ناجائز استفادہ کرنے کی کوششوں میں مصروف رہے گا۔ ممکن ہے کہ آپ کو بلیک میلنگ کا شکار بھی بنایا جائے۔ اگر ایسا ہی ہو جس کا کہ امکان زیادہ ہے تو آپ اس کی توقعات پہ پانی پھیر دیجئے۔ اس کی کسی بھی بات کا کوئی اثر قبول نہ کریں اور نہ ہی اس کی گیدڑ بھبکیوں سے مرعوب ہوں۔ کیونکہ اس ماہ بھی ستارہ عطارد کی معیت آپ کا بھرپور ساتھ دے گی۔ لیکن شرط یہ ہے کہ آپ بھی اپنی جدوجہد جاری رکھیں۔ کیونکہ تقدیر بھی اسی کا ساتھ دیتی ہے جو تدبیر پر بھی یقین رکھتا ہو۔ زائچے کے پانچویں گھر کا مالک سیارہ زہرہ پہلے گھر پہ اثر انداز ہو کر حسب سابق بہ سلسلہ عشق و محبت الجھنوں میں مزید اضافہ کر دے گا۔ آپ کے ذہن پر جنس مخالف کا دباؤ کچھ زیادہ ہی نظر آ رہا ہے۔ خود پر کنٹرول ہی رکھیں ورنہ عمر بھر کی نیک نامی داغدار ہو کر رہ جائے گی اور ہاتھ بھی کچھ نہیں آئے گا۔ کاروبار کی پوزیشن قدرے بہتر رہے گی۔ لیکن آمدنی میں اضافہ قدرے مشکل نظر آتا ہے کیونکہ آٹھویں دوسرے گھر کا مالک تو سیارہ زحل ہے ہی لیکن دوسرے میں سیارہ شمس کی موجودگی آمدنی کی راہ میں رکاوٹ بھی بن گئی ہے۔ خاص طور پر مہینے کے پہلے بیس دنوں کے دوران غیر معمولی رقمی فائدہ حاصل ہونے کی امید نہیں ہے۔ بلکہ اگر بہ سلسلہ کاروبار آپ کے غلط اندازوں یا دوسرے افراد پر ضرورت سے زیادہ اعتماد کی بنا پر غیر متوقع طور پر کچھ رقم ضائع ہو جانے کا اندیشہ زیادہ ہے۔ پہلے پندرھواڑے کے دوران کسی بھی کام کے سلسلے میں زیادہ سرمایہ کاری کرنے کی غلطی ہرگز نہ کریں ورنہ سوائے نقصان کے اور کچھ حاصل نہ ہو سکے گا۔ آپ اس وقت جو کام بھی کرتے ہیں اسے ہی خصوصی توجہ و دلچسپی کے ساتھ کرتے رہیے۔ کاروبار نو کا آغاز کم از کم اس ماہ تو ہرگز نہ کریں مشترکہ کاروبار حسب سابق چلتا رہے گا۔ لیکن اس مشترکہ بزنس میں بھی آپ ذاتی طور پر دلچسپی لیتے رہیے محض شریک کار پر ہی سب کچھ چھوڑ کے رکھنے سے حسب توقع فائدہ ہونے کی توقع نہیں ہے۔ آخری دس دنوں کے دوران زائچے کے دوسرے گھر میں سیارہ زہرہ کا قیام مالی لحاظ سے قدرے بہتر ثابت ہو سکتا ہے۔ چنانچہ نہ صرف آمدنی میں اضافہ ہوگا بلکہ کسی بھی وجہ سے کثیر رقم آپ کو مل جائے گی۔ اگر توقع کے مطابق رقم مل جائے تو اسے حفاظت سے رکھ لیں تاکہ کسی اہم ضرورت کے موقع پر یہ محفوظ رقم مددگار ثابت ہو سکے۔ اگر آپ مقروض ہیں تو پھر رقم ملتے ہی قرضہ ادا کر دیں ورنہ لین دار آپ کے خلاف سخت قسم کا ایکشن لینے پر مجبور ہو جائے گا۔ ہو سکتا ہے کہ معاملات تھانے یا عدالت تک جا پہنچیں۔ بہ سلسلہ جائیداد تنازعہ بڑھ جائے گا۔ جائیداد کی خرید و فروخت اس ماہ ہرگز نہ کریں نقصان ہونے کا اندیشہ زیادہ ہے۔ قریبی عزیزوں کے ساتھ تعلقات قدرے مضبوط ہوں گے۔ دوسرے یا تیسرے ہفتے کے دوران کسی نزدیکی سفر کی بدولت آپ کی کوئی دیرینہ خواہش پوری ہو سکے گی۔ البتہ اس ماہ غیر ملکی سفر کرنے سے گریز کریں۔ کسی غیر ملکی فرم کے ساتھ کیا گیا کاروباری معاہدہ بھی ختم ہوتا نظر آ رہا ہے۔ اگر آپ ریکروٹنگ ایجنٹ ہیں تو اپنے غیر ملکی دوست پر ویزوں وغیرہ کے سلسلے میں زیادہ بھروسہ نہ کریں۔ پہلے پندرھواڑے کے دوران آپ کا ذہن خاصا الجھا رہے گا۔ درد سر یا آنکھوں کا کوئی مرض بھی پریشانی کا سبب بن سکتا ہے۔ بہ سلسلہ تعلیم کامیابی حاصل رہے گی۔ متعلقہ شعبہ میں بہ آسانی داخلہ مل جائے گا۔ ملازمت میں ترقی ہوگی۔ افسران سے تعلقات مضبوط ہوں گے۔ والدین سے وابستہ کوئی توقع پوری ہو سکے گی۔ گھریلو ماحول بہتر ہی رہے گا۔ اولاد کی طرف سے تفکرات میں بہت حد تک کمی ہو سکے گی۔ غیر شادی شدہ افراد کا رشتہ کسی مناسب جگہ طے پا سکے گا۔ دیگر تمام حالات حسب سابق رہیں گے۔

خواتین: اس میں کوئی شک نہیں کہ آپ کا شمس ستارہ زحل بہ مقابل مریخ زائچہ عام کے دسویں گھر فروکش ہو کر امیدوں کے چراغ بجھانے کی کوشش ضرور کرے گا۔ لیکن آپ مایوس نہ ہوں کیونکہ اس ماہ بھی سیارہ عطارد آپ کا مددگار ثابت ہوگا اور اس کی معیت کے سبب توقعات کے نئے چراغ بھی روشن ہو جائیں گے۔ قریبی رشتہ داروں کے ساتھ تعلقات قدرے مضبوط ہوں گے کسی نئی رشتہ داری کے قائم ہونے کا بھی امکان زیادہ نظر آتا ہے۔ اس کے باوجود محتاط رہنے کا مشورہ ضرور دیں گے آپ اپنے رشتہ داروں کے ساتھ غیر محدود میل جول نہ رکھیں کیونکہ کوئی نہ کوئی رشتہ دار اندرونی مخالفت بھی کر سکتا ہے نزدیکی سفر پہلے پندرھواڑے میں اگر پیش آئے تو ضرور کیجیے بفضل خدا اس سفر کے ذریعہ کچھ نہ کچھ لازمی

حاصل ہو سکے گا۔ مہینے کے آخری کسی عرصے کے دوران غیر متوقع طور پر کہیں سے
کثیر رقم ملے گی اسے حفاظت سے رکھیں جلد ہی کسی اہم کام کے سلسلے میں
یہ محفوظ رقم مددگار ثابت ہو سکے گی۔ کسی سے قرض لینا یا کسی کو قرض دینا بہتر
نہیں ہے اس لئے جان بوجھ کر خود کو لاحاصل اذیت کا شکار نہ بنائیے آپ
کا دماغ عجیب و غریب خیالات کے بوجھ تلے دبا سا رہے گا۔ خود کو ہر وقت
مصروف رکھیں اور زیادہ سوچ بچار نہ کریں ورنہ کوئی دماغی مرض لاحق ہو جائے
گا۔ آنکھوں یا کانوں کی کوئی بیماری بھی پریشانی کا باعث بن سکتی ہے۔ گھریلو
ماحول خاصا خوشگوار رہے گا۔ شوہر سے وابستہ توقعات پوری ہوں گی۔ البتہ
رہائش کے سلسلے میں کسی نئی الجھن کا سامنا ہوگا۔ جائداد کے مقدمہ یا جھگڑے
میں آپ کی پوزیشن قدرے کمزور ہوتی نظر آ رہی ہے۔ زائچے کے پہلے گھر میں
سیارہ زہرہ کی موجودگی آپ کے مزاج کو قدرے جذباتی بنا سکتی ہے۔ یہ
مہینہ بھی محتاط رہنے کا درس دیتا ہے۔ کوئی قریبی شخص اس ماہ بھی آپ کی
بدنامی کا باعث بن سکتا ہے۔ لہٰذا کسی بھی شخص پر ضرورت سے زیادہ
بھروسہ کرنا عقلمندی نہیں ہے۔ تعلیمی معاملات مرضی کے مطابق طے پا
سکیں گے۔ مطلوبہ شعبے میں بہ آسانی داخلہ مل سکے گا۔ ملازمت کرنے
والی خواتین ترقی حاصل کر سکیں گی۔ آمدنی و اخراجات یکساں رہیں گے
سہیلیوں پر زیادہ بھروسہ نہ کریں۔ غیر شادی شدہ لڑکیوں کا رشتہ
کسی بہتر جگہ طے پا سکیگا۔ دیگر حالات حسب سابق رہیں گے۔

ماہ سرطان کی ۳-۸-۱۱-۱۵-۲۲-۲۶ تاریخ نحس ثابت ہوں گی۔

گزشتہ ماہ جن حالات سے آپ دوچار ہوئے اس کی نشاندہی
تو ہم نے قبل از وقت ہی کر دی تھی خصوصاً دوسرے پندرہواڑے میں جن
خطرناک حالات و مشکلات کا سامنا کرنا پڑا انہیں فراموش نہ کیجئے بلکہ
آپ کو اپنی غلطیوں کا احساس ہو جانا چاہئے اس طرح شاید آپ خود کو بدل سکیں
ہم پہلے بھی متعدد بار آپ کو پُرخلوص مشورے دے چکے ہیں۔ کاش آپ
خود سری اور ہٹ دھرمی کے تباہ کن طریقے کو چھوڑ کر ان راہوں کو اختیار کر
لیتے جن کی ہم نشاندہی کرتے رہے ہیں۔ اب بھی وقت ہے خود کو بدلنے کی
کوشش کیجئے۔ اس دنیا میں یہ چند روزہ زندگی گزارنے کے لئے بھی
ایک لائحہ عمل مرتب کرنے کی ضرورت ہر انسان کو ہوتی ہے اور جو شخص
معینہ اصولوں و ضابطوں سے ہٹ کر چلنے کی کوشش کرتا ہے وہ کبھی
سیدھے راستے پر نہیں آ سکتا بلکہ بھٹکتا رہتا ہے۔ منزل اس کے سامنے ہوتی
ہے لیکن وہ منزل تک نہیں پہنچ پاتا۔ زائچے کے پہلے گھر سیارہ شمس کی
موجودگی ۲۰ تاریخ تک آپ کو ذہنی طور پر بہت زیادہ پریشان کرتی رہے گی۔
مزاج حسب معمول گرم ہی رہے گا۔ اور آپ جذباتیت کا مظاہرہ جا بجا کرتے
رہیں گے ظاہر ہے کہ اس طرح آپ کے دشمنوں کی تعداد میں مزید اضافہ ہو سکتا
ہے۔ بہتر یہی ہے کہ آپ ان لاحاصل جذباتی قسم کے اقدامات پر از خود ہی پابندی
لگا دیں ورنہ حالات کی پوزیشن اور بھی نازک ہو جائے گی۔ کسی کے ساتھ بھی
الجھنے کی غلطی کم از کم اس ماہ تو ہرگز نہ کریں خصوصاً رقمی لین دین کے سلسلے
میں جھگڑا فساد انتہائی تشویشناک نتائج کی بنیاد بن سکتا ہے۔ نہ صرف آپ
کو جسمانی طور نقصان پہنچے گا بلکہ معاملات تھانے یا عدالت تک جا پہنچیں گے
ظاہر ہے کہ یہ صورت حال ایسی تو نہیں کہ جس پر فخر کیا جا سکے۔ اس ماہ بھی ہم آپ
کو یہی رائے دیں گے کہ اگر آپ کچھ حاصل کرنا چاہتے ہیں تو پھر خود ساختہ فضول
اصولوں کو بدل دیجئے۔ ہر کام میں خاطر خواہ دلچسپی لے کر اسے تکمیل تک پہنچانے کا
عزم کریں محض سہاروں کی تلاش میں ادھر ادھر بھاگتے پھرنا عقلمندی تو
نہیں ہے اس طرح تو آپ کی اپنی صلاحیتوں کو زنگ لگتا چلا جائے گا۔ یہ
بھی حقیقت ہے کہ دوسرے گھر کا مالک سیارہ شمس کاروباری معاملات
کے سلسلے میں آپ کی حسب سابق کافی مدد کرے گا۔ لیکن شرط یہ ہے کہ آپ بھی
معینہ کاروباری اصولوں سے انحراف نہ کریں جو چانس بھی ملے اس سے فوری طور
پر استفادہ کرنا ہرگز نہ بھولیں۔ ان لوگوں سے دوبارہ رابطہ قائم کریں جنہوں
نے محض آپ کی غلط روش کے سبب کاروباری لین دین بند کر رکھا ہے۔
انہیں کسی نہ کسی طرح یقین دلا دیں کہ آئندہ آپ اپنی من مانی نہیں کریں گے۔
اور ایک اچھے کاروباری انسان کی طرح ان کے ساتھ تعاون کرتے رہیں گے۔
ہمیں یقین ہے کہ اگر آپ نے نئے عزم اور حوصلے کے ساتھ اس نئے راستے پر چلنے

حقیقی بہروپ کے ساتھ مل کر چلنے کی کوشش کا آغاز کر دیا تو پھر بفضل خدا بہت جلد آپ اپنی کھوئی ہوئی منزل پانے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ اپنے موجودہ بزنس میں کسی قسم کی تبدیلی ہرگز نہ کریں۔ پہلے پندرھواڑے کے دوران بعض امور کے سلسلے میں انتہائی پریشان کن دشواریوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اگر آپ نے ہمت نہ ہاری تو آخر کار نتائج بہت حد تک آپ کی منشا کے مطابق نکلیں گے۔ دوسرے یا تیسرے ہفتے کے دوران اچانک کسی بھی جگہ سے خاصی رقم ملنے کا بھی امکان ہے جس کی وجہ سے آپ اپنے چند الجھے ہوئے گھریلو حالات کو آسانی کے ساتھ سلجھا سکیں گے۔ اپنے اخراجات حتی الامکان گھٹا دیجیے تاکہ پریشانیوں کا یہ اذیت ناک جال مزید مضبوط نہ ہو سکے۔ اگر آپ سیاسی یا سماجی کارکن ہیں تو بہر حسب سابق احتیاط پسندی کا دامن مضبوطی کے ساتھ تھامے رکھیے۔ اپنا طرز عمل بھی بدلنے کی کوشش کیجیے ورنہ گو موجودہ سیارہ زحل درپیش آپ کو کہیں کا بھی نہیں چھوڑیں گے۔ آپ کے دیرینہ دشمن آپ سے نئے طریقہ کار کے تحت معاندانہ رویہ اپنائیں گے۔ آپ بھی مقابلے کے لئے سیاسی انداز اختیار کر لیں مگر دست کھول کر جواب دینا آپ کے لئے بہتر ثابت نہ ہو سکے گا۔ اپنے سیاسی فیصلوں وغیرہ میں بھی تھوڑی سی لچک پیدا کر لیجیے تاکہ عوام اور خواص قریب آ سکیں۔ اگرچہ آپ کے بعض ساتھی ہر لحاظ سے قابل بھروسہ ہیں لیکن اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ آپ اپنی ذاتی صلاحیتوں کو ایک طرف رکھ کر ان ہی کے مشوروں پر عمل پیرا ہو جائیں۔ پہلے اور آخری ہفتے کے دوران اندرون خانہ کسی فرد کی بیماری کے سبب اخراجات اور پریشانی میں اضافہ ہو گا۔ آپ کی صحت بھی خراب ہو سکتی ہے۔ رشتہ داروں کے ساتھ اختلافات میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ اس ماہ بھی کسی قریبی عزیز سے دائمی جدائی ہو سکتی ہے۔ اندرون ملک نزدیکی سفر ہرگز نہ کریں۔ البتہ غیر ملکی سفر جو کہ بسلسلہ ملازمت ہو خوشی کا باعث بن سکتا ہے۔ ملازمت سے تعلق رکھنے والے افراد کے حالات مزید خراب ہوں گے۔ معزولی کا اندیشہ زیادہ ہے گھریلو ماحول غیر تسلی بخش رہے گا۔ منگنی یا شادی کا امکان آخری ہفتے کے دوران ہے۔ بسلسلہ تعلیم جزوی کامیابی ہو سکے گی۔

خواتین: اس ماہ بھی حالات غیر تسلی بخش رہیں گے۔ سیاروں کی کیفیت تو پہلے سے بھی زیادہ خطرناک ہو چکی ہے۔ چھٹے گھر مشتری اور تیسرے گھر مریخ بسلسلہ ملازمت کسی نئی گڑبڑ کا شکار رہے گی۔ افسران سے تعلقات کشیدہ ہوں گے اپنے فرائض پوری ذمہ داری کے ساتھ پورے کریں معمولی سی بے احتیاطی یا لاپروائی ملازمت کے خاتمے کا سبب بن سکتی ہے۔ والدین کے ساتھ بھی تعلقات معمول کے مطابق نہ رہ سکیں گے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ والد یا والدہ کو کسی پریشانی یا حادثے سے دوچار ہونا پڑ جائے۔ نئی ملازمت انتہائی کوشش کے باوجود نہ مل سکے گی۔ سیارہ شمس کی چھٹے گھر خانہ نمبر موجودگی مہینے کے پہلے بیس دنوں کے دوران آپ کو ذہنی طور پر کافی پریشان کرے گی۔ بعض اوقات آپ بلا کسی خاص وجہ کے خوف اور اندیشوں کا شکار رہیں گی۔ آپ کا مزاج بھی اکثر گرم رہے گا۔ اور بعض معاملات کے سلسلے میں آپ کے جذباتی فیصلے نقصان کا موجب بھی بن جائیں گے۔ ان فیصلوں کا خمیازہ آپ کی گھریلو زندگی پر بھی پڑے گا۔ بہتر یہی ہے کہ اپنے مزاج کو حتی الامکان سرد رکھا جائے ورنہ شوہر سے علیحدگی کا بھی اندیشہ ہے۔ ان کی صحت بھی تشویشناک حد تک خراب ہو سکتی ہے۔ پہلے دس دنوں کے دوران آپ خود بھی امور خانہ داری انجام دیتے ہوئے احتیاط برتیں آگ سے جلنے کا خطرہ زیادہ ہے۔ مہمانوں کی آمد و رفت کے سبب اخراجات میں بھی غیر معمولی اضافہ ہو جائے گا۔ رشتہ داروں سے تعلقات مضبوط نہ ہو سکیں گے۔ بھائیوں سے اختلافات بڑھ جائیں گے۔ والدین سے وابستہ توقعات بھی پوری نہ ہو سکیں گی۔ کسی قریبی عزیز سے دائمی جدائی ہو گی۔ نزدیکی سفر ہرگز نہ کریں۔ دوران سفر نقصان مال ہو سکتا ہے۔ غیر ملکی سفر بسلسلہ زیارت یا سیر و تفریح بہتر ثابت ہو گا۔ ملازمت کے سلسلے میں غیر ملکی سفر کرنا نقصان دہ رہے گا۔ دوسرے یا تیسرے ہفتے کے دوران کہیں نہ کہیں سے کثیر رقم مل جائے گی۔ اسے اگلے وقتوں کے لئے رکھ لیجیے۔ تاکہ بوقت ضرورت کے موقعہ پر یہ بچت شدہ رقم مددگار ثابت ہو سکے۔ بسلسلہ تعلیم جزوی کامیابی ہو گی۔ اپنے پرس میں زیادہ رقم نہ رکھیں کیونکہ رقم گم ہونے کا بھی اندیشہ ہے۔ غیر شادی شدہ لڑکیوں کی منگنی یا شادی کا امکان آخری ہفتے کے دوران ہے۔ دیگر تمام حالات حسب سابق رہیں گے۔

ماہ رواں کی ۸-۱۱-۱۵-۱۶-۲۱-۲۲-۲۷ تاریخ خوش نصیب ہے

دیکھو کہیے کہ ہمارے دیے گئے مشورے آپ کے لئے کس حد تک بہتر ثابت ہوئے ہیں۔ ہمارے مشوروں کو سامنے رکھ کر آپ نے بھی کافی ہمت باندھے رکھی۔ حالات نا مساعدہ کی موجودگی میں بھی جدوجہد کا عمل جاری رہا۔ نتیجتاً حالات بھی اتنے خراب نہیں ہوئے جتنا کہ اندیشہ تھا۔ اس ماہ بھی آپ کا ذاتی سیارہ مشتری قدرے اچھی پوزیشن کا مالک ہے۔ سیارہ مشتری اور زہرہ کی اعانت کے سبب چند اہم معاملات آپ بہتر انداز میں طے کر سکیں گے۔ اپنے ذہن سے ان تمام تجاویز اور اسکیموں کو باہر لے آئیے جو کہ آپ کافی عرصے سے مرتب کر رہے ہیں اور خواہش رکھنے کے باوجود ان پر عمل کرنے کی ہمت بھی اب تک نہ کر سکے تھے۔ انشاء اللہ یہ مہینہ ہر حد تک آپ سے تعاون کرے گا۔

ستارہ ... کا کیا ہوں گھر قیام چند اہم شخصیتوں کے ساتھ آپ کے اہم کام تمام کرے گا چنانچہ یہ اہم لوگ بسلسلہ کاروبار آپ سے خاصا تعاون کر سکیں گے۔ خاص طور پر بسلسلہ تعمیرات سرکاری ٹھیکے وغیرہ آپ بآسانی حاصل کر سکیں گے۔ گزشتہ ماہ جن راہوں کو اختیار کر کے آپ ناکامی کی منزل تک جا پہنچے تھے اب دوبارہ انہی راستوں کو اب بھیجے اس بار آپ کی کامیابی یقینی ہے۔ آپ اپنے کاروبار میں تھوڑی سی تبدیلی کر لیں اور پوری محنت اور جدوجہد کے ساتھ اسے وسعت دینے کی کوشش کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آپ کی یہ کوششیں بار آور ہوں گی اور آپ وہ سب کچھ پا لیں گے جس کی کہ تمنا عرصہ دراز سے آپ دل میں رکھتے ہیں۔ آمدنی میں اضافہ ہوگا۔ اگر آپ گزشتہ تین ماہ کے دوران ستاروں کی گردش کے سبب مقروض ہو چکے ہیں تو پھر سب سے پہلے اپنا قرضہ ادا کر دیں تا کہ کسی شخص کو کچھ کہنے یا بلانے کی جرأت نہ ہو سکے۔ اگر آپ کا کاروبار مشترکہ ہے تو پھر شریک کار پر زیادہ بھروسہ نقصان کا موجب بھی بن سکتا ہے۔ قریبی رشتہ داروں سے تعلقات قدرے مضبوط ہوں گے۔ خصوصاً پہلے تین ہفتوں کے دوران کسی نئی رشتہ داری کے قائم ہونے کی بھی توقع ہے۔ ... کی سفر شروع کریں۔ یہ سفر وسیلۂ ظفر بن سکے گا البتہ غیر ملکی سفر اگر ... نہ کریں ورنہ نقصان ہوگا۔ بزرگان روحانی سے رجوع ... ملازمت سے تعلق رکھنے والے حضرات بھی سیارہ عطارد کی معیت سے استفادہ کر سکیں گے۔ نئی ملازمت ملنے کا بھی امکان ہے۔ موجودہ ملازمت میں کسی اعلیٰ افسر کی مہربانی کے سبب ترقی ہوگی مگر آپ تھوڑی سی کوشش کریں تو حسب منشاء جگہ تبادلہ بھی ہو سکے گا۔ بھائیوں سے مخالفت ختم ہو سکے گی۔ بسلسلہ جائداد آپ کی بنائی ہوئی کوئی اسکیم کامیابی سے ہمکنار ہوگی۔ خاندانی جائداد یا مطلوبہ پلاٹ حاصل ہوگا۔ دوستوں کی تعداد میں غیر معمولی اضافہ ہو سکے گا۔ اگر آپ سماجی یا سیاسی کارکن ہیں تو پھر یہ مہینہ آپ کی دیرینہ آرزوؤں کو پورا کرے گا۔ کوئی مخالف آپ سے صلح کرنے پر آمادہ ہوگا اگر ایسا امکان پیدا ہو جائے تو پھر تاخیر نہ کریں اور فوراً ہی صلح کر لیں اس طرح آپ ... فوائد ... ہو جائیں گے۔ فرحات میں بھی مزید اضافہ ہوگا۔ ممکن ہے کہ اس ماہ بن بلائے مہمانوں کی آمد و رفت کا سلسلہ قدرے تیز ہو جائے۔ آپ کے گھریلو حالات تو بہتر رہیں گے لیکن دوسرے چند ہفتوں کے دوران شریک حیات کی صحت کافی خراب ہوگی۔ ان کے علاج کی جانب سے غفلت نہ برتیں ورنہ کوئی خطرناک مرض لاحق ہو جائے گا۔ شریک حیات کے ساتھ آپ رہنے کا موقع زیادہ ملے گا۔ کسی نئے انسان کی آمد کا بھی امکان ہے لیکن نومولود کی صحت بھی قدرے خراب ... اپنے اندھے جذبات پر قابو پانے کی کوشش کریں۔ اس ماہ ... کافی کمزور ہے۔ کہیں یہ جذباتی فیصلہ آپ کو لے نہ ڈوبے۔ محض محبوب کی چاہت پر اعتبار کر کے تم ہو سے اس راہ پر آگے بڑھنا آپ کے لئے انتہائی خطرناک ثابت ہوگا۔ ہم عشق و محبت کے ان چکروں کی وجہ سے آپ کو مبتلائے مصیبت ہوتا دیکھ رہے ہیں۔ غیر شادی شدہ افراد کی منگنی وغیرہ کا امکان تو ہے لیکن اس سلسلے میں پریشانی ... ہوگی۔ شادی شدہ حضرات اپنی اولاد کی جانب خصوصی توجہ دیں۔ جوان اولاد سے جھگڑے یا علیحدگی کا خطرہ ہے۔ بسلسلہ تعلیم پابندی رہے گی۔ آخری ہفتے کے دوران کسی غلطی یا غلط اندازے کی بنا پر کچھ رقم ضائع ہو سکتی ہے۔ دکان یا مکان میں چوری ہونے کا بھی اندیشہ ہے۔ مجموعی طور پر یہ کہنا غلط نہیں کہ یہ ماہ ... گزشتہ ماہ سے قدرے بہتر رہے گا۔

خواتین: اس ماہ بھی آپ کے زائچے کا ... مگر بہت زیادہ فکر مند ہے۔ اپنے جذبات کے اندھے کنوئیں میں چھلانگ لگانے کی غلطی ہرگز نہ کریں۔ یہ دنیا بڑی ہی عجیب ہے۔ لوگ اپنے چہروں پر شرافت کا نقاب سجا کر معصوموں کو دن دہاڑے لوٹ لیتے ہیں۔ ہم نے گزشتہ ماہ بھی محتاط رہنے کا مشورہ دے دیا تھا۔ ہم دیکھ رہے ہیں کہ اس ماہ بھی آپ کے جذبات بیباکی کی حدود میں داخل ہونے پر کچھ زیادہ ہی کمربستہ رہیں گے۔ اگر آپ نے حقائق کی جانب سے چشم

بوششی کرتے ہوئے آگے قدم بڑھاتے ہیں تو پھر دلفریب اجالے ہی اندھیروں کا روپ دھار لیں گے اور یہ اندھیرے کی دبیز چادر آپ پر کچھ اس طرح مسلط ہوگی کہ آپ کی زندگی کا ہر ارمان گھٹ کر رہ جائے گا۔ اور آپ خاطرہ کا رستا ناسور بن کر ہمیشہ کے لئے آنسوؤں کے گہرے سمندر میں ڈوب جائیں گی۔ بہ سلسلۂ تعلیم بھی پوزیشن قدرے کمزور رہے گی۔ شادی شدہ خواتین کے گھریلو حالات بفضلِ خدا بہتر ہی رہیں گے۔ شریکِ حیات سے وابستہ توقعات پوری ہوں گی۔ مالی پوزیشن بھی قدرے مضبوط ہی رہے گی۔ اگر آپ حاملہ ہیں تو بہت زیادہ احتیاط برتیں آپ کی صحت خراب ہو جانے کا اندیشہ ہے۔ اس ماہ صاحبزادی کے تولد ہونے کی بھی امید ہے لیکن بچی بہت کمزور ہوگی اور بعد از پیدائش اس کی صحت بھی تشویشناک حد تک خراب ہو سکتی ہے۔ مخالفوں سے صلح کا امکان ہے۔ قریبی رشتہ داروں کے ساتھ بھی تعلقات قدرے مضبوط ہوں گے۔ خصوصاً بھائیوں سے فائدہ ہوگا۔ جائداد کا الجھا ہوا مسئلہ بھی حل ہو جائے گا۔ نزدیکی سفر بہ خوشی کریں۔ البتہ غیر ملکی سفر حتی الامکان نہ ہی کریں تو بہتر ہے۔ مجموعی طور پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس ماہ چند اہم کاموں کے سلسلے میں آپ حسبِ منشا کامیابی حاصل کر سکیں گی۔

اس ماہ کی ۲-۷-۱۲-۱۷-۲۱-۲۲-۲۸ تاریخ بہتر نہیں ہے۔

اس ماہ ستاروں کے اثرات عجیب و غریب رہیں گے۔ آپ کا دوست سیارہ مریخ تو گذشتہ مہینے سے ہی سیارہ زحل کے مقابل ہے اگرچہ بعض اہم کاموں کے سلسلے میں دشواریاں پیدا کر چکا ہے خصوصاً گذشتہ ماہ کا دوسرا نصف حصہ آپ نے جس طرح گذارا اس سے آپ بھی اچھی طرح واقف ہیں۔ چنانچہ اس ماہ بھی بعض اہم امور کے سلسلے میں بڑی سخت جدوجہد کرنے کے بعد ہی کچھ حاصل ہوگا۔ یہ بھی ممکن ہے کہ انتہائی جدوجہد کا نتیجہ توقع کے مطابق نہ نکلے یہ بھی ممکن ہے کہ آپ بہت حد تک کامیاب بھی ہو جائیں۔ کامیابی یا ناکامی کا انحصار آپ کی کوشش اور حالات پر ہی ہے۔ گویا یہ مہینہ عجیب و غریب انداز سے گذرتا نظر آ رہا ہے۔ فلکیاتی تبدیلیوں کا مکمل جائزہ لینے کے بعد یہ تعیّن ضرور کریں گے کہ حالات خواہ کوئی بھی رخ اختیار کر لیں یا مسلسل ناکامی کا منہ بھی دیکھنا پڑے تو آپ ہمت نہ ہاریں بلکہ کوششوں کا سلسلہ جاری رکھیں تاکہ ستاروں کی نحوست بھی آپ کے عزم کے سامنے بے بس ہو کر رہ جائے۔ چھٹے سیارے گھر میں زحل و مریخ کا منحوس ترین اثر نہ صرف آپ کو ذہنی طور پر خاصا الجھائے رکھے گا بلکہ آپ کے ارد گرد خطرات کے اندھیرے بھی کچھ گہرے ہوتے جائیں گے۔ ظاہر ہے کہ ایسی صورت میں آپ کو یہ پورا مہینہ بڑے ہی محتاط طریقے سے گذارنا پڑے گا۔ اگر کوئی بھی شخص آپ سے بلا کسی وجہ کے بھی تکرار کرنا چاہے تو آپ موقعہ سے ہٹ جانے میں ہی اپنی عافیت سمجھیں۔ اپنے مریخی ہونے کا ثبوت دینے کی غلطی ہرگز نہ کیجئے ورنہ بات بہت بڑھ جائے گی۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کے ہاتھوں کسی کو جانی نقصان پہنچ جائے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ نتیجہ اس کے برعکس نکلے۔ اگر آپ کے پاس کوئی سواری ہے تو اسے احتیاط سے چلائیے۔ خصوصاً آخری ہفتے کے دوران کسی حادثے کا شکار ہونے کا اندیشہ زیادہ ہے۔ اس ماہ آپ اپنی اعلیٰ صلاحیتوں پر بھروسہ کرتے ہوئے بہت کچھ کر دکھانے کی خواہش تو ضرور کریں گے لیکن کوئی نہ کوئی رکاوٹ آپ کے ارادوں کی راہ میں دیوار بن جائے گی۔ بعض امور کے سلسلے میں بلا خواہش آپ کامیاب بھی ہوں گے۔ گویا اس ماہ یہ اندازہ لگانا قدرے مشکل ہوگا کہ کون سا کام ہوگا اور کون سا نہیں ہوگا۔ دماغ پر فضول خیالات کا دباؤ بھی قدرے زیادہ رہے گا۔ سر درد کا عارضہ بھی پریشان کرنے لگے گا۔ بہتر یہ ہے کہ آپ اپنے ذہن کو کچھ عرصے کے لئے ہر فکر سے آزاد چھوڑ دیجئے۔ دوسروں کی تلخ باتیں سن کر بھول بھی جایا کریں۔ انہیں خود پر مسلط کر کے پریشان رہنا کوئی اچھی بات تو نہیں ہے۔ آپ خود کو تبدیل کرنے کی بھی کوشش کریں۔ کسی بھی فرد سے خواہ وہ آپ کے کتنے ہی قریب کیوں نہ ہو بڑی بڑی توقعات وابستہ نہ کر لیا کریں۔ یہ ضروری تو نہیں ہے کہ ہر شخص آپ ہی کی طرح وعدوں کی پابندی کرے۔ آپ کی یہ عادت بھی اچھی نہیں ہے کہ جب کوئی شخص اپنا وعدہ پورا نہ کر سکے تو اس سے تعلقات قطعی توڑ دیئے جائیں۔ اس طرح تو

آپ کے مخالفین کی تعداد بڑھتی چلی جائے گی۔ خود کو اعتدال پسند بنانے کی کوشش کریں۔ کسی بھی سلسلے میں کوئی قدم اٹھانے سے قبل ہر پہلو سے مکمل چھان بین کر لیا کریں۔ ہم یہ مشورہ بھی ضرور دیں گے کہ ہمیشہ اپنی ہی بات پر اڑے نہ رہا کریں کبھی کبھی دوسروں کی بات مان لینے سے بھی الجھے ہوئے مسائل حل ہو جاتے ہیں۔ رہائش کی تبدیلی کا ارادہ ہے تو پھر پہلے ہی پندرھواڑے کے دوران ایسا کر لیں۔ دوسرے پندرھواڑے میں حالات شاید ایسا کرنے کی اجازت نہ دیں۔ آپ کے دیرینہ مخالف حسب سابق سازشوں کا بازار گرم رکھیں گے لیکن بارہویں گھر کا مالک سیارہ شمس آپ کا مددگار ثابت ہوگا۔ اور آپ کسی چکر میں نہیں آ سکیں گے۔ ساتویں گھر کا تعلق اور اتصال زہرہ و عطارد آپ کے تعلقات کسی مقتدر شخصیت کے ساتھ بھی استوار کرانے کا باعث بن سکتا ہے۔ نئی ملازمت کے متمنی حضرات اگر پہلے پندرھواڑے کے دوران حقیقی معنوں میں جدوجہد کر لیں تو بے روزگاری کا خاتمہ لازمی ہوگا۔ سیارہ زحل کی وجہ سے موجودہ ملازمت میں گڑبڑ کا جو اندیشہ تھا وہ سیارہ عطارد کی معیت کے سبب بہت حد تک کم ہو جائے گا۔ اگر آپ موجودہ جگہ سے اپنا تبادلہ ہی کرا لیں تو زیادہ بہتر نتائج برآمد ہوں گے۔ کاروباری حضرات اپنی کوشش جاری رکھیں۔ بفضل خدا کاروبار کی پوزیشن کمزور نہیں ہوگی بلکہ مزید وسعت حاصل ہوگی۔ البتہ آمدنی میں کچھ کمی ہو سکتی ہے۔ دوسرے ہفتے میں کسی بھی وجہ سے کثیر رقم ملے گی اسے حفاظت کے ساتھ رکھ لیں جلد ہی ایک اہم کام کے سلسلے میں یہ رقم غیر معمولی مددگار ثابت ہو سکے گی۔ گھریلو ماحول خاصا بہتر رہے گا۔ شریک حیات سے وابستہ توقعات پوری ہوں گی۔

غیر شادی شدہ افراد کا رشتہ طے پانے کی بھی امید ہے۔ بہ سلسلہ اولاد پہلے بیس دنوں کے دوران کسی نہ کسی الجھن کا سامنا رہے گا۔ من پسند فرد کے ساتھ وابستہ امیدیں پوری نہ ہو سکیں گی۔ بہ سلسلہ تعلیم بھی مایوسی بڑھتی نظر آ رہی ہے۔ اس سلسلے میں اپنی کسی بھی کوشش کا آغاز ۲۰ تاریخ کے بعد کریں۔ رشتہ داروں سے محدود تعلقات ہی رکھیں۔ دوستوں کی وجہ سے حسب سابق پریشانی کا ہی سامنا کرنا پڑے گا۔ غیر ملکی سفر شروع کریں بفضل خدا نتائج شاندار برآمد ہوں گے۔ گھریلو حالات حسب سابق رہیں گے۔ دوسرے پندرھواڑے میں صحت کافی خراب رہے گی۔ [illegible]

خواتین: اس ماہ بھی آپ بہت محتاط ہو کر وقت گزارنے کی کوشش کریں۔ ساتویں و پہلے گھر موجود سیارہ زحل و مریخ آپ کے لئے نت نئے خطرات کا اظہار کر رہے ہیں۔ ذہنی طور پر بھی آپ کافی الجھی رہیں گی۔ فضول قسم کی سوچوں کا دائرہ قدرے وسعت اختیار کرے گا۔ گویا آپ کا دماغ ایسے مسائل کی آماجگاہ بنا رہے گا جو خود ساختہ ہوں گے اور انہیں حل بھی نہ کیا جا سکے گا۔ چنانچہ ان لاحاصل سوچوں کی وجہ سے دوسرے پندرھواڑے کے دوران آپ کی صحت بھی خاصی خراب رہے گی۔ خصوصاً کوئی دماغی مرض لاحق ہو سکتا ہے۔ عارضہ سر درد بھی پریشان کن ثابت ہوگا۔ آپ کا مزاج بھی قدرے گرم رہے گا۔ بہتر یہی ہے کہ حالات کی نزاکت کا احساس کرتے ہوئے خود کو بدلنے کی کوشش کریں۔ اگر حالات کا رخ آپ کی منشا کے خلاف بھی ہو تو جذباتیت کا مظاہرہ خود آپ کے لئے نقصان دہ ثابت ہوگا۔ کسی بھی معاملے میں انتہائی سنجیدہ بن کر خود کو مریض بنا لینا عقلمندی نہیں ہے۔ بہتر طریقے سے کسی بھی مسئلے کو اگر آپ حل کرنے کی کوشش کریں تو کامیابی بھی ہو سکتی ہے۔ بعض معاملات کے سلسلے میں سیارہ عطارد آپ کی غیر معمولی مدد کرتا رہے گا۔ خصوصاً ملازمت سے وابستہ خواتین اپنے مقصد میں بہت حد تک کامیاب ہو سکیں گی۔ بہ سلسلہ ملازمت اگر کوئی گڑبڑ کا اندیشہ ہے تو پھر تھوڑی سی جدوجہد کر کے متعلقہ افسران کو اطمینان دلا دیجئے یقیناً آپ اس جگہ سے نکل سکیں گی۔ کسی بہتر جگہ تبادلہ ہونے کا بھی امکان ہے۔ نئی ملازمت بھی مل سکے گی۔ والدین سے وابستہ توقع پوری ہو سکے گی۔ گھریلو ماحول بھی بفضل خدا کافی حد تک بہتر رہے گا۔ البتہ اولاد کی وجہ سے پریشانی بدستور سابق رہے گی۔ پہلے بیس دنوں کے دوران بہ سلسلہ تعلیم کافی مایوسی رہے گی۔ متعلقہ شعبہ میں باوجود انتہائی کوشش کے داخلہ نہ مل سکے گا۔ البتہ آخری دس دنوں کے دوران کسی مقتدر

شخصیت کی مدد کے سبب جزوی طور پر کامیابی حاصل ہو سکتی ہے۔ غیر ملکی سفر بخوشی کریں۔ نتائج بہتر برآمد ہوں گے۔ رشتہ داروں پر ضرورت سے زیادہ بھروسہ نہ کریں۔ سہیلیوں سے محدود تعلقات ہی رکھیں۔ آمدنی و اخراجات یکساں رہیں گے۔ غیر شادی شدہ لوگوں کا رشتہ والدین کی مرضی کے مطابق طے پا سکے گا۔ من پسند فرد کی طرف سے بے وفائی کا اندیشہ ہے۔

اس ماہ کی ۔ ۵ ۔ ۸ ۔ ۱۷ ۔ ۲۲ ۔ ۲۳ ۔ ۲۸ تاریخ نحس ہے

ہم نے گزشتہ ماہ بھی بڑی تفصیل کے ساتھ ستاروں کے اچھے برے اثرات کی وضاحت کرتے ہوئے حالات کا تجزیہ کیا تھا۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی تلقین کر دی گئی تھی کہ اپنے مزاج پر حد سے زیادہ کنٹرول رکھیں تاکہ آپ کا کوئی جذباتی قدم خود آپ ہی کے لئے پریشانی کا باعث نہ بن جائے۔ آپ نے ہمارے اس مشورے پر کس حد تک عمل کیا اور اس کے کیا نتائج نکلے اس کا اندازہ تو آپ ہی لگا سکتے ہیں۔ اگر آپ نے اپنی صلاحیتوں یا کسی غیبی مدد کی بدولت انتہائی رکاوٹوں یا دشواریوں کے باوجود پچھلا مہینہ سکون کے ساتھ گزار لیا ہے تو اس کا مطلب ہرگز یہ نہ لیں کہ یہ ماہ بھی ایسا ہی ثابت ہوگا۔ اس ماہ تو ستارے بھی آپ کے خلاف کچھ کرنے کا مصمم تہیہ کر بیٹھے ہیں۔ چنانچہ بہت ہی محتاط رہ کر گزارنا ہوگا۔ یہ مہینہ زحل درجہ کا منحوس دور ہوگا۔ مختلف امور کے سلسلے میں آپ کو پریشان کرتا رہے گا۔ ہمت نہ ہاریے اور نئے حوصلے و عزم کے ساتھ ہر کام کو مکمل کرنے کی جدوجہد جاری رکھیں۔ بعض معاملات کے سلسلے میں سیارہ مشتری کسی ماہ بھی آپ کا مددگار ثابت ہوگا۔ پچھلے بیس ۲۰ دنوں کے دوران زائچے کے دوسرے گھر سیارہ شمس اور زائچے کے چھٹے گھر کا مشتری سیارہ زحل کے تحت پڑ گیا تھا نتائج پیدا نہ کر سکے گا۔ بلکہ اس کی نحوست کے سبب مشکلات میں غیر معمولی اضافہ ہو سکتا ہے۔ اس کا تعلق زائچے کے چوتھے گھر سے بھی ہے۔ اس لئے رہائش کا مسئلہ بھی سوہان روح بنا رہے گا۔ یہ سلسلہ بنیادی طور پر مزید شدید رہے گا۔ آپ کی ذہنی صلاحیت بھی متاثر ہوگی۔ مخالفین کی تعداد میں بھی ایکا ایک اضافہ ہوگا۔ ایسے افراد بھی در پردہ آپ کے خلاف افواہیں پھیلائیں گے جو بظاہر آپ کے دوست ہیں۔ ۱۰ تاریخ کے بعد جنس مخالف کی وجہ سے بھی بدنامی اور مالی نقصان ہونے کا اندیشہ ہے۔ کوئی عورت اگر آپ میں زیادہ ہی دلچسپی لے تو اس سے دور رہنے کی کوشش کریں۔ ہو سکتا ہے کہ یہ بھی کوئی مخالفانہ سازش ہی ہو۔ اگر آپ سب کچھ بھول بھال کر اس عورت کے دیوانے بن گئے تو پھر جو کچھ نتیجہ نکلے گا وہ آپ مدتوں تک فراموش نہ کر سکیں گے۔ آپ کی صحت بھی کافی حد تک خراب رہے گی خصوصاً پیٹ یا سینے کی کوئی بیماری پریشان کرتی رہے گی۔ اپنے علاج کی طرف سے غفلت نہ برتیں ورنہ کوئی خطرناک مرض بھی لاحق ہو سکتا ہے۔

دوسرے اور تیسرے ہفتے کے دوران قریبی رشتہ داروں کے ساتھ بلا کسی اہم وجہ کے جھگڑا ہوگا۔ خصوصاً بھائی یا بہن سے جدائی ہو سکتی ہے۔ اس دوران زمینی سفر کرنا بھی نقصان دہ ثابت ہوگا۔ غیر ملکی سفر بھی شوق زیارت وغیرہ کے سلسلے میں کر لیں لیکن ملازمت یا کاروباری سلسلے میں ہونے والا سفر مایوس کن ثابت ہوگا۔ کسی بزرگ روحانی سے اختلافات بڑھیں گے۔ اگر آپ حصول روحانیت کی خاطر کسی عمل کا آغاز کر چکے ہیں تو اسے بند کر دیں کیونکہ اس ماہ کامیابی کا امکان نہیں ہے۔ کسی قریبی عزیز کی موت کا صدمہ بھی برداشت کرنا پڑے گا۔ دوسرے گھر کا مالک سیارہ مریخ زائچے کا برج ہو کر اچھے نتائج پیدا نہیں کرتا اس لئے کاروبار کی پوزیشن بھی خاصی نرم رہے گی۔ اگر آپ تعمیراتی کاموں کے سرکاری ٹھیکے لیتے ہیں تو پھر متعلقہ اعلیٰ افسر کی ناراضگی کے سبب ادائیگی کا توازن بگڑ جائے گا۔ اس سلسلے میں جلد بازی نہ کریں ورنہ طویل عرصے تک آپ کے بل والی فائل کسی دراز میں بند ہو کر رہ جائے گی۔ اگر آپ شراکت کا کاروبار کرتے ہیں تو پھر اپنے شریک کار کے ساتھ اچھا سلوک کریں۔ ہر کام میں ذاتی دلچسپی بھی لیتے رہیے سب کچھ شریک کار ہی پر چھوڑے رکھنا بھی نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے۔ اپنے ملازموں پر زیادہ بھروسہ نہ کریں۔ اس ماہ کسی دوست کی غلطی بلکہ بے ایمانی کے سبب آپ کے خلاف کوئی مقدمہ قائم

ہو جانے کا بھی اندیشہ زیادہ ہے۔ لہٰذا خود کو ہر قسم کے غیر قانونی کام سے الگ رکھیں۔ کسی ایسے فرد کے ساتھ جو غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہو آپ کا معمولی سا تعلق بھی خطرناک ثابت ہوگا۔ بارہویں گھر کا نحس عطارد مریخ یا پھر زحل آپ کو پس زنداں بھیجنے کی بھی کوشش کرے گا۔ اپنے اخراجات کو بھی گھٹا دیں تاکہ حقیقی ضرورت کے موقع پر کسی کے آگے ہاتھ نہ پھیلانا پڑے۔ چوتھے گھر کا مالک سیارہ زحل اچھی حالت میں نہیں ہے اس لئے ملازمت کرنے والے حضرات اپنے فرائض سے غفلت نہ برتیں ورنہ نہ صرف ملازمت جاتی رہے گی بلکہ آپ کے خلاف کوئی غبن وغیرہ کا مقدمہ بھی قائم ہو جائے گا۔ مالیاتی ادارے یا بینک سے تعلق رکھنے والے افراد احتیاط برتیں۔ نئی ملازمت ملنے کا کوئی امکان نہیں ہے۔ والدین کے ساتھ بھی اختلافات بڑھیں گے۔ اس برج سے وابستہ سیاسی و سماجی کارکنوں کو خاصی مایوسی رہے گی۔ شادی شدہ افراد کے گھر کا ماحول غیر تسلی بخش رہے گا۔ شریک حیات سے جھگڑا ہوگا یا پھر ان کی صحت تشویشناک حد تک خراب ہو سکتی ہے۔ اولاد کی وجہ سے بھی ذہنی الجھن رہے گی۔ بہ سلسلہ تعلیم جزوی کامیابی۔ غیر شادی شدہ افراد کا رشتہ طے پانے کی امید بہت کم ہے۔ دیگر حالات بھی زیادہ بہتر نظر نہیں آتے۔ بہ احتیاطاً کوئی صدقہ بھی لازمی [illegible] زندگی بھی خطرے میں ہے۔

خواتین: اگر آپ نے ہمارے دیئے گئے گزشتہ ماہ کے مشوروں پر عمل کیا تھا تو پھر یقیناً امور کے بہتر نتائج برآمد ہوئے اور آپ ان خطرات کی زد میں آنے سے بچ گئیں جو کہ آپ کو اپنا شکار بنا کر ہر لحاظ سے پریشان کر سکتے تھے اور اگر آپ نے احتیاط نہیں برتی یا ہمارے مشوروں پر عمل نہ کر کے گھریلو ماحول خراب کر چکی ہیں تو پھر سوائے اظہار افسوس کے ہم اور کر بھی کیا سکتے ہیں۔ یہ مہینہ تو آپ کو مزید پریشان اور ہراساں رکھے گا۔ کیونکہ نہ صرف زحل و مریخ کا زائچے کے ساتویں گھر پر نحس اثر ہے بلکہ سیارہ شمس و زہرہ اور عطارد کے اثرات اس مہینے بھی آپ کی مایوسی میں اضافہ کرنے کا باعث بن سکتے ہیں۔ شوہر اور ان کے لواحقین وغیرہ کے ساتھ آپ کے اختلافات بڑھ جائیں گے۔ شوہر کی صحت بھی تشویشناک حد تک خراب ہوگی۔ آپ کے اپنے چند قریبی رشتہ دار حسب سابق اندرونی سازشوں میں مصروف رہیں گے۔ آپ جذبات کے چنگل سے خود کو آزاد کر کے حالات کو سنوارنے کی کوشش کریں۔ شوہر اور سسرال والوں کی غلط فہمیوں کا حتی الامکان سد باب کیجئے تاکہ آپ آباد رہ سکیں۔ یاد رکھیں کہ اس ماہ ہونے والی آپ کی معمولی سی غلطی یا بے احتیاطی حالات کو انتہائی خطرناک موڑ پر بھی لا سکتی ہے۔ اپنے دماغ کو فضول خیالات کی آماجگاہ بھی مت بنائیے ورنہ کوئی دماغی مرض لاحق ہو جائے گا۔ اخراجات بھی گھٹا دیں کیونکہ اس ماہ آمدنی زیادہ نہیں ہوگی۔ رہائش کا مسئلہ بھی پریشانی کا باعث بن سکتا ہے۔ ملکی یا غیر ملکی سفر یا کسی اہم ضرورت کے نہ کریں۔ کسی روحانی بزرگ سے بھی اختلافات بڑھ جائیں گے۔ والدین سے علیحدگی کا اندیشہ ہے۔ کسی قریبی عزیز کی موت کا صدمہ برداشت کرنا پڑے گا۔ غیر شادی شدہ لڑکیوں کا رشتہ طے نہ پا سکے گا۔ کسی قریبی شخص پر ضرورت سے زیادہ بھروسہ آپ کی بدنامی کا بھی باعث بن سکتا ہے لہٰذا بہت محتاط رہ کر وقت گزاریں۔ ملازمت کرنے والی خواتین اپنے فرائض حقیقی معنوں میں پورے کریں ورنہ ملازمت جاتی رہے گی۔ یا پھر ترقی رک جائے گی۔ ورنہ احتیاط سے [illegible] موجود ہے۔

اس ماہ کی ۴ - ۷ - ۱۵ - ۱۶ - ۲۲ - ۲۷ تاریخ نحس ثابت ہوگی۔

برج عقرب	★	سیارہ مریخ
منسوبہ حروف		نا۔ ن۔ یا۔ ی

ہمارے بعض احباب ہمیں یہ کہتے ہیں کہ ہم حالات کی سنگینی کا احساس دلا کر خوف زدہ کرتے ہیں۔ ایسی پیشگوئیاں کیوں نہیں کی جاتیں کہ دل خوش ہو جائے۔ حیران ہیں کہ اس کا جواب کیا دیں۔ ہم تو بارہا اس حقیقت کا اظہار انہی صفحات پر کر چکے ہیں کہ فلکیات کبھی آپ کو جھوٹے سنہری خواب دکھانے کی حماقت نہیں کر سکتا۔ فلکیات تو محض آپ کی سچی راہبری کے لئے معرض وجود میں آیا ہے ہم سے کسی غلط بات کی توقع نہ رکھیں۔ اب آپ خود ہی غور فرما کر اپنے حالات کا تجزیہ کر لیں۔ آپ کا ذاتی ستارہ مریخ ہے۔ بیس دنوں کے دوران

زائچے کے گیارہویں گھر میں بالمقابل سیارہ زحل قیام کرے گا۔ سیارہ شمس
خانہ ۵ ویں گھر میں ستم ڈھا رہا ہے۔ مریخ و زحل کا انتہائی خطرناک مقابلہ
کر مخالفانہ آگ کو مزید بھڑکا رہا ہے۔ ایسی صورت میں ہم کیسے کہہ سکتے
ہیں کہ یہ مہینہ آپ کے لئے خطرناک ثابت نہیں ہوگا۔ ہم تو ستاروں کے
اچھے یا برے اثرات کی سچی سچی عکاسی کرتے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کی
کسی نیکی کے عوض یا کسی بزرگ روحانی کی دعاؤں کے طفیل بحکم خداوند
تعالیٰ حالات قطعی بدل جائیں کیونکہ ہم خدا کے کاموں میں تو دخل
نہیں کر سکتے۔ وہ جو چاہے کر دے۔ ایک اچھے سرجن کا فرض یہ ہے کہ
وہ پوری توجہ و مہارت کے ساتھ کسی بھی مریض کا آپریشن کرے۔ مریض کی
زندگی یا موت تو خدا کے ہاتھ میں ہے۔ چنانچہ ہم بھی اسی نظریہ کے تحت
انتہائی نیک نیتی کے ساتھ اپنے فرائض منصبی سے عہدہ برآہ ہونے
کی کوشش محض اس لئے کرتے ہیں کہ برے وقت کی نشاندہی قبل از
وقت ہو جائے اور آپ خود کو حالات سے نبرد آزما ہونے کے لئے تیار کر
سکیں۔ اس ماہ بھی نئے نئے ہنگامے آپ کا استقبال کرنے کے لئے تیار
رہیں گے۔ یوں سمجھ لیں کہ شہد کی مکھیوں کا چھتہ آپ کے قریب رہے گا۔
ذرا بھی آپ نے چھیڑ دیا تو پھر جان چھڑانی مشکل ہو جائے گی۔ آپ کے دوست
ستارہ مشتری کی پوزیشن بھی پورے مہینے کے دوران قدرے بگڑی رہے
گی۔ اس لئے بہت محتاط رہ کر کوئی بھی کام کریں۔ آپ سے عقلی غلطیاں عموماً
ہوں گی۔ جذباتیت کا مظاہرہ بعض معاملات کے سلسلے میں ضرورت سے
کچھ زیادہ ہی آپ کر بیٹھیں گے۔ ظاہر ہے کہ اس کا انجام بھی توقع کے برعکس
نکلے گا۔ بارہویں گھر کا مالک سیارہ زہرہ زائچے کے آٹھویں گھر کسی بھی وقت
آپ کو بدنامی کی گہری دلدل میں گرا سکتا ہے۔ اس لئے عشق و محبت کے
لاحاصل کھیلوں میں دلچسپی نہ لیں۔ کوئی لاکھ آپ پر قربان ہونا چاہے
آپ پھر بھی پسند نہ کریں۔ ورنہ رقیبوں سے پیچھا چھڑانا مشکل ہوگا۔ دماغ
بھی عجیب و غریب خیالات کی آماجگاہ بنا رہے گا۔ بعض اوقات آپ
خواہش نہ رکھتے ہوئے بھی دوسروں کے ساتھ الجھنے کی غلطی کریں گے۔
اپنے اس جذبے کو حتی الامکان دبائے رکھیے بصورت دیگر کسی کو آپ سے

ہاتھوں نقصان پہنچے گا۔ یا پھر آپ دوران جھگڑا شدید زخمی ہو سکتے ہیں۔
کوئی سواری ہے تو بہت ہی احتیاط کے ساتھ چلائیے تاکہ متوقع خطرہ
ٹل جائے۔ زکوٰۃ و خیرات بھی مستحق افراد کو دیتے رہیے کہ اللہ تعالیٰ نیکی
کرنے والوں کو دکھوں سے بچائے رکھتا ہے۔ اس مہینے میں زحل و مریخ کا
خطرناک مقابلہ مخالفین کو شرارتوں وغیرہ پر اکسا رہا ہے۔ اپنی آنکھیں
کھلی رکھا کریں اور ہر وقت ایسے افراد کو نظر میں رکھیں جو پہلے بھی
آپ کو مختلف طریقوں سے پریشان کرتے رہے ہیں۔ اس ماہ کوئی پرانا مخالف
آپ کے خلاف کوئی بھرپور سوچا سمجھا مقدمہ قائم کرانے کی کوششوں میں مصروف
رہے گا۔ آپ ملازمت کرتے ہوں یا کاروبار اپنے ہاتھ صاف رکھیں تاکہ
مخالف کی کوئی خطرناک چال کامیاب نہ ہو سکے۔ حالات کی اس مسلسل
خرابی کے سبب آپ بددل ہرگز نہ ہوں بلکہ کچھ نہ کچھ ضرور کرتے رہیے
زیادہ وقت بے کار رہ کر گزارنے والے افراد جلد ہی مایوس ہو جایا
کرتے ہیں۔ زائچے کے آٹھویں گھر میں موجود سیارہ عطارد آپ کو حادثوں
یا انتہائی تکلیفوں سے بچانے کے لئے کوشاں رہے گا۔ لیکن آپ بھی
ہاتھ پہ ہاتھ دھرے بیٹھے نہ رہیے تاکہ زندگی کا قافلہ کسی حد تک تو
رواں رہ سکے۔ کاروبار کرنے والے احباب کو پہلے دس دنوں کے دوران
خاصی دشواریوں کا سامنا رہے گا۔ اس کے بعد قدرے بہتری کے امکانات
ہیں۔ دوسرے پندرھواڑے کے دوران کاروباری پوزیشن کسی حد تک
اچھی ہو جائے گی۔ آمدنی و اخراجات یکساں رہیں گے۔ ملازمت کرنے والے
حضرات متوقع ترقی کا انتظار نہ کریں۔ بلکہ اپنے فرائض کی تکمیل پوری توجہ
کے ساتھ کرتے رہیں۔ نئی ملازمت ملنے کا امکان سردست نہیں ہے۔ بیرونی
سفر کرنا بھی سردست بہتر ثابت نہ ہو سکے گا۔ قریبی عزیزوں سے تعلقات
محدود رکھیں۔ نزدیکی سفر کے دوران مالی نقصان ہوگا۔ صحت جسمانی
بھی گاہے بگاہے خراب رہے گی۔ برسلسلہ جائداد معاملات مزید بگڑتے
نظر آ رہے ہیں۔ برسلسلہ تعلیم جزوی کامیابی ہو سکے گی۔ گھریلو ماحول قدرے
خوشگوار رہے گا۔ اولاد سے وابستہ کوئی توقع پوری ہوگی۔ البتہ شریک
حیات کی صحت بہتر نہ رہ سکے گی۔ غیر شادی شدہ افراد کا رشتہ خاصی

جد وجہد کے بعد طے پا سکے گا۔ مجموعی طور پر یہی کہا جا سکتا ہے کہ ماہِ
رواں بہت ہی محتاط رہ کر گزاریں۔ مناسب سمجھیں تو خصوصی نقش الذری بنوالیں۔

خواتین: اپنے دل و دماغ پر فضول قسم کی لاحاصل سوچوں کو مسلط
نہ ہونے دیجئے ورنہ آپ کی صحت متاثر ہو جائے گی۔ آپ کے ذاتی سیارہ
مریخ کی پوزیشن اس ماہ بھی کمزور رہے گی۔ زائچے کا آٹھواں گھر نئے
خطرات سے دوچار کر سکتا ہے۔ قریبی رشتہ دار در پردہ آپ کے خلاف
سازشیں کرتے رہیں گے۔ کسی کے ساتھ بھی لامحدود تعلقات رکھنے کی
غلطی نہ کریں ورنہ مشکلات میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ بہ سلسلہ ملازمت حالات
وہی رہیں گے جو گزشتہ ماہ تھے۔ رہائش کی تبدیلی سر دست نہ کریں۔
آپ کا مزاج قدرے گرم رہے گا۔ کسی اندرونی جذبے کے تحت آپ
دوسروں کے ساتھ الجھنے کی غلطی بھی کریں گی۔ اگر ایسا نہ ہی ہو تو بہتر
ہے۔ اس ماہ سفر کسی بھی حالت میں نہ کریں۔ یہ سفر لاحاصل ثابت ہوگا۔
بلکہ دورانِ سفر مالی نقصان ہو سکتا ہے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ کوئی حادثہ
پیش آجائے۔ راہ چلتے یا امورِ خانہ داری انجام دیتے ہوئے بھی محتاط
رہیے۔ ماہِ رواں میں کسی بھی وجہ سے آپ کو جسمانی نقصان پہنچ جانے
کا اندیشہ زیادہ ہے۔ ملازمت کرنے والی خواتین کی ترقی کا امکان نہیں
ہے۔ بلکہ ان کے لئے یہ لازمی ہے کہ وہ اپنے فرائض سے غفلت نہ برتیں
تاکہ کسی مخالف کو لگائی بجھائی کرنے کا موقعہ نہ ملے اور افسران حسب
سابق آپ کے کام سے مطمئن رہ سکیں۔ اس ماہ آپ کی صحت بھی اچانک
خراب ہوگی۔ متعلقین کی تعداد میں غیر معمولی اضافہ ہوگا۔ اپنے پرس میں
زیادہ رقم ہرگز نہ رکھیں کھو جانے کا اندیشہ ہے۔ گھریلو ماحول کافی حد تک
درست رہے گا۔ شوہر سے وابستہ توقعات پوری ہوں گی۔ البتہ شوہر کی
صحت قدرے خراب رہے گی۔ بہ سلسلہ تعلیم جزوی کامیابی حاصل ہو
سکے گی۔ مطلوبہ شعبے میں داخلہ ملنے کا امکان نہیں ہے۔ اخراجات کی
رفتار کچھ گھٹانے کی کوشش کریں تاکہ قرض نہ لینا پڑے۔ غیر شادی شدہ
لڑکیوں کی بدنامی کا اندیشہ ہے۔ اپنی کسی سہیلی پر بھی غیر معمولی بھروسہ نہ
کریں کوئی قریبی رشتہ دار بھی ان کی بدنامی و پریشانی کا سبب بن سکتا
ہے۔ لہٰذا بہت زیادہ احتیاط رکھیں۔ اس ماہ رشتہ طے پانے کی امید
تو ہے لیکن اس سلسلے میں جد وجہد بہت زیادہ کرنی پڑے گی۔

ماہِ رواں کی ۲-۸-۱۰-۲۱-۲۳-۲۶-۲۸ تاریخ نحس ہے۔

برج قوس	★	سیارہ مشتری
منسوب حروف		یو۔ ف۔ فا

ماہِ رواں بھی آپ سے گزشتہ ماہ کی طرح بہت زیادہ تعاون نہ کر سکے گا
بلکہ اس امر کا خطرہ زیادہ ہے کہ بعض امور کے سلسلے میں یا الجھنیں بڑھ جائیں یا پھر
ناکامی کا سامنا کرنا پڑے۔ لہٰذا اب زیادہ محتاط رہنے کی ضرورت پڑے گی۔
کیونکہ آپ کے زائچے کا چوتھا گھر خاصا کمزور ہے۔ اس کا تعلق دوسرے گھر
سے بھی ہے۔ چنانچہ خطرات قدرے بڑھتے نظر آرہے ہیں۔ دیگر سیاروں کی پوزیشن
وغیرہ کا اچھی طرح جائزہ لینے کے بعد ہم صاف طور پر واضح کر دیتے ہیں کہ
اگر آپ نے ذاتی صلاحیتوں کو بروقت اور موثر انداز سے استعمال نہ کیا تو پھر خود کو
ایک بڑے نقصان کے لئے تیار رکھیں جو کسی بھی وجہ سے ہو سکتا ہے۔ اگر آپ
نے گزشتہ ماہ کوئی کاروبار شروع کیا ہے تو اس کی خصوصی نگہداشت کریں۔
غیر معمولی دلچسپی اور توجہ کے ساتھ اس کو درست رکھنے کی کوشش ضرور
کیجئے۔ اس سلسلے میں آپ کو شدید مخالفانہ مزاحمت کا سامنا کرنا پڑے گا۔
خاص طور پر آخری دو ہفتوں کے دوران آپ کا کوئی دوست یا رشتہ دار محض
حسد و بغض کی بنیاد پر عجیب و غریب افواہیں پھیلائے گا۔ تاکہ آپ کی
مارکیٹ پوزیشن گر جائے۔ اگر آپ کوئی چیز تیار کرتے ہیں تو پھر اس
کی سپلائی وغیرہ کا سارا انتظام اپنے ہی ہاتھ میں رکھیں۔ تاکہ وہ منافع وغیرہ
جو آپ کا اصلی مال ہے پہنچ سکے۔ یہ بات اچھی طرح ذہن نشین کر لیں کہ
بہ سلسلہ کاروبار آپ نے اگر اس ماہ معمولی سی کوتاہی یا بے احتیاطی کر دی تو
پھر ساری امیدیں (جو کہ آپ نے اس کاروبار سے وابستہ کر رکھی ہیں) ختم
ہو کر رہ جائیں گی۔ ہم نے گزشتہ ماہ بھی ستاروں کی بدلتی ہوئی رفتاروں
کو سامنے رکھ کر تمام حقائق سے آپ کو محض اس لئے آگاہ کر دیا تھا کہ
آپ حتی الامکان احتیاطی تدابیر اختیار کر کے کچھ نہ کچھ بچت کر سکتے ہیں۔

تاکہ ضرورت پڑنے پر یہ بچائی ہوئی رقم آپ کی مددگار ثابت ہو سکے لیکن آپ نے خاطر اپنی عادت کے مطابق بے جا خرچ کی اور پھر جن حالات سے آپ کو دوچار ہونا پڑا اس سے آپ اچھی طرح واقف ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اس معاشی دوڑ کے مقابلے میں آپ تھک چکے ہیں لیکن اس کا یہ مطلب تو نہیں کہ ہمت ہار کر میدان چھوڑ دیا جائے۔ اگر سیارہ زحل، مریخ، شمس وعطارد آپ کی راہ میں روڑے اٹکا رہے ہیں تو سیارہ مشتری کی سعدیت واستحکام بھی تو کرتی رہے گی۔ لہٰذا اپنا سفر جاری رکھیں۔ دوسرے یا تیسرے ہفتے کے دوران کسی نہ کسی کو پہلے سے حالات ایکایک پلٹا بھی کھائیں گے۔ کاروبار کی گرتی ہوئی ساکھ کو کسی حد تک سہارا بھی مل جائے گا۔ اگر آپ نے اپنی اعلیٰ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اس موقع سے استفادہ کرنے کی کوشش کر ڈالی تو پھر بہت حد تک معاشی پریشانیوں سے نجات مل جائے گی۔ ظاہر ہے کہ اگر معاشی حالات بہتر رخ اختیار کر جائیں تو دیگر الجھنوں پر بھی بڑی حد تک قابو پایا جا سکتا ہے۔ اس معاملے میں شرط صرف اتنی ہی ہے کہ جو کام بھی کریں سوچ سمجھ کر تنہا ہی کرنے کی کوشش کریں۔ دوسروں پر بھروسہ کرنا اس ماہ مفید ثابت نہ ہوگا۔ رقمی لین دین کے سلسلے میں بھی غیر معمولی اعتماد کسی پر بھی نہ کریں۔ خصوصاً اسٹیٹ ایجنسی کے مالکان، ریکروٹنگ ایجنٹ محتاط رہ کر سودے بازی کریں۔ کیونکہ حسابات سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ ماہ رواں کے دوران کسی فریب کی وجہ سے بھی کافی رقم ضائع ہو سکتی ہے۔ کسی بھی مال کا اسٹاک زیادہ عرصے تک ہرگز نہ کریں بلکہ معمولی سا منافع بھی نظر آئے تو مال فروخت کر دیجئے۔

عشق و محبت کے سلسلے میں حسب سابق یہ مہینہ بھی آپ کے لئے تکلیف دہ ثابت ہوگا۔ پسندیدہ فرد پر اعتبار کر کے کوئی جذباتی قدم نہ اٹھائیے ورنہ انجام بہت زیادہ پریشان کن برآمد ہوگا۔ غیر شادی شدہ افراد کا رشتہ بھی ان کے والدین کی مرضی سے ہی طے پا سکے گا۔ بسلسلہ تعلیم دشواریوں میں مزید اضافہ ہوگا۔ امتحان میں ناکامی ہوگی یا پھر متعلقہ شعبہ میں باوجود تمام تر کوشش کے داخلہ نہ مل سکے گا۔ شادی شدہ افراد کے گھریلو ماحول میں تو کوئی تبدیلی نہیں آئے گی تقریباً بہتر ہی رہے گا۔ یہ ممکن ہے کہ شریک حیات کی صحت خراب رہے اور بسلسلہ اولاد بھی کسی نئی پریشانی کا سامنا کرنا پڑے۔ آپ حسب سابق اپنی جوان اولاد کی نگرانی قدرے زیادہ کریں۔ کسی چھوٹے بچے کی بیماری کے سبب بے چینی بڑھ جائے گی۔ ملازمت سے وابستہ افراد کو بعض خاص مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ افسران کے ساتھ بلا کسی اہم وجہ کے مخاصمت بڑھے گی۔ والدین سے بھی جدائی ہونے کا اندیشہ ہے۔ بسلسلہ جائیداد آخری دس دنوں کے دوران الجھنوں سے دوچار ہونا پڑے گا۔ دیگر تمام حالات حسب سابق ہی رہیں گے۔

خواتین : جو مشورے گزشتہ ماہ ہم نے دیئے تھے ایک بار پھر ان کا جائزہ لے لیں۔ بلکہ اگر اعتماد ہو تو ان پر عمل کرنے کی بھی کوشش کریں۔ تاکہ متوقع خطرات کسی حد تک ٹل جائیں۔ اس ماہ بھی حالات کی رفتار خاصی بے ڈھنگی سی رہے گی۔ خصوصاً قریبی عزیز رشتہ داروں کی وجہ سے ذہن خاصا الجھا رہے گا۔ والدین کے ساتھ بھی کسی جائیداد یا رقم وغیرہ کے سلسلے میں اختلافات بڑھ جائیں گے۔ ممکن ہے کہ نوبت علیحدگی تک جا پہنچے۔ اگر آپ جذبات کے دائرے سے نکل کر والدین کو راضی کرنے کی کوشش کریں تو کافی الجھنوں سے نجات مل جائے گی۔ بصورت دیگر حالات قانونی شکل اختیار کر جائیں گے۔ آخری دس دنوں کے دوران کسی سہیلی کی وجہ سے مالی نقصان یا بدنامی ہونے کا بھی اندیشہ ہے۔ کوئی قریبی شخص بھی کسی نہ کسی طور آپ کو ذہنی طور پر پریشان کر سکتا ہے۔ لہٰذا کسی پر بھی اعتماد نہ کیجئے اور بہت ہی محتاط رہ کر یہ مہینہ گزاریں۔ اخراجات بھی خاصے بڑھ جائیں گے کچھ رقم بچانے کی کوشش کریں تاکہ دوسرے مہینے میں اہم ضرورت کے موقع پر کسی کے آگے ہاتھ نہ پھیلانے پڑیں۔ شادی شدہ خواتین کے گھریلو حالات بفضل خدا بہتر ہی رہیں گے شوہر سے وابستہ توقعات پوری ہوتی رہیں گی۔ البتہ اولاد کی وجہ سے آپ کی پریشانیوں میں مزید اضافہ ہو سکتا ہے۔ جوان اولاد کی جذباتی غلطیاں آپ کی بدنامی کا باعث بن سکتی ہیں۔ کسی چھوٹے بچے کی صحت کافی خراب ہوگی۔ اگر آپ حاملہ ہیں تو پھر احتیاط کیجئے۔ اسقاط حمل کا اندیشہ زیادہ ہے۔ شوہر کی صحت بھی کچھ ہلکی خراب

ہوگی ملازمت کرنے والی خواتین کی مشکلات بڑھ جائیں گی۔ کسی مخالفانہ سازش کی وجہ سے ملازمت ختم ہو جانے کا بھی اندیشہ ہے۔ افسران کے ساتھ مراسم بہتر نہ رہ سکیں گے۔ برسلسلۂ تعلیم مایوسی بڑھ جائے گی۔ غیر شادی شدہ لڑکیوں کی منگنی یا شادی والدین کی پسند و مرضی کے مطابق طے پا سکے گی۔ آخری دس دنوں کے دوران کسی حادثے سے بھی دوچار ہونا پڑے گا۔ یا پھر کوئی بیماری پریشانی کا موجب بن سکتی ہے۔

ماہ رواں کی یکم - ۸ - ۱۳ - ۲۰ - ۲۳ - ۲۶ تاریخیں زیادہ نحس ہیں۔

برج جدی	ستارہ زحل
منسوب حروف	ج۔خ۔ز۔ذ۔ظ۔ض

گو کہ اس ماہ بھی آپ کے خاص ستارے زحل کی پوزیشن مضبوط نہیں ہے۔ کمزوری کی علامت بنا رہے گا اس کے باوجود بعض امور کے سلسلے میں آپ کی دیرینہ الجھنوں کا خاتمہ ہو سکے گا۔ خاص طور پر کاروبار سے تعلق رکھنے والے مسائل بہت حد تک حل ہو سکیں گے۔ حالانکہ ستارہ مریخ و شمس بھی آپ کو ہر معاملے میں ناکام بنانے کا تہیہ کئے ہوئے ہیں۔ لیکن چونکہ آپ باصلاحیت اور مستقل مزاج انسان ہیں۔ انتہائی دشوار گزار راہوں پر چلتے ہوئے بھی اپنی منزل تک پہنچ جانا کوئی آپ سے سیکھے۔ اس ماہ بھی ستارہ عطارد آپ کی صلاحیتوں کو مزید جلا بخشے گا۔ جس بنا پر پورے اعتماد و یقین کے ساتھ یہ کہا جا سکتا ہے کہ اگر آپ نے اپنی جدوجہد جاری رکھی اور ڈانواں ڈول نہ ہوئے تو پھر موجودہ کاروبار مزید وسعت اختیار کر جائے گا۔ آمدنی بھی معقول ہوگی اور اس طرح کم از کم ان نقصانات کی تلافی ہو سکے گی جو کہ گزشتہ چند مہینوں کے دوران ستاروں کی ناموافقت کے سبب ہو چکے ہیں۔ جن اسکیموں کو آپ گزشتہ ماہ بعض دشواریوں کی وجہ سے عملی شکل دینے میں ناکام رہے تھے اب دوبارہ انہیں ہی قابل عمل بنایئے انشاء اللہ اگر آپ نے اس سلسلے میں پہلے چند ہفتوں کے دوران کوئی قدم اٹھا لیا تو بہت حد تک کامیاب ہوں گے۔ نئے کاروبار کا آغاز (کم سرمایہ سے) بھی کرنا چاہیں تو پہلا ہفتہ فائدہ دے گا۔ لیکن کاروبار کا تعلق جائیداد کی خرید و فروخت وغیرہ سے ہرگز نہ ہو جو حضرات پہلے ہی سے یہ کاروبار کرتے ہیں وہ بہت محتاط رہ کر سودے بازی کریں۔ چوتھے گھر کا مالک سیارہ مریخ بالمقابل سیارہ زحل جائیداد کے معاملات میں الجھاؤ پیدا کر رہے ہیں۔ اسی سلسلے میں آپ کے خلاف کسی مقدمے کے قائم ہو جانے کا بھی اندیشہ ہے۔ اگر آپ کی کاروباری یا رہائشی جگہ کرایہ کی ہے تو پھر لینڈ لارڈ کے ساتھ تعلقات بہتر رکھنے کی کوشش کریں۔ اگر معاملات کچھ الجھے ہوئے ہیں تو صلح و صفائی کے ذریعہ ہی انہیں طے کریں تاکہ اس سلسلے میں بڑھنے والی مخالفت کا خاتمہ ہو سکے۔ ستارہ زحل چونکہ پہلے اور دوسرے گھر کا مالک ہے اس لئے مخالفین کی تعداد بڑھ جانے کا اندیشہ بھی ہے۔ کوشش کریں کہ ایسا نہ ہو ورنہ آپ کی مشکلات میں خاصا اضافہ ہو جائے گا بلکہ کوئی جائیداد بھی آپ کے قبضے سے نکل جائے گی۔ اس ماہ آپ کے اخراجات بھی خاصے بڑھ جائیں گے۔ آخری دس دنوں کے دوران کسی بھی جھگڑے وغیرہ میں خود کو ملوث نہ کریں۔ بارہویں گھر ستارہ مشتری کا قیام آپ کو جسمانی طور پر نقصان پہنچانے کا سبب بن سکتا ہے۔ آپ کا مزاج بھی خاصا گرم رہے گا۔ بعض معاملات کے سلسلے میں آپ کے جذباتی فیصلے بڑی حد تک غلط نتائج پیدا کرنے کا سبب بن جائیں گے۔ چند قریبی رشتہ داروں کے ساتھ معمولی معمولی باتوں کی آڑ لے کر آپ الجھنے کی غلطی بھی کریں گے۔ یہ کوئی عقلمندی کی دلیل نہیں ہے۔ لہٰذا تمام حالات کو سامنے رکھتے ہوئے وقتاً فوقتاً خود اپنا ہی محاسبہ کرتے رہیے تاکہ نادانستگی میں کسی غلطی کا ارتکاب نہ ہو سکے۔ اگر کوئی مخالف اپنی کمزوری یا آپ کی اعلیٰ صلاحیتوں سے خائف ہو کر آمادہ صلح ہو تو مغرور رہنے کی بجائے اس سے صلح کر لیں تاکہ کچھ تو ذہنی سکون مل سکے۔ اگر آپ کا کاروبار مشترکہ ہے تو پھر اپنے شریک کار پر زیادہ بھروسہ کم از کم اس ماہ تو نہ کریں ورنہ ہونے والا نفع نقصان کی شکل اختیار کر جائے گا۔ امپورٹ ایکسپورٹ یا ریکروٹنگ کا بزنس کرنے والے حضرات بھی سلسلہ لین دین دوسروں پر خواہ وہ غیر ملکی ہی کیوں نہ ہوں زیادہ بھروسہ نہ کریں۔ اس ماہ کافی رقم ضائع ہونے کا بھی خطرہ ہے۔ قریبی رشتہ داروں کے ساتھ تعلقات حسب سابق ہی رہیں گے۔ آپ بھی کسی خاندانی مسئلے کے سلسلے میں غیر معمولی سنجیدگی اختیار کریں۔

بلکہ اس سلسلے میں عزیزوں کی ہاں میں ہاں ملاتے رہنا ہی آپ کے لئے زیادہ مفید ثابت ہوگا۔ آخری ہفتے میں بھائی یا بہن سے علیحدگی کا امکان ہے۔ نزدیکی سفر پہلے بیس دنوں کے دوران قدرے مبارک ثابت ہوگا۔ غیر ملکی سفر کا آغاز بھی پہلے چند ہفتوں سے ہی کرلیں۔ اس کے بعد ہونے والے سفر کا نتیجہ خراب یا مایوس کن نکلے گا۔ خصوصاً برسلسلہ روزگار جانے والوں کی واپسی بہت جلدی عمل میں آجائے گی۔ دوستوں سے وابستہ توقعات پوری نہ ہوں گی بلکہ کوئی دوست آپ کے لئے پریشانی کا باعث بن سکتا ہے۔ من پسند فرد کے ساتھ اپنا برتاؤ ہموار رکھیں ورنہ معمولی سی بات تعلقات منقطع کرنے کا سبب بن جائے گی۔ اپنے لواحقین کو اس سلسلے میں رازدار بنالیں۔ زیادہ امکان یہی ہے کہ من پسند فرد ہی کے ساتھ منگنی ہوجائے۔ البتہ اس معاملے میں شدید مخالفت کا سامنا لازمی کرنا پڑے گا۔ اگر مناسب سمجھیں تو کسی بزرگ روحانی کی مدد بھی حاصل کرلیں۔ تاکہ اس دیرینہ الجھے ہوئے مسئلے کو خوش اسلوبی کے ساتھ طے کیا جاسکے۔ گھریلو ماحول قدرے ناخوشگوار رہے گا۔ شریک حیات کے ساتھ اختلاف بڑھے گا یا پھر شریک حیات کی صحت تشویش ناک حد تک خراب ہوگی۔ اپنے زر و مال کی حفاظت بھی کچھ زیادہ کریں۔ چوری ہونے کا اندیشہ ہے۔ ملازمت کے سلسلے میں ہونے والی گڑبڑ ختم ہوگی۔ کسی مناسب جگہ تبادلہ ہونے کا بھی امکان ہے۔ والدین سے فائدہ ہوگا۔ دیگر تمام حالات حسب سابق رہیں گے۔

خواتین: آپ کے لئے گذشتہ مہینہ بھی بہتر نہ تھا اور اب تو نہ صرف آپ کا ذاتی سیارہ زحل کمزور ہے بلکہ دیگر سیارگان خصوصاً ذنب و مریخ آپ کی مخالفت پر پوری شدت کے ساتھ آمادہ ہوچکے ہیں۔ لہٰذا بہت زیادہ محتاط رہتے ہوئے یہ مہینہ گزاریں۔ آپ کے اپنے قریبی عزیز محض انتقامی جذبے کی تسکین کے لئے آپ کے خلاف اندرونی سازشیں کریں گے۔ جس کی وجہ سے گھریلو مسائل میں غیر معمولی اضافہ ہوسکتا ہے۔ اپنے دل و دماغ کو کنٹرول میں رکھیں۔ اپنے مزاج کی گرمی و تلخی کو یکسر ختم کردیں۔ چھوٹی چھوٹی باتوں کی آڑ لے کر دوسروں کے ساتھ ناراض ہوجانے کی غلطی ہرگز نہ کریں۔ ہوسکتا ہے کہ پہلے لوگ آپ کو منانے کے لئے بار بار جتن کرتے ہوں لیکن اب ایسا نہیں ہو سکے گا۔ بلکہ آپ کی ان ہی کمزوریوں کو ہتھیار بنا کر شریک حیات کو آپ کے خلاف کرنے کی کوشش ضرور ہوگی۔ ہوسکتا ہے کہ آپ کے سسرال والے ہی کوئی نیا چکر چلا دیں۔ لہٰذا تمام حالات کو سامنے رکھتے ہوئے خود کو قطعی بدل دیجئے۔ اپنے شوہر کو ہر ممکن طریقے سے خوش رکھنے کی کوشش کریں۔ تاکہ وہ کسی خارجی شخص کے بہکاوے میں آکر ایسا کوئی قدم نہ اٹھا بیٹھیں جس کی کہ توقع کبھی آپ نے خواب میں بھی نہیں کی تھی۔ شریک حیات کی صحت بھی خاصی خراب ہوگی۔ آمدنی و اخراجات یکساں رہیں گے۔ بسلسلہ رہائش وغیرہ کسی نئی الجھن کا سامنا کرنا پڑے گا۔ جائیداد کے حصول کی خاطر ہونے والی جد و جہد رائیگاں جاسکتی ہے۔ ذہن پر لاحاصل خیالات کا بوجھ رہے گا۔ بسلسلہ تعلیم کامیابی ہوگی۔ کسی مخالف کے ساتھ صلح کا بھی امکان ہے۔ اولاد کی جانب سے خوشی ہوگی۔ کسی قریبی سہیلی کی وجہ سے بدنامی یا مالی نقصان ہونے کا بھی خدشہ ہے۔ ملازمت کرنے والی خواتین کو اندیشوں سے نجات مل سکے گی۔ کسی اعلیٰ افسر کی خوشنودی کے سبب مناسب جگہ تبادلہ ہوگا۔ کسی بزرگ روحانی سے فائدہ ہوسکے گا۔ غیر شادی شدہ لڑکیاں اگر اپنے لواحقین پر مکمل بھروسہ کرلیں تو اس ماہ ان کی منگنی من پسند فرد کے ساتھ ہوسکے گی۔ لیکن شرط یہ ہے کہ وہ کسی بھی مرحلے پر جذباتیت کا مظاہرہ نہ کریں۔ دیگر تمام حالات حسب سابق رہیں گے۔

ماہ رواں کی ۲-۸-۱۰-۱۳-۲۰-۲۲-۲۹ تاریخ انتہائی نحس و خطرناک ہے۔ بذریعہ عملیات خصوصی نقش لازمی بنوالیں تاکہ خطرہ ٹل جائے۔

آپ کے ذاتی ستارہ زحل کی پوزیشن تو کمزور ہی رہے گی کیونکہ اس پورے مہینے کے دوران یہ رجعت یافتہ موجود رہے گا۔ اس کے علاوہ ستارہ ذنب، مریخ اور شمس بھی اپنے نحس اثرات سے آپ کو متاثر کرتے رہیں گے۔ آپ کا ذہن بھی خاصا الجھا رہے گا۔ بہت سارے معاملات انتہائی کوشش کے باوجود طے نہ ہوسکیں گے لیکن چند امور کے سلسلے میں توقع

نہ ہوتے ہوئے بھی شاندار کامیابی لازماً حاصل ہو سکے گی ۔ سورج گیارہویں گھر کا مالک سیارہ مشتری اور چوتھے گھر و نویں گھر کا مالک سیارہ زہرہ اپنی اپنی سعدیت کی بدولت آپ کے ارد گرد پھیلی ہوئی ناکامیوں کے اندھیرے کو کامیابیوں کے اجالے میں تبدیل کر دیں گے ۔ اگر آپ کسی بھی مرحلے پر یہ محسوس کریں کہ حالات خاصے الجھ گئے ہیں اور کامیابی نہ ہو سکے گی تو بھی ہمت نہ ہاریں اور مایوس نہ ہوں بلکہ پورے یقین و اعتماد کے ساتھ جدوجہد جاری رکھیں بفضل خدا کامیابی لازمی ہوگی۔ کیونکہ سیارہ زحل وغیرہ کی نحوست کے سبب کام خواہ کوئی بھی ہو اس میں رکاوٹ اور دشواریوں کا سامنا تو ضرور رہے گا ۔ لیکن غیر معمولی جدوجہد ان دشواریوں پر آخر کار غالب آجائے گی۔ لیکن شرط یہ بھی ہے کہ آپ عادت کے مطابق مایوس نہ ہوں اور متعلقہ افراد کے سامنے خود کو کمتر نہ سمجھیں ۔ ہم یہ بات پہلے بھی متعدد بار آپ کے گوش گذار کر چکے ہیں کہ خود کو احساس کمتری کے چنگل سے آزاد کرانے کی کوشش کریں کیونکہ بعض امور کے سلسلے میں آپ کی ناکامی کا بنیادی سبب احساس کمتری بھی ہے ۔ جب تک آپ اس نفسیاتی مرض سے نجات حاصل نہیں کرتے اس وقت تک (تنہائی کا) کامیاب زندگی گذارنے کا خواب شرمندہ تعبیر نہ ہو سکے گا ۔ گذشتہ ماہ جس کاروبار کی پوزیشن کمزور ہو گئی تھی وہ قدرے درستگی اختیار کر سکتی ہے لیکن آپ کو ہر ملنے والا چانس ہاتھ سے نہیں گنوانا چاہیے بلکہ کوشش یہ کریں کہ کاروباری حلقے میں آپ کی ساکھ کسی نہ کسی طرح دوبارہ بحال ہو جائے کسی کام میں اگر نفع کم بھی ہو تو اسے حاصل کر لیں تاکہ کاروباری حلقہ میں یہ احساس بھی قائم رہے کہ آپ خاصے مصروف ہیں اس طرح آپ آسانی کے ساتھ کسی بڑے کام کو بھی ہاتھ میں لے سکیں گے ۔ اگر کسی بھی قسم کے مشترکہ بزنس میں حصہ لینے کی پیشکش ہو تو بلا تامل قبول کریں۔ انشاءاللہ آپ مشترکہ کاروبار کے ذریعے بھی اس ماہ کافی مالی فائدہ حاصل کرنے میں کامیاب ہوں گے ۔ البتہ پچھلے چند مہینوں کے دوران اخراجات کی رفتار خاصی تیز رہے گی جس کا سبب بیماری یا مقدمہ بازی بھی ہو سکتا ہے ۔ یہ بھی ممکن ہے کہ کوئی دیرینہ

مخالف آپ کو کسی قانونی چکر میں پھنسانے کی کوشش کرے ظاہر ہے کہ اس چکر سے نکلنے کے لئے بھی کافی رقم درکار ہو گی ۔ بہتر تو یہ ہے کہ آپ کسی ایسے شخص یا کام سے کوئی تعلق نہ رکھیں جو کسی بھی لحاظ سے غلط محسوس ہو رہا ہو۔ اس طریقے سے ممکن ہے کہ وہ خطرہ ٹل جائے جو آپ کے سر پر منڈلا رہا ہے۔ بندگان روحانی کے ذریعہ بھی آپ کا کوئی اہم مقصد حل ہو سکے گا۔ اگر آپ حصول مقاصد کی خاطر کوئی روحانی عمل کر رہے ہیں تو پھر کامیابی کے امکانات زیادہ ہیں ۔ زائچے کے آٹھویں گھر کا زحل [illegible] سیارہ مریخ اور زحل کسی حادثے سے بھی دوچار کر سکتا ہے ۔ راہ چلتے یا گاڑی چلاتے ہوئے بہت زیادہ محتاط رہیں ورنہ اس ماہ آپ کسی سنگین حادثے کی لپیٹ میں آکر زخمی ہو سکتے ہیں۔ کسی نزدیکی سفر کے دوران بھی جسمانی یا مالی نقصان ہو جانے کا امکان زیادہ ہے ۔ مہینے کے پہلے عشرے کے دوران اچانک آپ کی صحت خراب ہو گی ۔ پیٹ کا کوئی مرض پریشان کرتا رہے گا ۔ اپنے علاج کی طرف سے معمولی سی بھی غفلت نہ برتیں بصورت دیگر یہ معمولی سا مرض تشویشناک صورت اختیار کر جائے گا ۔ ملازمت کرنے والوں کے لئے ماہ معاون قدرے بہتر ہی ثابت ہو گا ۔ کسی مقتدر شخصیت کی غیر معمولی کوششوں کے سبب نہ صرف ترقی ہو گی بلکہ مطلوبہ جگہ تبادلہ بھی ہو سکے گا نئی ملازمت کے متلاشی حضرات کی آرزو پوری ہو گی اور وہ بھی بے روزگاری کے عذاب سے نجات پا سکیں گے ۔ والدین سے وابستہ توقعات پوری ہوں گی اس میں کوئی شک نہیں کہ مخالفین آپ کے خلاف کوئی نہ کوئی چکر چلاتے رہیں گے لیکن بفضل خدا آپ کسی نہ کسی طرح ان کے شر سے محفوظ رہ کر آگے بڑھنے میں کامیاب ضرور ہو سکیں گے ۔ اگر آپ سماجی یا سیاسی کارکن ہیں تو پھر آپ کی مقبولیت میں اضافہ ہو گا ۔ حکومت سے فائدہ ہو سکے گا ۔ چھٹے گھر پر سیارہ شمس اور کا اثر ہو گا جو کہ مختلف رشتہ داروں سے تعلقات مزید بگاڑ دے گا ۔ خصوصاً بھائی بہنوں سے علیحدگی ہو جائے گی ۔ کسی قریبی عزیز سے دائمی جدائی ہونے کا بھی اندیشہ ہے ۔ رہائش کی تبدیلی کا امکان بھی ہے ۔ برسلسلہ تعلیم توقع کے مطابق کامیابی حاصل ہو گی ۔ آپ کی پرعزم جدوجہد کے نتیجے میں مطلوبہ شعبہ تعلیم میں داخلہ بھی مل سکے گا ۔ گھریلو ماحول بفضل خدا خاصا خوشگوار

رہنے کی توقع ہے۔ اولاد کی طرف سے بھی تفکرات میں بہت حد تک کمی ہو سکے گی۔ غیر شادی شدہ حضرات کی منگنی یا شادی کا بھی امکان ہے۔ دیگر تمام حالات حسب سابق رہیں گے۔

خواتین: گزشتہ ماہ دیئے گئے ہمارے مشوروں کا دوبارہ بنظر غور جائزہ لیتے ہوئے ان پر عمل پیرا ہونے کی بھی کوشش کریں تاکہ ان خطرات سے محفوظ رہ سکیں جن کے پیش آنے کا اندیشہ اس ماہ قدرے زیادہ ہے۔ اگر آپ نے ہمارے مشوروں پر عمل کرتے ہوئے میانہ روی اختیار کرلی تو حالات بھی کافی حد تک تبدیل ہو سکیں گے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ سیارہ زحل و مریخ، شمس اور عطارد آپ کے راستے میں رکاوٹیں کھڑی کریں گے۔ لیکن سیارہ مشتری اور زہرہ کی سعدیت آپ کی راہنمائی بھی کرتی رہے گی تاکہ آپ ان رکاوٹوں کے باوجود منزل مقصود تک پہنچ سکیں۔ آپ کے قریبی عزیز اس ماہ بھی مختلف طریقوں سے آپ کو پریشان کرنے کی کوششوں میں مصروف رہیں گے۔ لیکن آپ اپنا طرز عمل نہ بدلیں اور حسب سابق ان کے ساتھ اچھا برتاؤ ہی کرتے رہیئے۔ تاکہ یہ بگڑ جائیں اور کسی بھی مرحلے پر آپ کی کھل کر مخالفت نہ کر سکیں۔ ہم پہلے کی طرح اس بار بھی یہی تلقین کریں گے کہ اپنا مزاج ضرور بدل دیجئے تاکہ آپ کے ہمدردوں کی تعداد میں کمی نہ آسکے۔ ویسے بھی اندر ہی اندر کڑھتے رہنے سے صحت پر بھی خاصا برا اثر پڑتا رہے گا۔ خود کو احساس کمتری کے چنگل سے بھی آزاد رکھنے کی کوشش کریں۔ یہی جذبہ احساس کمتری اکثر آپ کے کاموں میں دشواریاں پیدا کرنے کا بنیادی سبب بنتا رہا ہے۔ آپ ہر شخص پر ضرورت سے زیادہ بھروسہ بھی نہ کیا کریں۔ کیونکہ اس دنیا میں بہت کم افراد کو سچ پسند ہوتا ہے۔ اس حقیقت کو بھی اپنے پیش نظر رکھا کریں کہ ہر چمکدار چیز سونا نہیں ہوا کرتی۔ بعض اوقات تو بعض اپنے حصول مطلب کی خاطر رشتے بھی دھوکا دے جاتے ہیں۔ آپ کے گھر کا ماحول خاصا خوشگوار رہے گا۔ شوہر سے وابستہ توقعات پوری ہوں گی۔ اولاد کی جانب سے تفکرات کا خاتمہ بہت حد تک ہو سکے گا۔ راہ چلتے یا امور خانہ داری انجام دیتے ہوئے بہت زیادہ احتیاط برتیں۔

اس ماہ کسی حادثے کی وجہ سے زخمی ہو جانے کا اندیشہ زیادہ ہے۔ آمدنی و اخراجات یکساں رہیں گے۔ صحت جسمانی بھی خراب رہے گی۔ خصوصاً پہلے چند دنوں کے دوران معمولی سا مرض بھی پریشانی کا باعث بن سکتا ہے۔ ملازمت سے وابستہ خواتین کی دیرینہ خواہش پوری ہوگی۔ ترقی اور تبادلے کا امکان ہے۔ تفریحی سفر ہرگز نہ کریں نقصان ہوگا۔ بسلسلہ تعلیم شاندار کامیابی حاصل ہو سکے گی۔ غیر شادی شدہ لڑکیوں کی منگنی یا شادی کا امکان اس ماہ بھی موجود ہے۔ دیگر تمام حالات حسب سابق رہیں گے۔

ماہ رواں کی ۲-۸-۱۶-۲۱-۲۲-۲۶-۲۹ر تاریخ خاص نحس ہے

اس ماہ بھی ستاروں کی پوزیشن آپ کے موافق نہیں ہے۔ خوشی کم اور رنج زیادہ ہوں گے۔ کسی کام کے بھی بہ آسانی ہونے کی توقع نہیں ہے۔ غیر تو غیر اپنے بھی جلتی پر تیل ڈالنے کا فرض پورا کریں گے۔ ہاں اگر آپ تمام حالات کا اچھی طرح جائزہ لینے کے بعد انتہائی احتیاط سے ہر کام کو انجام دینے کی کوشش کرتے رہے تو پھر شاید بات کچھ بنتی چلی جائے۔ یہ تو ایک حقیقت ہے کہ انتہائی اندھیروں میں کہیں نہ کہیں سے روشنی کی ایک چھوٹی سی کرن بھی نمودار ہو ہی جایا کرتی ہے اور ذہین لوگ اسی معمولی سی روشنی کے سہارے اپنا حقیقی راستہ تلاش کرنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔ سیارہ زحل، مریخ، شمس و عطارد کی نحس ترین شعاؤں کی راہ میں آپ کا دوست ستارہ زہرہ ہمراہ عطارد حائل ہے۔ چنانچہ اسی ایک اچھے سبب کی بنیاد کو پیش نظر رکھ کر بہتری کی توقع رکھی جا سکتی ہے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ آپ کسی بھی منزل تک مرحلے پر ہوش و حواس اور ضبط باقی نہ چھوڑیں۔ کسی کام میں جلد بازی کا مظاہرہ بھی نقصان کا باعث بن سکتا ہے۔ گیارہویں گھر کا مالک زحل زائچے کے پہلے گھر توقعات کے محل مسمار کرنے کے ساتھ ساتھ اچھے بھلے دوستوں کو بھی آپ کے خلاف کھڑا کر رہا ہے۔ خاص طور پر اپنے ایک گندم نما جو فروش دوست

کی جانب سے بہت زیادہ ہوشیار رہیے۔ وہ اپنے کسی اندرونی انتقامی جذبے کی تسکین کے لئے ایسے وقت کا منتظر ہے جبکہ آپ اپنی الجھنوں کی وجہ سے ذہنی طور پر مفلوج ہو کر اس سے مدد طلب کریں اور وہ آپ سے گئے وقت کا پورا پورا حساب لے سکے۔ ہم نے گذشتہ ماہ بھی یہی مشورہ دیا تھا کہ اپنے کسی بھی دوست پر ضرورت سے زیادہ بھروسہ نہ کریں۔ دوستی کا معیار وہ نہیں جو آپ کے ذہن میں ہے۔ حقیقی دوست تو وہ ہوتا ہے جو برے وقتوں کے دوران ہر لحاظ سے مدد کرنے پر ہمیشہ تیار رہے۔ مصلحت آمیز دوستی تو کسی بھی لمحے ٹوٹ جایا کرتی ہے۔ اگر آپ کا کوئی حقیقی دوست موجود ہے تو اس وقت اس کی آزمائش کرنا بھی غلط سی بات ہے۔ کیونکہ ہو سکتا ہے کہ وہ غریب اپنی دشواریوں کے سبب آپ کے لئے کچھ نہ کر سکے۔ دوسرے گھر کا مالک سیارہ مریخ ساتویں گھر میں بالمقابل زحل گھریلو اخراجات اور الجھنوں میں اضافہ کر دے گا۔ اپنے گھریلو حالات پر بھی گہری نظر رکھیں۔ خصوصاً والدین، بھائیوں اور اہلیہ کی ظاہری باتوں اور طرز عمل کو نظر انداز کرتے ہوئے یہ معلوم کرنے کی کوشش ضرور کر لیں کہ یہ سب لوگ اندر سے کیا ہیں؟ اور انہیں آپ سے فرداً فرداً کتنی ہمدردی ہے اس طرح آپ کسی صحیح نتیجہ پر پہنچ کر اندرونی خلفشار کو ختم کرنے میں بہت حد تک کامیاب ہو سکیں گے۔ اگر آپ اپنوں کے ہی غلط خیالات سے آگاہ ہو جائیں تو بھی اس کا کھلم کھلا اظہار کسی پر نہ کیجئے بلکہ ان حقائق کی چھان بین کریں جو ان حالات کا اصل سبب ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ ایسا محض آپ کی ذاتی غلطیوں، لاپرواہی یا غلط قسم کے طرز عمل کی وجہ سے ہی ہو رہا ہو لہٰذا اپنا محاسبہ بھی کیجئے تاکہ گھریلو ماحول کو درست کرنے میں کسی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ گھریلو معاملات کی درستگی کے سلسلے میں تیسرا ہفتہ آپ سے کافی تعاون کرے گا۔ آپ کے کاروبار کی پوزیشن بھی کافی کمزور رہے گی۔ خصوصاً ایسی صورت میں جبکہ آپ کا کوئی "دوست" شریک کار ہو تو پھر غیر معمولی نقصان برداشت کرنے کے لئے خود کو ابھی سے آمادہ کر لیں۔ آپ کے اس دوست کی غلط منصوبہ بندی آپ کو لے ڈوبے گی۔ اگر ممکن ہو تو قدرتی طور پر اس سے علیحدگی اختیار کر لیں تاکہ کچھ نہ کچھ بچ رہے

اگر آپ کا بزنس شراکت میں نہیں بھی ہے تو محتاط ہو کر کاروبار کریں۔ شیئرز یا دوسرے صرافہ مارکیٹ سے تعلق رکھنے والے افراد حالات پر گہری نظر رکھیں۔ زیادہ عرصے تک کسی بھی چیز کا اسٹاک کرنا آپ کے لئے نقصان کا سبب بن سکتا ہے۔ بیڈ شیٹس، سیمنٹ، اجناس، پٹرول، گھی، چینی وغیرہ کے تاجروں کو کچھ نہ کچھ فائدہ حاصل ہوتا رہے گا۔ البتہ تعمیراتی کمپنی کے مالکان کو اخراجات کی بڑھتی ہوئی رفتار کے پیش نظر اپنے منصوبوں میں اہم تبدیلیاں کرنی پڑیں گی۔ خریداروں کی کمی کے سبب بھی ان کی مشکلات میں اضافہ ہونے کا اندیشہ ہے۔ بسلسلہ جائیداد وغیرہ کسی کے ساتھ بھی قانونی لڑائی کرنے کی غلطی نہ کریں بلکہ ہر قسم کے تنازعات کو صلح و صفائی کے ساتھ ہی طے کرنے میں آپ کی بھلائی ہے۔ پہلے ہفتے کے دوران بسلسلہ رہائش آپ کی بنائی ہوئی کوئی اسکیم کامیاب ہو سکے گی۔ اس ماہ کے پہلے تین ہفتوں کے دوران شریک حیات کی صحت تشویشناک حد تک خراب ہو گی۔ ان کا علاج کسی خاص ماہر ڈاکٹر سے کرائیں ورنہ خطرہ بڑھ جائے گا۔ غیر شادی شدہ افراد کا طے شدہ رشتہ ٹوٹ جانے کا اندیشہ ہے۔ مزید کسی منگنی وغیرہ کا امکان بھی بہت کم ہے۔ اولاد کی جانب سے رنج ہو گا۔ جوان اولاد علیحدگی اختیار کرے گی۔ اپنے من پسند فرد پر بھروسہ کرنا بدنامی کا باعث بن سکتا ہے۔ اس معاملے میں جذباتیت کا مظاہرہ آپ کے لئے سخت نقصان دہ ہو گا بسلسلہ ملازمت حالات قدرے بہتر رخ اختیار کریں گے۔ ترقی کا امکان تو نہیں ہے البتہ نمایاں جدوجہد کے بعد کسی بہتر جگہ تبادلہ ہو سکے گا۔ والدین سے وابستہ کوئی اہم توقع پوری ہو گی۔ بھائیوں سے بھی فائدہ ہونے کی توقع ہے۔ اندرون ملک نزدیکی سفر فائدہ مند ثابت ہو گا۔ البتہ بیرون ملکی سفر کے نتائج توقع کے خلاف نکلیں گے۔ اس ماہ بھی آپ کی صحت گاہے بگاہے خراب ہو سکتی ہے۔

خواتین: ہم نے جو مشورے گذشتہ ماہ آپ کو دیئے تھے ان پر ہی عمل پیرا رہنے کی کوشش کریں۔ تاکہ مسائل کسی نہ کسی حد تک حل ہوتے رہیں۔ اس ماہ بھی ستارے آپ کو مختلف الجھنوں کا شکار بنائے رکھیں گے۔ خاص طور پر وہ مسائل جن کا تعلق آپ کی ازدواجی زندگی

سے ہے نہ صرف بڑھیں گے بلکہ ان مسائل کی وجہ سے دیگر معاملات بھی کافی حد تک متاثر ہو سکتے ہیں۔ لہٰذا کوشش یہی کریں کہ کوئی نیا مسئلہ نہ اٹھ کھڑا ہو۔ یہ بھی ضروری ہے کہ آپ اپنے مزاج کی گرمی کو قطعی ختم کر دیں۔ جذباتیت کے مظاہرے خود آپ کے لئے ہی نقصان کا موجب بن سکتے ہیں۔ قریبی رشتہ داروں کے ظاہراً اچھے برتاؤ کی بنا پر خود سر اور ہٹ دھرم بنے رہنا کہیں آپ سے سیکھے۔ کاش آپ بھی غور کرنے کی زحمت گوارہ کر لیں کہ مزاج کی یہ سختی اور غلط قسم کے رشتہ داروں پر ضرورت سے زیادہ اعتماد نے آپ کو کیا دے دیا۔ یہ بات ہم بھی تسلیم کر لیتے ہیں کہ آپ کے شوہر کا مزاج بھی ناقابل فہم ہے اور وہ بھی بعض اوقات آپ سے اچھا برتاؤ نہیں کرتے لیکن اس کا یہ مطلب تو نہیں کہ اینٹ کا جواب پتھر سے دیا جائے۔ ہمارا تو دیرینہ مشاہدہ ہے کہ کسی سخت گیر انسان کے ساتھ مسلسل نرم برتاؤ کیا جائے تو آخر کار وہ بھی اپنی حرکتوں پر نادم ہو کر صحیح راستہ اختیار کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ اس ماہ بھی اگر آپ حالات بدلنے کی کوشش سیاسی انداز سے کرتے رہیں تو مشکلات میں بڑی حد تک کمی واقع ہو گی۔ اگر کسی وقت شوہر صاحب کا موڈ بگڑ جائے تو اپنے محبت بھرے سلوک سے ان کا ذہن اور خیال بدلنے کی کوشش ضرور کیجیے تاکہ متوقع خطوط مل جائے۔ اگر آپ نے ہمارے اس مشورے پر عمل نہیں کیا تو پھر کچھ عرصے کے لئے آپ کو اپنا میکہ ہی آباد کرنا پڑے گا۔ اس ماہ آپ کے شوہر کی صحت تشویشناک حد تک خراب ہو سکتی ہے۔ خصوصی خیال رکھیں۔ خطرہ کچھ زیادہ ہی نظر آ رہا ہے۔ بر سلسلہ تعلیم مایوسی بڑھے گی اولاد سے وابستہ توقع پوری نہ ہو سکے گی۔ بلکہ اولاد سے علیحدگی ہونے کا اندیشہ زیادہ ہے۔ اپنی سہیلیوں سے بھی حتی الامکان دور رہیے۔ ورنہ کوئی چھپا ہوا راز آشکار ہو جائے گا۔ جس کی وجہ سے سخت بدنامی ہو سکتی ہے۔ غیر شادی شدہ لڑکیوں کی منگنی یا شادی کا امکان بہت کم ہے۔ بر سلسلہ ملازمت کوئی توقع پوری ہوگی۔ اخراجات و آمدنی کا تناسب یکساں رہے گا۔ دیگر تمام حالات حسب سابق رہیں گے۔

ماہ رواں کی ۳-۸-۱۴-۱۵-۱۶-۲۲-۲۴ تاریخ خاص منحوس ہے۔

(بقیہ: بیاض خاص اکسیری)

۵ تولہ۔ چونا ان کو ملا کر [illegible] کی آنچ میں پانچ سیر پانی ڈال کر خشک کریں۔ اسی طرح [illegible] عمل کریں ہر بار [illegible] ڈال کر خشک کریں۔ یعنی ۲۱ دفعہ معمول [illegible] قائم النار ہو گا۔

نوشادر سرخ رنگ قائم: نوشادر ۲ تولہ۔ شنگرف [illegible] زنگار ملکہ ۱ تولہ [illegible] کے [illegible] دیں [illegible] نوشادر سرخ رنگ قائم ہو گا۔ ایک رتی [illegible] تولہ کا کو [illegible] لال دیتا ہے۔

چاندی کرش: ورقیہ۔ شورہ۔ مُرخ کالی۔ نوشادر قلمی۔ سنگھیا زرد ملکہ ۳ ماشہ سفوف کریں اب چاندی ۱ تولہ وس ۱ ماشہ حل کر دیں۔ ان ادویہ کی چٹکیاں [illegible] تین چٹکیاں دیں حتیٰ کہ چار عدد آ جائیں پھر فی تولہ تیار شدہ زر اصل ملائیں۔

اکسیر سرخ: پرچارہ سم الفار۔ ورقیہ۔ شنگرف ہر ایک ۱ تولہ ان سب کو زہرہ مُرغ میں چالیس روز متواتر سحق کریں اکسیر تیار ہے۔

شنگرف سنڈھ قائم: تامبہ آہنی پر سفوف ابرک نصف چھٹانک رکھ کر اوپر چٹکی بھر سہاگہ پھر نوشادر ملکہ ½ ۲ تولہ رکھیں پھر ½ ۱ تولہ شورہ رکھیں اور پھر دو تولہ زنجفر رکھ کر بالترتیب مذکورہ ادویہ دیں اور ابرک کا سفوف آنے دیں صبح تا شام ہلکی آنچ دیں۔ شنگرف قائم النار سنڈھ ہو گا۔

تحقیق وتحریر
ڈاکٹر فرقان سرمد۔ کراچی

برج سرطان کے اثرات

تعارف برج سرطان

جون ۲۲ سے جولائی ۲۳ کے درمیان پیدا ہونے والوں کا برج سرطان ہے حساس، حاسد، خود اعتبار، محنت کش لوگوں کا برج ہے۔

نشان = کیکڑا — سیارہ = قمر
عنصر = آبی — ماہیت = منقلب
خوش بختی کا عدد = "۲"، (دو) اور "۷"، (سات)۔
موافق پتھر = مروارید۔ عقیق زرد۔ عقیق سبز۔
موافق دھات = چاندی۔ تانبہ۔
موافق رنگ = بھورا۔ سرخ۔
منسوبی حروف = ح۔ ہ۔ ڈ۔ — موافق دن = پیر۔
موافق پھول = سفید گلاب۔ — ذائقہ = نمکین آمیز۔
حس = بصیرت کی حس۔ — سمت = شمال۔
متعلقہ اجناس = چاول۔ کیلا۔ انار۔
متعلقہ ممالک = اسکاٹ لینڈ۔ جنوبی افریقہ۔ چین۔ نیدرلینڈ۔ نیوزی لینڈ۔
موافق دوائی = کلکیریا فاس (calc . Phos)
موافق سورتیں = ہود۔ حج۔ حم السجدہ۔ حجرات۔ حاقہ۔

دوستی

برج سرطان کے تحت پیدا ہونے والوں کی دوستی کن برجوں والوں سے اچھی رہے گی نیچے ملاحظہ کیجئے۔

بہتر = عقرب۔ حوت۔
ٹھیک = ثور۔ سنبلہ۔
ناموافق = حمل۔ میزان۔ جدی۔
غیر جانبدار = جوزا۔ اسد۔ قوس۔ دلو۔

بیماریاں

برج سرطان کے تحت پیدا ہونے والے افراد اکثر درج ذیل بیماریوں کا شکار ہوتے ہیں۔

- بدہضمی ○ کینسر ○ ٹی بی
- معدہ کی تکالیف ○ جلدی امراض ○ گھٹنوں کی تکلیف۔
- استسقاء ○ رحم کی تکالیف ○ سانس کی بیماری۔
- گردوں کی تکالیف ○ دمہ ○ پرانی کھانسی۔
- پھوڑا پھنسی ○ دردِ پیٹ ○ جلندھر
- پیروں کی سوجن ○ گلے کا بیٹھنا ○ عورتوں میں نظام دودھ۔

قدرتی وسائل صحت

تبدیلی آب و ہوا، ساحلی علاقے کی سیر اور پانی کے نزدیک رہائش ان کی صحت برقرار رکھنے کے لئے ضروری ہے۔

خوراک

صبح جاگنے پر ٹھنڈے پانی کا ایک گلاس لیں۔ گوشت قطعاً نہ کھائیں۔ ہاں مچھلی کھا سکتے ہیں۔

علاج

قشر انار ایک تولہ۔ گل نیلوفر ایک تولہ۔ بارتنگ ایک تولہ۔ لے کر پیس لیں اور ۶ ماشہ صبح کے وقت کھا کر اوپر سے گائے کے دودھ سے بنی ہوئی دہی پی لیں۔ ہمیشہ صحت قائم رہے گی۔

موزوں پیشے

برج سرطان کے تحت پیدا ہونے والے کن پیشوں اور کاروبار میں کامیاب ہو سکتے ہیں ذیل سے ملاحظہ کریں۔

★ بزنس ★ نرس ★ ہوٹل کا کام
★ ماہی گیر ★ کشتی سازی ★ ہاؤس وائف
★ گروسری کا منیجر ★ ملاح ★ تاریخ دان
★ ماہر آثار قدیمہ ★ مہتمم عجائب خانہ ★ جائیداد کے ایجنٹ
★ دوکاندار ★ پلمبنگ ★ لانڈری کا کام

★ باغات کی مارکیٹ ★ گھریلو اشیاء کی سپلائی کرنے والے
★ مائع اشیاء کی تجارت۔
★ محصول یا ٹیکس وصول کرنیوالا ★ داروغہ ★ کارندہ۔
★ کلرک ★ مالی ★ دودھ فروش۔

چند مشہور شخصیات

اقبال اعظم۔ اکبر لکھنوی۔ روشن صدیقی۔ صدر جیرالڈ فورڈ۔ امیر شیخ عیسیٰ بن سلیمان۔ صدر سوکارنو۔ شاہ لوئی چہارم۔ صدر الفانسو لانسپرا ایکل سن۔ شاہ فرانسز جوزف۔ شاہ جیمز ثانی۔ جین کلاوڈ ڈو ویلیر۔ دیبراں۔ ہنری وارڈ بیچر۔ رالف والڈو ایمرسن۔ شاہ جیمس اوّل۔ سر رابرٹ بال۔ سیسل رہوڈز۔ جان لوئن۔ جان کوئنسی ایڈمس۔ الیگزینڈر دی گریٹ۔ جیکوک۔ بارنم۔ جوزف چیمبرلین۔

شناخت

اس برج کے زیر اثر پیدا ہونے والے پستہ قد ہوتے ہیں۔ انکے نقوش گہرے ہوتے ہیں، چہرہ گول، بھنویں اونچی، گردن فربہ، سر گول، چہرہ موٹا اور بعض اوقات دوہری ٹھوڑی ہوتی ہے۔ ان افراد کا سینہ نمایاں ہوتا ہے

پیشانی کھلی ہوئی اور بال بھورے یا سیاہ ہوتے ہیں۔

یہ لوگ جھومتے ہوئے چلتے ہیں۔

سرطانی افراد سفر پسند کرتے ہیں۔ کھانے کے معاملے میں گفتگو کرتے ہیں۔ رشتہ داروں سے بہت ملتے ہیں۔ یہ لوگ اپنی ماں کی عادات سے متاثر ہوتے ہیں۔ یہ لوگ حسن پرست اور محبت کے دیوانے ہوتے ہیں۔ یہ لوگ کفایت شعار ہوتے ہیں۔ وفادار، ہمدرد، اور حساس ہوتے ہیں۔ تنقید سے گھبراتے ہیں۔ ان کا وزن بڑی آسانی سے بڑھ جاتا ہے۔

سرطانی افراد دوسروں کے موڈ کے متعلق بہت حساس ہوتے ہیں۔ انکی ذہنی توجہ زیادہ تر اچھے کاموں کی طرف مائل ہوتی۔ انکی یادداشت بہت اچھی ہوتی ہے اور یہ لوگ روحانی صلاحیتوں کے مالک ہوتے ہیں۔ یہ لوگ اپنے خاندان کا پورا ریکارڈ رکھتے ہیں۔ یہ لوگ اپنے بڑوں کی عزت کرتے ہیں۔ یہ لوگ اپنے پر بھروسہ رکھتے ہیں۔ انتہائی پختہ طبیعتوں کے مالک ہوتے ہیں، ہمیشہ تضاد کا شکار رہتے ہیں۔ ان لوگوں کیلئے ماضی ایک حقیقت ہوتی ہے۔ ہمدردی کا جذبہ انکی جبلی فطرت کا ردعمل ہوتا ہے۔

سرطانی افراد جذباتی، موڈی، ضدی، نکتہ چیں، اکھڑ، بے سلیقہ اور غیر مستقل مزاج ہوتے ہیں۔ بے مقصد حیران ہوتے ہیں۔ یہ لوگ آسانی سے خوشامد میں آجاتے ہیں۔ یہ افراد اکثر احساس کمتری کا شکار رہتے ہیں جس کی وجہ سے بہت زیادہ جذباتی ہو جاتے ہیں۔ یہ لوگ بہت زیادہ حساس ہوتے ہیں۔

گھریلو زندگی سے دلچسپی رکھتے ہیں۔ ان افراد کے لئے پھل اور کچی سبزیاں مفید ہیں۔ اور پانی کے قریب رہائش بہت ضروری ہے۔

بچے

اس برج کے تحت پیدا ہونے والے بچے گول مٹول ہوتے ہیں۔ چہرہ گول ہوتا ہے اور آنکھیں ایک دوسرے سے قدرے بڑی ہوتی ہیں۔ ان بچوں کی ناک چھوٹی اور نوکدار ہوتی ہے۔ بال ملائم ہوتے ہیں۔ ہاتھ اور پاؤں چھوٹے اور گداز ہوتے ہیں۔ انکی چال بے ڈھنگی ہوتی ہے۔ یہ بچے اپنی دلچسپی کی چیزوں کی طرف جلدی متوجہ ہو جاتے ہیں سمجھدار اور وفادار ہوتے ہیں۔ یہ بچے تفریح پسند ہوتے ہیں اور ایڈونچر کے دلدادہ۔ یہ بچے بے حد زیادہ خود شناس اور رومانی قسم کے ہوتے ہیں۔

یہ بچے چونکہ بہت زیادہ حساس ہوتے ہیں اسلئے بیرونی عوامل کی وجہ سے جلد ہی عجیب و غریب نفسیاتی کشمکش کا شکار ہو جاتے ہیں۔ یہ بچے تحفظ اور پناہ گاہ کے متلاشی ہوتے ہیں۔ فطرتاً خاندان پرست ہوتے ہیں۔ سرطانی بچے موڈی ہوتے ہیں اور تنہائی کو پسند کرتے ہیں۔ یہ بچے گھومنے پھرنے کے شائق ہوتے ہیں۔

سرطانی بچے مختلف چیزیں جمع کرنے کے شائق ہوتے ہیں۔ ان بچوں میں خود پر رحم کھانے کا رجحان بھی پایا جاتا ہے۔ یہ بچے جلدی پریشان ہو جاتے ہیں۔ یہ بچے اپنے خیالات اور اپنے تجربات میں رنگ بھرتے رہتے ہیں۔ یہ بچے آہستگی سے تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ یہ بچے خاندانی پیشوں یا کاروبار میں آسانی سے منسلک ہو جاتے ہیں۔

سرطانی بچے سنجیدہ اور متفکر ہو کر سوچ بچار کی طرف مائل ہو جاتے ہیں۔ ان بچوں کی ذہنی ترقی دوسرے بچوں کی نسبت ذرا دیر سے ہوتی ہے یہ بچے امتحان میں نمایاں کامیابی حاصل نہیں کر پاتے۔

مرد

سرطانی مرد درمیانے جسم کے مالک ہوتے ہیں۔ ناک اوپر کو مڑی ہوئی ہوتی ہے۔ اور ان کا نچلا جبڑا بہت نمایاں ہوتا ہے۔

وبچے ابھرے ہوئے ہوتے ہیں۔ چہرہ بے رونق ہوتا ہے اور
قدم کی آواز بھاری ہوتی ہے۔

سرطانی افراد تعفاد کا شکار رہتے ہیں۔ جذبات ان لوگوں کے
قبضہ میں ہوتے ہیں۔ اور وہ خود محسوس کر سکتے ہیں۔ یہ لوگ اپنی خاندانی،
قومی اور مذہبی تاریخ کو انتہائی اہمیت دیتے ہیں۔ یہ لوگ فطرتاً ڈرامہ
پسند ہوتے ہیں جس کی وجہ سے ہنگاموں سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔ ان
افراد کا تخیل دائمی عقدیت کا خواہش مند ہوتا ہے جسکا اظہار تاریخ، کتابوں،
ڈرامہ اور سینما سے دلچسپی میں ظاہر ہوتا ہے۔ یہ لوگ تمسخر کے خوف سے دکھوں
سے بند رہتے ہیں۔ سرطانی مرد شہرت اور انفرادیت چاہتے ہیں۔
سرطانی مرد انتہائی بلندی پر پہنچ کر شاذ ہی پستی میں گرتے ہیں۔ اور جب
سرطانی مرد شدید دکھ میں مبتلا ہوتے ہیں تو انکی جنسی خواہشات ذلت پسندی
میں تبدیل ہو جاتی ہے۔

عورتیں

سرطانی عورت نسبتاً لمبے قد کی ہوتی ہے
جبڑا مضبوط ہوتا ہے۔ انکی آنکھیں دھنسی ہوئی ہوتی ہیں
کمر ہے اور رانیں بھاری ہوتی ہیں۔ سرطانی عورتوں کے پاؤں بڑے ہوتے
ہیں اور جلد کسی حد تک پیلی۔

سرطانی عورت کا خاصہ اس کی مادرانہ جبلت ہے۔ اگر اسے
اپنے اس گوشۂ حیات میں مایوس ہونا پڑے گا تو وہ خوابوں میں کھو
جاتی ہے۔ اگر ابتدائی عمر میں شادی ہو جائے تو سرطانی عورت مسرور ترین
عورت ہوتی ہے۔ سرطانی عورتیں تلافی کے لئے کھانے کی جانب راغب
ہوتی ہیں جس کے نتیجے میں موٹی ہو جاتی ہیں۔ ان عورتوں میں صبر کا مادہ
کم ہوتا ہے۔ شدید رشک، آزادی، بے چارگی اور تنہائی سے یہ
عورتیں بدل جاتی ہیں۔

سرطانی عورتیں حسن پسند اور محبت کی متوالی ہوتی ہیں۔ یہ عورتیں
کافی سمجھدار ہوتی ہیں۔ سرطانی عورتیں غیر ارادی طور پر محبت کرنے والوں
کو پسند کرتی ہیں۔ سرطانی عورت امور خانہ داری میں ماہر ہوتی ہے علاوہ
ہنر کو پسند کرتی ہے۔ موسیقی سے انہیں گہرا لگاؤ ہوتا ہے اور ڈراموں
میں دلچسپی لیتی ہیں۔

افرادی تعلق

سرطانی افراد کی چاہتیں گہری ہوتی ہیں۔ یہی وجہ ہے
کہ سرطانی افراد خاندانی رشتوں اور دوستیوں کو ختم نہیں کرتے چاہے
کتنے ہی وقت اور فاصلے کیوں نہ ہو۔ ان لوگوں کو زبان دانی کا بھی شوق
ہوتا ہے جس کی وجہ سے یہ لوگ اکثر غیر ملکی افراد سے بھی دوستی نبھاتے ہیں۔
سرطانی افراد دوستوں کی مہربات پر نکتہ چینی کرتے ہیں۔ اور دولت
مند دوستوں کی قربت میں اپنا زیادہ سے زیادہ وقت گذارنا چاہتے
ہیں۔ سرطانی افراد ہر مزاج کے لوگوں میں جلدی ہی گھل مل جاتے ہیں۔
جو لوگ انکی حوصلہ افزائی کرتے ہیں انہیں بہت پسند کرتے
ہیں اور اُسے اپنا دوست رکھتے ہیں چونکہ یہ لوگ راست باز ہوتے ہیں
لہٰذا مبالغہ آرائی سے شدید نفرت کرتے ہیں۔ تھیٹر اور فلم پسند کرنے
والے دوستوں سے خوش رہتے ہیں۔

والدین

سرطانی والدین اپنے بچوں کو مل جل کر رہنے کی تربیت
دیتے ہیں۔ یہ لوگ چاہتے ہیں کہ انکے بچے کھیلوں میں سرگرمی
سے حصہ لیں۔ سرطانی مائیں بچوں کو خود سے علیحدہ نہیں کر سکتی۔ انہیں مشورہ
دیتی ہے اور ہمدردی کرتی رہتی ہے

شراکت

ان لوگوں کے ساتھ چونکہ بہت سی پریشانیاں لگی رہتی
ہیں لہٰذا یہ بحیثیت شریک بہت پریشان رہتے ہیں
اور دوسروں کو بھی پریشان کرتے ہیں۔ البتہ یہ افراد راست باز ہوتے ہیں
اور دھوکا نہیں کرتے۔ شراکت میں بیرونی کام بہت خوبی سے انجام دیتے
ہیں البتہ دفتر میں زیادہ بیٹھنا پسند نہیں کرتے ہیں۔ لیکن محتاط ہوتے
ہیں اور آہستہ آہستہ خرچ کرتے ہیں۔ یہ لوگ جلد ہی جلدی پیشہ تبدیل
کر لیتے ہیں۔

بحیثیت منتظم

سرطانی افراد حوصلہ افزائی کو بہت پسند
کرتے ہیں۔ دفتر میں کام کرنے والوں سے جلد
ہی گھل مل جاتے ہیں۔ اور ملازمین کو دفتر کی روایات کا تحفظ فراہم
کرتے ہیں۔ یہ لوگ دفتر میں بہت کم وقت گذارتے ہیں۔ زیادہ تر غیر ملکی
دوروں پر چلے جاتے ہیں۔ اور کام کی نوعیت تبدیل کرتے رہتے ہیں۔

سرطانی افراد حساس، راست باز اور بااصول ساتھیوں کو بہت پسند کرتے ہیں۔ ویسے
لوگوں کو بہت پسند کرتے ہیں جو انکی رہنمائی کرتے رہیں۔ ملازمین کو ایسے موڈ پر چھوڑ دیتے ہیں کہ
جو نوٹس لیتے ہیں تو وہ بھی بڑا سخت ہوتا ہے۔ یہ لوگ بھی جھگڑا ناپسند کرتے ہیں لیکن اپنے بجائے
[illegible] ایسے گروہ کو پسند کرتے ہیں۔

محمد اسحاق شاہد

(ملتان)

مستحصلہ قرآنیہ

قرآن ناطق کی ایک جھلک

آپ لوگ بخوبی جانتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی پاک کتاب قرآن مجید فرقان حمید میں انسانی زندگی کے متعلق ہو یا دینی مسئلہ ہو اس کتاب پاک میں سب چیزوں کا حل موجود ہے یقیناً ہر مسلمان کے لیے یہ کتاب رہبر کامل ہے۔ جہاں علمائے سلف نے جفر کے حصہ آثار میں کام لیا وہاں حصہ اخبار پر بھی بھرپور سفارش کیا ہے۔ مختلف آیات اور مختلف اسماء باری سے استخراج مستحصلہ تو آپ نے کیا اور دیکھا ہوگا مگر آج میں قرآن مجید سے استخراج مستحصلہ کا ایسا طریقہ پیش کر رہا ہوں جو بہت کم لوگوں کے پاس ہوگا اور یہ مستحصلہ مبتدیوں کے لئے مشعل راہ ثابت ہو وہاں اہل علم بھی اسے پسند فرمائیں گے۔ تشریحات کو مختصر کرتے ہوئے وہ عدد تحریر کروں جس سے مستحصلہ حل ہوتا ہے۔ قانون استخراج کو غور سے سمجھیں بہت آسان اور سادہ سے قواعد ہیں انہیں ازبر کر لیں تو مستحصلہ بچوں کا کھیل بن کر رہ جائے گا۔

شرح :- (۱) اپنے سوال کو با ربط اور مکمل لکھ کر بسط حرفی کریں اب اعداد طرح کے مطابق سطر سوال سے گنتی منسوب کر کے ابتدائی نو حروف حاصل کریں۔ انہیں علیحدہ لکھ لیں۔

(۲) غور طلب بات یہ ہے کہ اوّل آپ نے عدد طرح کو سیدھی طرف سے شمار کیا تھا اور سطر سوال سے بھی سیدھی طرف سے طرح دی تھی مگر اب طرح مقلوب یعنی الٹی طرف ہوگی اور عدد طرح بھی مقلوب شروع ہوں گے اس طرح نو حروف مزید حاصل ہوں گے انہیں پہلے نو حروف کے نیچے لکھ کر اوپر نیچے امتزاج دیں کل اٹھارہ حروف ہوں گے ان اٹھارہ حروف سے مفصل جواب ملے گا مگر آگے کیا کرنا ہے یہ سمجھ لیں۔ جو سطر آپ نے امتزاج سے حاصل کی ہے اسے جمل مترفع کریں یعنی جو حرف پہلی بار آئے اسے بعینہٖ لکھ دیں اگر وہی حرف دوسری بار آئے تو پچھلے کا ترفع غرض یہ کہ جتنی بار حرف آئے اس کا ترفع لیتے جائیں۔

(۳) تکسیر رباعات کریں یعنی ہر چار چار حروف کو موخر صدر کریں۔

(۴) تکسیر رباعات والی سطر کو ۲ بار موخر صدر کر لیں یہ سطر جوابیہ ہے اسے نظیرہ / خود سے ناطق پوری سطر میں ایک دو حروف کو ہم رتبہ سے بوقت اشد ضرورت بدلنا جائز ہے۔

اب مستحصلہ کی مثال حل کرتا ہوں تا کہ جلدی سمجھ میں آجائے مثال سے پہلے عدد طرح ملاحظہ فرمائیں۔

اعداد طرح = ۹ ۷ ۸ ۵ ۳ ۱ ۴ ۶ ۲ =

مثال

یا علیم = سال انیس سو چھیانوے عیسوی میں پاکستان کے سیاسی حالات کیسے ہوں گے۔

بسط حرفی = س ا ل ا ن ی س س و ب ج ا ن و ی ع ی س و ی م ی ن ب ا ک س ت ا ن ک ی س ی ا س ی ح ا ل ا ت ک ی س ی ہ و ن ک ی ۔

حروف مستحصلہ = حصہ اوّل منصوب

ا س ا ن ع م ا س س

(بقیہ صفحہ ۳۴ پر)

از : خالد اسحٰق راٹھور
(لاہور)

(اول)

بچہ جب لکھنے پڑھنے کی عمر میں داخل ہوتا ہے تو مکتب میں پہلا فعل اسں کو حروف کی پہچان کروانا ہوتا ہے۔ کبھی ایسا نہیں ہوا کہ طالب علم براہ راست الفاظ کو پہچان سکے۔ الفاظ کی منزل صرف اور صرف حروف کے راستے سے ہی حاصل ہو سکتی ہے۔

یہی حال عملیاتی دنیا کا ہے۔ روحانی دنیا میں جو اسرار و رموز حروف سے وابستہ ہیں وہ صرف صاحب فن ہی جانتے ہیں۔ حروف کی تاثیر کوئی چھپی ہوئی بات نہیں ہے۔ لیکن کم ہی ان سے فائدہ اٹھایا جاتا ہے۔ حالانکہ علم حروف سادہ اور زود اثر ہے پھر عموماً اس کی طرف وہ توجہ نہیں دی جاتی جس کا یہ علم متقاضی ہے۔ ہماری بے توجہی کے باعث یہ علم گمنامی کا شکار ہوتا جا رہا ہے۔

حروف کا اگر کوئی استعمال رہ گیا ہے تو وہ زکوٰۃ کی حد تک ہے۔ کیونکہ دیگر تمام قسم کی زکوٰۃ کی نسبت حروف کی زکوٰۃ ادا کرنے کو زیادہ بہتر اور عملیاتی لحاظ سے طاقتور خیال کیا جاتا ہے یہاں تک کہ اس زکوٰۃ کے عامل کو کسی دوسری زکوٰۃ کو ادا نہیں کرنا ہوتا۔ تاہم اس سے زیادہ حروف کی افادیت سے کوئی فائدہ نہیں اٹھایا جاتا ہے۔

اس سلسلے میں لکھے جانے والے آئندہ مضامین کا بنیادی مقصد علم الحروف کے مختلف پہلوؤں کو آپ کے سامنے پیش کرنا ہے گو اس سلسلے میں کچھ امور کو ابتدائی مضمون کی ترتیب قائم رکھنے کے لئے بیان کیا جائے گا۔ لیکن آپ سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ آپ عملیاتی قواعد سے کماحقہ واقف ہوں گے۔ بہرحال حسب موقعہ وضرورت آپ کی راہنمائی کی جاتی رہے گی۔

مندرجہ بالا عنوان کے تحت جن امور کو زیر بحث لایا جائے گا۔ ان کی اجمالی تصویر آپ کے سامنے پیش کر رہا ہوں۔ اس سلسلے میں آپ کی طرف سے کوئی مشورہ اور اصلاح ہو تو اس کو خوش آمدید کہا جائے گا۔

۱۔ اصطلاحات۔
۲۔ حروف کے عملیاتی اثرات و فوائد۔
۳۔ حروف سے متعلق مختلف نوعیت کے نقوش۔
۴۔ مختلف حروف سے متعلق کچھ اسماء الٰہی کا بیان۔
۵۔ مختلف حروف سے متعلق سورتوں کے عملیاتی اثرات۔

حروف سے متعلق مختلف نوعیت کے نقوش کے بارے میں میرا ارادہ ہے کہ اس پر سیر حاصل مواد آپ کے سامنے پیش کیا جائے ہر حرف کو موضوع بنا کر مختلف انسانی مقاصد کے حصول کے لیے مثلث اور مربع وغیرہ اقسام کے نقوش تحریر کئے جائیں گے۔ کیونکہ نقوش کے سلسلے میں عموماً یہ بات سامنے آئی ہے کہ مختلف ماہر عموماً مثلث یا مربع اقسام کے نقوش لکھتے ہیں۔ گو یہ پُرتاثیر ہیں۔ لیکن مخمس (۵x۵)، مسدس (۶x۶)، مسبع (۷x۷) مثمن (۸x۸)، متسع (۹x۹) یا دوازدہ (۱۲x۱۲) قسم کے نقوش پیچیدگی سے بچنے کے لئے نہیں لکھے جاتے۔ کیونکہ اس نوعیت کا ایک نقش

تیاری میں کافی وقت اور محنت کا طالب ہوتا ہے۔ بہرحال میں کوشش کروں گا کہ اس نوعیت کے نقش آپ کو تیار کر دوں تاکہ عوام الناس ان سے وہ نفع اٹھا سکیں۔ جس سے اب تک وہ محروم رہے ہیں۔ بظاہر یہ ایک مشکل کام ہے۔ تاہم آپ کی دعائیں، حوصلہ افزائی اور مثبت تنقید اس کی تکمیل کا باعث ہوگی۔

ذیل میں چند اصطلاحات بیان کی جا رہی ہیں۔ ان کے علاوہ دیگر اصطلاحات کی موقع بہ موقع تشریح کی جاتی رہے گی۔

اصطلاحات :

ابجد ـــ عملیات میں یوں تو ۲۸ ابجدیں مروّج ہیں تاہم ان کی بنیاد ابجد قمری ہے۔ میں جب بھی حروف کی عددی طاقت (قیمت) کے بارے میں بات کروں گا تو اس سے مطلب ابجد قمری ہی ہوگا۔ کسی اور ابجد کو اس سلسلے میں زیر بحث نہیں لایا جائے گا۔ جب تک کہ اس کا بطور خاص ذکر نہ آئے

ابجد قمری

ا ب ج د ھ و ز ح ط ی ک ل م ن

۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰ ۲۰ ۳۰ ۴۰ ۵۰

س ع ف ص ق ر ش ت ث خ ذ ض ظ غ

۶۰ ۷۰ ۸۰ ۹۰ ۱۰۰ ۲۰۰ ۳۰۰ ۴۰۰ ۵۰۰ ۶۰۰ ۷۰۰ ۸۰۰ ۹۰۰ ۱۰۰۰

اقسام حروف : عملیات کے میدان میں حروف کی تقسیم اپنے اندر خاص معنی لئے ہوئے ہے۔ مختلف قسم کے مقاصد کے مطابق مختلف حروف کا استعمال باعث ترجیح ہوتا ہے۔ ذیل میں ان ہی کا بیان ہے۔

حروف نورانی : قرآن حکیم کی کچھ سورتوں کی ابتدا بعض مفرد حروف سے ہوتی ہے۔ یہ حروف تحفظ سمیت بہت سے کاموں میں استعمال ہوتے ہیں یہ کل چودہ ہیں۔

ا ح ھ ط ی ک ل م ن س ع ص ق ر

حروف صوامت : بے نقط حروف، حروف صوامت کہلاتے ہیں اور عموماً بندش کے کاموں میں استعمال ہوتے ہیں۔

ا د ھ ح ر ط ک ل م س ع ص و

حروف ناطقہ : حروف صوامت کے برعکس یہ حامل نقطہ ہوتے ہیں۔ یہ بھی بندش کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔

ب ج ز ی ن ش ت ث خ ذ ض ظ غ ف ق

حروف ظلمانی : یہ کسی کو مرتبے سے گرانے اور تنزل وغیرہ کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔

ب ج و د ز ف ش ت ث خ ذ ض ظ غ

حروف ملفوظی :

جب کسی حرف کو اس طرح لکھا جائے جیسے کہ وہ بولنے میں آواز دیتا ہے تو ایسے حرف کو حرف ملفوظی کہتے ہیں۔

جیسے ا کا ملفوظی الف۔ د کا ملفوظی دال

ذیل میں ایک جدول دی جا رہی ہے۔ اس میں ہر حرف کے ساتھ اس کا ملفوظی حرف اور ملفوظی حرف کے اعداد دیئے جا رہے ہیں۔ یہ ہمارے آئندہ مضامین میں کثرت سے استعمال ہوں گے سو ان کو ذہن نشین کر لیں۔

جدول ابجد ملفوظی

حرف	حرف ملفوظی	اعداد/قیمت	حرف	حرف ملفوظی	اعداد/قیمت
ا	الف	۱۱۱	س	سین	۱۲۰
ب	با	۳	ع	عین	۱۳۰
ج	جیم	۵۳	ف	فا	۸۱
د	دال	۳۵	ص	صاد	۹۵
ھ	ھا	۶	ق	قاف	۱۸۱
و	واو	۱۳	ر	را	۲۰۱
ز	زا	۸	ش	شین	۳۶۰
ح	حا	۹	ت	تا	۴۰۱
ط	طا	۱۰	ث	ثا	۵۰۱
ی	یا	۱۱	خ	خا	۶۰۱
ک	کاف	۱۰۱	ذ	ذال	۷۳۱
ل	لام	۷۱	ض	ضاد	۸۰۵
م	میم	۹۰	ظ	ظا	۹۰۱
ن	نون	۱۰۶	غ	غین	۱۰۶۱

(باقی آئندہ)

عامل شاہد الیاس سیفی منجم و جفار
(ضلع مہانڈی)

تسخیرِ روح

علم جفر میں روحانیت جس نوع پر کام کرتی ہے اگر اس کا اصل و بنیاد کسی کے ہاتھ آ جائے تو دنیا کی بادشاہت اس کی نظر میں کوئی وقعت نہیں رکھتی ۔ ماضی قریب کے بہت سے استاد اور احباب کئی نادر اور نایاب اعمال کے عامل تھے ۔ مجھے فخر ہے کہ میں نے ان کی صحبت پائی ۔ ایسے ایسے قواعد اور اعمال ہاتھ آئے کہ آج جب ماضی کو نگاہ میں رکھ کر دیکھتا ہوں تو بے ساختہ خدائے عز و جل کی بے پایاں کرم کا شکر گزار ہوں کہ اس ذات نے مجھے ایسے بزرگوں کا زمانہ نصیب فرمایا۔ جفر میں شباب تھا مختلف ماہناموں اور دیگر جرائد میں مضامین لکھا کرتا تھا۔ ان دنوں علامہ سید غلام عباس شاد گیلانی جسے اب مرحوم لکھتے ہوئے دل کانپتا ہے، نے مجھ ایسے دور افتادہ دیہات میں رہنے والے سے رابطہ فرمایا پھر یہ رابطہ ان کی حیات مستعار تک رہا ۔ غالباً ۱۹۷۶ء کی بات ہے انہوں نے مجھے اپنے پاس آنے کی دعوت دی ۔ میں جب اُن سے ملنے ان کے در دولت شور کوٹ شہر پہنچا تو اسی ہفتہ انہیں انڈونیشیا سے کسی جفار نے یہ عمل ارسال کیا تھا ۔ بہت سی باتوں کے ساتھ شاد گیلانی مرحوم نے مجھے اس عمل کو آزمانے کے لئے فرمایا ۔ میں اُن دنوں سرکاری ملازمت اختیار کئے ہوئے تھا ۔ عمل کے لئے دفتر سے ہفتہ بھر کی رخصت لینا پڑی مگر اس اعتراف کے ساتھ کہ عمل ناکام رہا ۔ پھر مجھے بھی اس سے ضد ہو گئی ۔ جونہی موسم سرما شروع ہوا رخصت لے کر پھر عمل کیا ۔ غرضیکہ ۴ مرتبہ ناکامی کے بعد کامیابی سے ہمکنار ہوا ۔ اس عمل کو بہت سے اور حضرات نے محض دکانداری کی غرض سے مشہور کر دیا کہ ہم بھی اس کے عامل ہیں ۔ مجھے فخر ہے کہ برادر بزرگ جناب علامہ شاد گیلانی مرحوم نے اُن لوگوں سے اس کی افادیت معلوم کرنے کے لئے منتخب کیا تو وہ حضرات آئیں بائیں شائیں کرنے لگے ۔ غالباً یہ عمل ان کی بیاض (جو میں نے دیکھا یا پایا) کتاب میں بھی مختصر طور پر درج ہے ۔ آج کی نشست میں اس عمل کو بالتفصیل بیان کئے دیتا ہوں ۔ تاکہ اگر کوئی ضرورت مند اسے کرنا چاہے تو اس مضمون کی روشنی میں اسے مکمل کرے ۔

۱۔ عمل عروج ماہ میں شروع کرنا ہوگا ۔

۲۔ ہر روز روزہ رکھنا ہے ۔

۳۔ پرہیز جلالی و جمالی ہوگا ۔

۴۔ دن میں ۵ ۔ ۱۰ میل تک آیا جایا جا سکتا ہے مگر دوسرے کی کوئی چیز استعمال کرنا منع ہے ۔

۵۔ عمل کے اوقات کے علاوہ درود شریف بکثرت پڑھیں ۔

۶۔ عمل پنجگانہ نماز کے بعد ایک مخصوص جگہ پر پڑھنا ہے ۔

۷۔ مغرب، عشاء اور فجر کے اوقات پڑھائی میں خالص سرسوں کا تیل کا چراغ اپنے سامنے روشن کرنا ہوگا ۔

۸۔ عمل با طہارت پڑھیں ۔

۹۔ ہر طرح کی پاکیزگی کا خاص خیال رکھیں ۔

۱۰۔ احرام کی چادر کو عمدہ عطر سے معطر رکھیں ۔

۱۱۔ پڑھائی کے دوران صندل اور عود کا بخور سلگانا ہوگا ۔

۱۲۔ عمل کا تذکرہ کسی سے نہ کریں البتہ جس شخص سے اجازت لی ہے اسے روزانہ کی کیفیت سے آگاہ رکھیں ۔

۱۳ - دوران جاپ صرف دال مونگ استعمال میں لائیں۔

۱۴ - جس کمرہ میں عمل کر رہے ہوں اس میں آپ کے سوا کوئی اور اتنے دن داخل نہ ہو۔ اس کمرے کی صفائی آپ خود کیا کریں۔

۱۵ - دن کو بقدر صحت نیند پوری کر لیا کریں تاکہ دوران پڑھائی غنودگی طاری نہ ہو۔ غنودگی طاری ہو گئی تو عمل ضائع ہو گیا۔

۱۶ - عمل ٹھہر ٹھہر کر اور پوری احتیاط سے پڑھیں۔

۱۷ - اگر آبادی سے باہر ایسا مکان میسر آ جائے تو بہت اچھا ہے۔

۱۸ - جب حاضری ہو تب پورے ہوش و حواس میں رہ کر عہد و پیمان لیں۔ اور اس سے حاضری کا طریق اور کاموں کی نوعیت معلوم کر لیں۔

۱۹ - تسخیر کی مدت طے کر لیں۔ نیز یہ بھی اسی وقت طے کر لیں کہ آپ کے اور دیگر اہل خانہ کے آرام و آسائش میں تو مخل نہ ہوگا۔

جب روح کی حاضری ہوتی ہے تب کمرے میں بھینی بھینی خوشبو اور دل میں ایک عجیب سا سرور پیدا ہوتا ہے۔ حاضری سے چند دن قبل گانے بجانے اور مدہم آوازیں مردوں اور عورتوں کی ملی جلی آوازیں سننے میں آتی ہیں۔ بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ کمرے کی چھت پر کسی انسان کے چلنے کی آہٹ محسوس ہوتی ہے۔ یہ سب باتیں اس امر کی دلالت کرتی ہیں کہ عمل درست جا رہا ہے۔

عمل : عملیو شن

تعداد پڑھائی : ہر نماز کے بعد صرف پندرہ صد (۱۵۰۰) مرتبہ ہے۔

عمل شروع کرتے وقت رجال الغیب آپ کی پشت یا بائیں ہوں۔

مدت عمل اکتالیس (۴۱) یوم ہے۔

(بقیہ : مستحصلہ قرآنیہ)

ک س ت ا ا ی و ی و س س حروف حصہ دوم مقلوب

امتزاج

الکلاس ات ن ن ع د م و ا ی ک ن و س س = اساسس

اکس ع ب ت ک س ع ر ا م و ر ح ک ف ز ع ق = جبل مترقع

ع اک ک س ب ن ت ا م ی ی ع ف و ک ن ح ز ع ق = تحکیر رجات

ق ا ع ص ر س ح ک ک س و ت ف ن ع ت ی ا م س ن = مرفقہ صدر عطے

م و م ح ا ی و ت ع ز ن س ف ح ب ک و ک س = موخر صدر

م ا ق ب ی ا و ح ا ع ز ف ا ع ف ج ب ر ر ک ک س = جواب نظیرہ خود

سقم بجد عجز نفس جبر کسر مرکب

لیجئے آپ کی توجہ کے لئے اور غور و خوض کے لئے جواب حاضر ہے مفہوم خود اخذ کر لیں اور مستحصلہ کی داد دیں حالات آپکے سامنے ہیں۔

سید وارث علی شاہ جیلانی ایم اے
ادارہ فیضان۔ فیصل آباد

الکیمیاء
(قسط ۳)

بیاض خاص اکسیری

کشتہ الماس : الماس دو سرخ۔ تیزاب شورہ ایک تولہ پیالی چینی میں ایک ہفتہ رکھ چھوڑیں۔ پھر نکال کر مغز ریٹھہ اور سم الفار سفید، ملکہ دو ماشہ پیس کر تیزاب شورہ سے نغدہ بنا کر درمیان رکھیں ... کر بوتہ گلی میں بند کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں کشتہ ہو جائے گا۔

تکلیس الماس : سم الفار سفید۔ کافور۔ افیون۔ شنگرف ... (کاربیہ سائینائڈ) ملکہ ایک ماشہ۔ فاسفورس ۳ ماشہ سب کو ملا کر باحتیاط خوب محق کریں۔ جب سب ادویہ موم بن جائیں تو کنی الماس پر لگا کر چمٹی میں پکڑ کر آگ کوئلہ پر پھیرتے رہیں۔ پندرہ منٹ میں الماس پھول کر کشتہ ہو جائے گا۔ اس کی پہچان یہ ہے کہ دیکھیں جب پھول گئی ہے تو سمجھ لیں کہ ہیرا کشتہ ہو گیا ہے۔ اس کی خوراک خشخاش کا دسواں حصہ ہے صرف ایک بار۔ بہتر ہے کٹھالی میں کشتہ کریں۔

کشتہ مس : سلور نائٹریٹ ایک اونس چینی کے ظرف میں ڈال کر دو سیر پاؤ گرم پانی ڈال دیں پھر دس تولہ سیماب ڈال دیں ہاتھ سے ملتے رہیں۔ حتیٰ کہ سیماب گرہ بن جائے پھر گرم پانی سے دو تین مرتبہ گرہ کو دھو لیں پھر خاکستر پھٹکڑی۔ نوشادر۔ سم الفار سفید ملکہ ۳ تولہ پانی ڈال کر نغدہ بنائیں درمیان گرہ مذکور رکھ کر ایک ہانڈی میں ڈیڑھ سیر ... اوپر کے سفوف کے درمیان رکھ کر بند کر کے بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں سیماب کشتہ ہو گا۔ اس میں ایک سرخ کشتہ الماس شامل کریں۔ اب ایک رتی یہ کشتہ سیماب، ایک تولہ مس پر طرح کریں مس کشتہ ہو گا جو ایک سرخ اور دیر پاؤ بھر کو نقرہ بنائے گا۔

نحاس الاظل : نوشادر ٹھیکری۔ پھٹکڑی سفید۔ سہاگہ سفید قلمی شورہ۔ نمک سیاہ ہر ایک دس تولہ سفوف کر کے نحاس بیس تولہ کٹھالی میں گداز پر چٹکیاں دیں مس لاظل ہو گا۔

عقاب قائم النار : دو تولہ سرخ کاہی کو ایک تولہ آب لیموں میں محق کر کے دس تولہ ڈلی نوشادر پر لیپ کریں خشک ہونے پر ایک پاؤ چونہ صدف کے دابوں میں رکھ کر نیچے آدھ گھنٹہ دھیمی آنچ روشن کریں سرد ہونے پر نکالیں تو قائم النار ہو گا۔

دالبو ورقیہ : ورقیہ دس تولہ۔ آب کیلہ پچاس تولہ۔ تیزاب شورہ۔ تیزاب گندھک ہر ایک دس تولہ۔ ورقیہ پیس کر تام چینی کی پیالی میں رکھ کر اس میں دس تولہ آب کیلہ اور دو۔ دو تولہ دونوں تیزاب ڈال کر نرم تشویہ دیں تا کہ خشک ہو جائے۔ بہتر ہے کہ ریت پر تشویہ دیں۔ اسی طرح آب کیلہ اور تیزاب ختم کریں بس دالبو تیار ہے۔ اب کسی بھی طریقہ سے گرہ سیمابی کی ہوئی اس دالبو میں رکھ کر گل حکمت کے بعد ۱½ سیر اوپلہ کی آگ دیں گرہ چرخ کھا کر گرہ بیٹھ جائے گی۔

کشتہ ورقیہ : ۱ تولہ ورقیہ کی ڈلی پر بارہ عدد پان پختہ یکے بعد دیگرے لفوف کر کے کڑاہی میں رکھیں اوپر تین سیر چونہ ان بجھا بھر کر لحاف دیں اوپر سے ڈھانک دیں نیچے چار پہر آگ روشن کریں سرد کر کے نکالیں۔ ورقیہ بہ رنگ سفید کشتہ ہو گی۔

سم الفار مومیہ : آک آب نادید۔ سجی کھار ملکہ ایک سیر۔ اسد الارض۔ عقاب۔ جوکھار۔ ٹنکار ملکہ ایک پاؤ۔ آب سادہ دس سیر۔ جملہ ادویہ کو پیس کر پانی میں چار دن تک بھگو کر نتھار لیں اور

نمک حاصل کریں۔ کڑاہی میں پہلے نصف نمک اور دیں بچھا کر اوپر سات عدد زردی بیضہ مرغ رکھیں اوپر سم الفار ۵ تولہ رکھیں پھر زردی بیضہ سات عدد ڈالیں اوپر بقایا نمک ڈالیں اوپر پرچن اوندھا دیں نیچے چوب بیری کی درمیانی آگ آٹھ پہر روشن کریں سرد ہونے پر نکالیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مرگسلوشی دوا نکلے گا کام میں لائیں۔

فائدہ: جو سم الفار موسیہ تانبہ کو چاندی کی طرح اندر باہر سے سفید کردے وہ اکسیر ہی ہے اور تانبہ سفید رنگ قبول کرنے کے بعد بھی طلائی بن جاتا ہے

سم الفار موسیہ: آہنی کڑاہی میں نیچے سرخ کالی ۱ تولہ رکھ کر قلمی شورہ دس تولہ ڈال کر پگھلائیں سفوف بندق ہندی ۱ پاؤ کی چٹکیاں دیتے رہیں جب بندق ہندی تھوڑا سا رہ جائے تو سرخ کالی ۱ تولہ ڈال دیں اور پھر بقایا سفوف بندق ہندی کی چٹکی دیتے جائیں شورہ قائم النار ہوگا۔ اب کڑاہی میں نصف شورہ بچھا کر اوپر ایک عدد زردی بیضہ مرغ رکھ اوپر ۱ تولہ سم الفار سفید رکھیں اوپر ایک عدد زردی بیضہ مرغ ڈال کر بقیہ شورہ اوپر دے کر پیالہ اوندھا کر نیچے چار پہر چوب بیری کی آگ دیں سرد ہونے پر نکالیں سنکھیا موم ہوگا۔

کشتہ الماس: مارفیا۔ سائینائڈ پوٹاش ہر یک چار رتی۔ فاسفورس ۲ ماشہ۔ اول مارفیا اور سائینائڈ کو آپس میں سحق کریں اور ایک چمچہ میں رکھ کر نرم آگ پر سینکیں۔ جس وقت گرم ہو اوپر سے دوسرے چمچہ سے ربادیں تیل نکل آئے گا اب اس تیل میں فاسفورس ناخن کے برابر کتر کر بدلید سحق حل کریں دوا پیش موم بن جائے گی۔ کنی الماس پر ضماد کر کے صدف میں رکھ کر چاک مٹی سے گل حکمت کے بعد آگ کوئلہ میں رکھیں سرد ہونے پر نکالیں کشتہ ہوگا جو جاذب سیماب ہے۔

کشتہ الماس: ست لیموں۔ ست اجوائن۔ ست پودینہ ہر یک ۳ ماشہ۔ کافور بھیمسینی ۱ تولہ سب کو سحق کر کے شیشی میں بند کر کے تھوڑی دیر دھوپ میں رکھیں۔ تیل ہوگا۔ پھر نوشادر چھ ماشہ مغسل ۱ تولہ اس محلول میں گھول کریں دو پیالوں میں بند کر کے نیچے تیل سرسوں کا چراغ جلائیں

اسی طرح سارا محلول ختم کریں۔ پھر اس موم سے ۲ ماشہ لے کر اس میں فاسفورس ۲ ماشہ شل ناخن کتر کر رکھ دیں اور پیالی چینی میں بند کر کے ۲۴ گھنٹہ رکھیں پھر نرم شوربہ دیں موم ہوگی اب اس میں مردار سنگ ۲ ماشہ سحق کریں اور نرم شوربہ دیں مردار سنگ موم ہوگا پھر یہ موم ایک ماشہ لے کر اس میں کنی الماس ایک سرخ رکھ کر تین پاؤ کوئلہ کی آگ دیں الماس کشتہ ہوگا۔

کشتہ شنگرف: کڑاہی میں نصف پاؤ بنولہ بچھا کر اوپر شنگرف رکھ کر اوپر پھر نصف پاؤ بنولہ رکھیں پھر کڑاہی کو چولھے پر چڑھائیں۔ دوا کو پیتل کے کٹورہ سے ڈھانپ دیں اور روغن زرد ۱ پاؤ ڈالیں نیچے چوب بیری کی آگ روشن کریں جب تیل جل جائے تو کشتہ شنگرف برنگ آسمانی نکال لیں۔ قوت باہ۔ فربہی بدن۔ سرعت انزال اور نامردی کے لئے دو چار چاول بعد غذا مکھن میں رات دن دیں۔

اکسیر شمس: سم الفار چہارم قسم۔ مقرب السلاطین۔ سیماب مصفیٰ۔ ورق نقرہ ہر یک ۱ تولہ آب برگ زخم حیات بوٹی میں سحق کر کے حب بنا کر بتال جنتر سے تیل لیں۔ سیاہ رنگ ہوگا اس میں زنجفر لیکاش موجود ہوگا۔ ایک سرخ اکسیر ۔ تولہ تانبہ پر طرح کریں۔ شمس ہوگا۔

اکسیر کشتہ تانبہ ولا ثانی: پارہ ۱ تولہ کھرل میں ڈال کر اس میں تھوڑا سا کاپر کلورائڈ سفید ڈالیں کرچی سے پارہ سیاہ ہو جائے پھر ۱ تولہ سم الفار قرمزی۔ سم الفار سرخ ۱ تولہ ڈال کر نشاد ایل سے خوب سحق کریں ۱ تولہ چاندی کے نیچے اوپر دے کر گل خورد میں ۱ پاؤ آگ کو بلا انگیٹھی میں دیں سرد کر کے نکالیں دوا گلابی رنگ ہوگی۔ علیحدہ رکھ لیں۔ چاندی کا سیاہ مگر اندر چمک زرد ہوگی۔ تین چار گٹھالی میں بار بار چرخ دیں صاف ہو جائے گی اب زرد گلابی رنگ دوا کسٹر ایل میں سرمہ کی طرح حل کرو۔ دو تین دن رکھ چھوڑیں اب نقرہ دو تولہ۔ گندھک۔ شورہ۔ سم الفار زرد ہر یک ۱ تولہ پانی میں سحق کر کے نصف پاؤ پانی میں حل کر لو۔ پہلی مرتبہ چاندی کو تیز گرم کر کے بجھاؤ دو۔ پھر ہلکا گرم کر کے پندرہ مرتبہ بجھاؤ دو اندر سے زرد ہو جائے گی ورنہ ایک دو مرتبہ بجھاؤ دو۔ طلائی کاٹ کھاتی ہے۔

سیماب قائم لرزاں: سیماب۔ گندھک۔ ہیرا کسیس۔ سرخ کالی ہر یک

(بقیہ صفحہ ۲۵ پر)

عامل ملازم حسین (ماہر علم حاضرات)
(اسلام آباد)

(قسط نمبر ۵)

حاضرات ارواح

بعض ناظرین نے یہ شکوہ کیا ہے کہ اپریل کے شمارے میں حاضرات ارواح کی پوری عزیمت نہ لکھ کر آپ نے بخل سے کام لیا ہے اور ناظرین کا مذاق اڑایا ہے۔ مجھے افسوس ہے۔ کہ پوری عزیمت کتاب میں لکھی ہوئی ہے اور اس کتاب کا حوالہ بھی دے دیا تھا۔ لیکن اس کے باوجود بھی بعض قارئین عزیمت تلاش کرنے میں ناکام رہے۔ رہا بخل کا سوال تو ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ جہاں میں نے اور راز افشا کر دیئے ہیں۔ میرے لئے عزیمت لکھنا کوئی پابندی نہیں تھی۔ جہاں تک میرا خیال ہے اس موضوع پر آج تک کسی نے بھی قلم نہیں اٹھایا۔ کافی عرصہ سے بندہ کو حضرات کا شوق تھا۔ اور اس علم کو حاصل کرنے کے لیے میں نے بہت ہی محنت کی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ علم جن بزرگوں کے پاس تھا ان کے مرنے کے ساتھ ہی یہ علم بھی قبروں میں دفن ہوتا۔ یہی وجہ ہے کہ علمائے کی کسی بھی کتابوں میں اس کی تشریح نہیں ملتی۔ میں یہ بات لکھنے میں حق بجانب ہوں کہ اس مردہ علم کو دوبارہ میں نے زندہ کیا ہے۔ شوق تو ہزاروں کرتے ہیں، لیکن کامیابی کسی کسی کو نصیب ہوتی ہے جو کچھ میں نے حاصل کیا ہے۔ اس کو نہایت ہی سہل طریقہ سے اس کی تشریح کر دی ہے تاکہ مبتدی حضرات کے لئے کوئی دقت اور مشکل نہ رہے۔ مجھے اس علم پر دعویٰ اکملیت تو نہیں مگر جو کچھ میں نے پایا لکھ رہا ہوں اسی پر میں مکمل عبور رکھتا ہوں اور نہایت ہی فراغ دلی سے بغیر بخل کے پیش کر دیا ہے۔ میں نے کوشش کی ہے کہ اس علم پر زیادہ سے زیادہ معلومات قارئین کو مل سکیں۔ میں نے اس علم کو اتنا سہل کر دیا ہے کہ ایک عام آدمی بھی اس سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

قارئین کے بے حد اصرار پر پوری عزیمت لکھ دی گئی ہے جو کہ یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○

عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ فَتَحُوْنَ فَتَحُوْنَ فَتَحُوْنَ جُنْتَاکَ جُنْتَاکَ جُنْتَاکَ شَفِیْحًا شَفِیْحًا شَفِیْحًا عَطِیْشًا عَطِیْشًا عَطِیْشًا سُرُوْرًا سُرُوْرًا سُرُوْرًا قَدُوْرًا قَدُوْرًا قَدُوْرًا سَهْلًا سَهْلًا سَهْلًا کَهْلًا کَهْلًا کَهْلًا اُحْضُرُوْا مِنْ جَانِبِ الْمَشَارِقِ وَ الْمَغَارِبِ بِحَقِّ سُلَیْمَانَ بْنِ دَاؤُدَ عَلَیْہِ السَّلَام۔

معمول پر حاضرات کرنے کے طریقے : زمانہ قدیم سے جو علماء نے حاضرات کرنے کا سب سے مشہور طریقہ رائج کیا تھا وہ آج تک چلا آ رہا ہے۔ اس میں ایسا ہوتا ہے کہ کسی نابالغ بچے کے انگوٹھے پر سیاہی لگا دی جاتی ہے اور جب سیاہی خشک ہو جائے تو اوپر کوئی تیل وغیرہ لگا دیا جاتا ہے تاکہ سیاہی میں چمک پیدا ہو جائے۔ اس کے بعد انگوٹھے پر حاضرات کی جاتی ہے۔

پیارے قارئین کرام سب سے پہلے آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ عمل یا عزیمت کوئی بھی ہو حاضرات ہر چیز پر ہو سکتی ہے شرط یہی ہے کہ عامل حاضرات کے علم پر مکمل عبور رکھتا ہو۔ اب میں چند طریقوں کا اظہار کرتا ہوں۔ اس میں جو طریقہ پسند ہو وہی اختیار کریں۔ لیکن میرے نزدیک سب سے بہترین طریقہ ہے وہ یہ ہے کہ معمول کو کرسی یا چارپائی پر بٹھا دیں اور اس کو کہیں کہ وہ اپنی آنکھیں بند کر لے اور پھر حاضرات کریں۔

اس کے علاوہ آپ بچے کی ہتھیلی ہو یا دیا کی لو یا بلب جلا کر بھی حاضرات کر سکتے ہیں۔ اگر آپ پانی میں حاضرات کرنا چاہیں تو کسی برتن میں پانی ڈال لیں اور اس کے اندر کالی سیاہی کا ڈال دیں۔ اسکے علاوہ کچھ نقش بھی استعمال میں لائے جاتے ہیں جن کے اندر کالا نشان ہوتا ہے۔ اس پر بھی آپ حاضرات کر سکتے ہیں۔ امر میں عامل کو مکمل اختیار ہوتا ہے۔ کہ وہ جس چیز پر چاہے حاضرات کر سکتا ہے۔

نکتہ : جیسا کہ میں نے اوپر ذکر کیا ہے کہ سب سے بہترین طریقہ آنکھیں بند کرا کے حاضرات کی جائے۔ اس کا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ بچے کی آنکھوں اور دماغ پر بوجھ نہیں پڑتا۔ اس کے برعکس آپ ہتھیلی یا کسی اور چیز پر حاضرات کریں گے تو اس سے بچے کی آنکھوں اور دماغ پر شدید دباؤ پڑتا ہے۔ جو کہ ناقابل برداشت ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بچے جلدی گھبرا جاتے ہیں۔ اور اسی وجہ سے عام بچے حاضرات سے کتراتے ہیں۔

انتباہ : عامل کو چاہیے کہ ایسا بچہ یا بڑا جس کی نظر کمزور ہو، حاضرات نہ کرے۔ مجبوری ہو تو پھر صرف آنکھیں بند کرا کے حاضرات کریں۔

جب میں نے حاضرات کی ابتدا کی تو میرے ذہن میں ایک خیال آیا کہ کیوں نہ کوئی ایسی چیز ایجاد کی جائے جس پر ہر طرح کی حاضرات ہو سکے۔ لہٰذا میری کوشش بار آور ثابت ہوئی اور میں نے ایک آئینہ پر ایک نقش بنا کر اس پہ حاضرات کا تجربہ کیا۔ جو کہ سو فیصد کامیاب ثابت ہوا۔ دوسرے لفظوں میں آپ یہ سمجھیں کہ اس آئینہ پر سارے عالم کی حاضرات ہو سکتی ہے۔

طریقہ اس کا یہ ہے کہ آپ ایک آئینہ لے کر اس پر نقش بنا دیں اور درمیان میں کالی سیاہی سے دائرہ بنا دیں۔ یہ بھی صحیح ہے کہ کسی موٹے کاغذ پر اس کو لکھ کر اوپر شیشہ رکھ کر فریم کروا لیں۔ آپ اس آئینہ پر ہر طرح کی حاضرات کر سکتے ہیں۔

آپ اس آئینہ سے اور بھی کام لے سکتے ہیں۔ مثلاً اگر کسی پر سحر جادو یا کسی پر جن بھوت آسیب بد روح کے اثرات ہوں یا

آئینہ حاضراتِ ارواح

کوئی چیز مسلط ہو۔ تو یہ حاضرات کا عمل اس طرح کیا جائے کہ مریض کو سامنے بٹھا کر اس کے ہاتھ میں یہ آئینہ دے کر اس کو تاکید کریں کہ وہ کالے دائرے پر غور سے دیکھیں۔ پھر عامل اکیس مرتبہ یہ عزیمت پڑھے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم واقسمت علیکم یا معشر الجن والارواح والشیاطین احضروا یا اصحاب الجن والشیاطین واصحاب السحر الوسواس الخناس

میں نے جو عزیمت پہلے لکھی ہے وہ بھی آپ پڑھ سکتے ہیں۔ اس کو بھی آپ اکیس مرتبہ پڑھیں۔ جب آپ دیکھیں کہ مریض کا سر اور جسم بھاری ہو گیا ہے اور وہ غیر متعلقہ باتیں بھی کرنے لگ جائے تو جان لیں کہ آسیب جسم میں بھر گیا ہے۔ بعضوں کو سیاہی کی جگہ پر بھیانک صورت دکھائی دیتی ہے۔ اس وقت اپنی زبان سے کہے کہ اس غریب کو کیوں تکلیف دے رکھی ہے۔ بہتر ہے کہ آپ چلے جائیں ورنہ حضرت سلیمانؑ کے نزدیک یہ ایسی ایذا تم کو دی جائے۔ اور مریض ٹھیک ہو جائے گا۔ اگر کسی نے جادو کیا ہوا ہے تو وہ بتا دے گا۔ جادو کی نشانی ظاہر ہو گی۔ بدن پر چیونٹی سی چلیں اور سوئی جیسی چبھیں کندھے بھاری ہوں تو جانیں کہ جادو ہے۔

بعض مریضوں کے ہاتھ پاؤں مڑنے لگتے ہیں۔ ... ہم ...

اور پھر فوراً ہی بے ہوش ہو جاتے ہیں۔ اس وقت مریض پر جو چیز مسلط ہوگا وہ عامل سے ہم کلام ہوگی۔ عامل کو چاہیئے کہ ایسے کاموں میں ہاتھ ڈالنے سے پہلے اچھی طرح سوچ لے۔ ایسے کاموں میں خطرہ یقینی ہوتا ہے۔ کیونکہ ایسا ہوتا ہے کہ مریض پر جب آسیب وغیرہ حاضر ہوتا ہے تو مریض میں اتنی قوت آجاتی ہے کہ اگر اس کو دس آدمی بھی پکڑنا چاہیں تو وہ قابو نہیں آتا۔ چاہیئے کہ حاضرات کرنے سے قبل اپنے گرد حصار ضرور کرلیں۔ مندرجہ بالا نشانیاں جو کہ لکھی گئی ہیں۔ اگر ان میں سے کوئی نہ ہو، تو جان لیں کہ مرض جسمانی ہے روحانی نہیں ہے۔ اس لئے مریض کو تاکید کریں کہ وہ اپنا علاج کسی ڈاکٹر یا حکیم سے کروائے۔

قارئین اس وقت میں جو حاضرات کا عمل لکھ رہا ہوں اس سے آپ ہر مسئلے کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ مثلاً چوری گم شدہ شخص کا معلوم کرنا۔ مریض کو کیا مرض ہے۔ اس کا علاج۔ جادو سحر کرنے والے شخص کا نام امتحان کے نتائج معلوم کرنا۔ غرض ہر وہ کام جو جاننا ہو، اس کے بارے میں آپ کو مکمل معلومات مل سکتی ہیں۔ ان حاضرات کے دو عظیم فوائد ہیں (۱) اس کے لئے کسی چلّہ یا ریاضت کی ضرورت نہیں ہے۔ یعنی بغیر چلّے کے ہر شخص یہ حاضرات کر سکتا ہے۔ (۲) عالم خواب میں عامل کو ہر کی معلومات اور راہنمائی مل سکتی ہے۔ مندرجہ ذیل صحیح عمل ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ھُوَ الْاَسَامَۃُ بِسِرِّنَا ھُوَ یَاکَرِیْمُ یَاکَرِیْمُ یَاکَرِیْمُ یَاکَرِیْمُ یَاکَرِیْمُ یَاکَرِیْمُ۔

کسی نابالغ بچے کے ہاتھ میں نقش دیں جو کہ نیچے لکھا جا رہا ہے پھر بچے کو تاکید کریں کہ وہ سیاہ دائرے کو غور سے دیکھتا رہے۔ اگر بچے کے انگوٹھے پر حاضرات کرنی ہو تو اس کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے پر اچھی طرح سیاہی لگائیں اور مندرجہ بالا عمل تین مرتبہ پڑھ کر بچے پر پھونک دیں۔ کچھ دیر کے بعد بچے کو ایک دروازہ نظر آئے گا اور پھر ایک کالی شکل کا ایک شخص دکھائی دے گا۔ بچے کی زبان سے اس کو کہیں کہ وہ صفائی کرے۔ جب وہ صفائی کر کے چلا جائے گا اور دوسرا شخص آئے گا جو کہ زمین پر پانی کا چھڑکاؤ کرے گا۔ جب یہ بھی چلا جائے گا تو چار آدمی ایک تخت اٹھا کر لاتے نظر آئیں گے۔ اور پھر سے آکر میدان میں لگادیں گے اور پھر تخت کے گرد کرسیاں بچھائیں گے، اور کچھ لوگ ان کرسیوں پر بیٹھ جائیں گے۔ آخر میں بادشاہ تشریف لائیں گے۔ اور اپنے تخت پر جلوہ افروز ہوں گے۔ اس وقت عامل کو چاہیئے کہ بچے کی معرفت نہایت ہی ادب سے سلام کیا جائے۔ جب سلام کا جواب مل جائے تو پھر سوال کرنے کی اجازت لی جائے۔ جب اجازت مل جائے تو پھر جو چاہیں سوال کریں۔ ہر سوال کا جواب آپ کو سو فیصدی درست ملے گا۔

اس کا دوسرا طریقہ اس طرح ہے کہ نوچندی جمعرات کو بعد نماز عشاء عمل مبارک کو ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ روزانہ اکیس (۲۱) یوم تک پڑھے۔ ناغہ نہ ہونے پائے۔ اکیس (۲۱) یوم کے بعد عامل ہو جائے گا۔ اس کے بعد عامل ان حاضرات کے متبادل عالم خواب میں ہر طرح کی معلومات لے سکتا ہے۔ طریقہ اس کا یہ ہے کہ سونے سے قبل اس عمل کو ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھ کر سو جائے۔ اسی رات عامل کو تمام حالات کا انکشاف ہو جائے گا۔

اگر کسی کا عزیز گم ہو جائے تو اس عمل کو سونے سے قبل پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ پڑھ کر سو جائے۔ رات کو تمام کیفیت واضح ہو جائے گی اور گم شدہ جس جگہ پر ہوگا اس جگہ کا پتہ چل جائے گا۔

"ایک نابینا عالم کی حاضرات" آئندہ قسط شمارہ جولائی ۱۹۹۵ء میں پڑھیئے۔

میرا پتہ نوٹ فرمالیں
عامل ملازم حسین۔ مکان نمبر ۶۷/۱۰ بی
جی ۹/۲، اسلام آباد
فون نمبر۔ ۲۵۰۷۰۱

سعد و نحس نظراتِ سیارگان

برائے جولائی ۱۹۹۵ء

نظر مقابلہ: انتہائی نحس۔ نظر تربیع: درمیانہ نحس۔

نظر تثلیث: انتہائی سعد۔ نظر تسدیس: درمیانہ سعد۔

قران: سیاروں کی ذاتی قوت کے مطابق سعد و نحس اثرات ہوں گے۔

تاریخ	سیارہ	نظر	کس سے	وقت
یکم جولائی	قمر	تسدیس	عطارد	۴ بجکر ۲۵ منٹ شام
۲	قمر	تسدیس	زہرہ	۹ بجکر ۳۰ منٹ دن
۳	قمر	تربیع	مشتری	۵ بجکر ۵۰ منٹ صبح
۳	شمس	تسدیس	قمر	۱ بجکر ۲۴ منٹ بعد دوپہر
۴	عطارد	تربیع	مریخ	۵ بجکر ۴۵ منٹ شام
۴	قمر	قران	مریخ	۶ بجکر ۳۵ منٹ صبح
۴	قمر	تربیع	عطارد	۷ بجکر ۱۸ منٹ صبح
۴	قمر	مقابلہ	زحل	۳ بجکر ۱۶ منٹ بعد دوپہر
۴	قمر	تربیع	زہرہ	۱۱ بجکر ۵۰ منٹ رات
۵	قمر	تسدیس	مشتری	۱ بجکر ۱ منٹ بعد دوپہر
۵	شمس	تربیع	قمر	۱ بجکر ۳ منٹ بعد نصف شب
۶	قمر	تثلیث	عطارد	۷ بجکر ۲۸ منٹ شام
۷	قمر	تثلیث	زہرہ	۱۰ بجکر ۲۶ منٹ دن
۷	عطارد	تربیع	زحل	۱۲ بجکر ۲۸ منٹ دوپہر
۸	شمس	تثلیث	قمر	۸ بجکر ۴۴ منٹ دن
۸	قمر	تسدیس	مریخ	۸ بجکر ۳۳ منٹ رات
۸	قمر	تثلیث	زحل	۱۲ بجکر ۵ منٹ بعد نصف شب
۹	قمر	قران	مشتری	۷ بجکر ۳ منٹ شام
۱۰	قمر	تربیع	مریخ	۱۱ بجے رات
۱۰	قمر	تربیع	زحل	۱۲ بجکر ۲۵ منٹ بعد نصف شب
۱۱	قمر	مقابلہ	عطارد	۱۰ بجے دن
۱۱	قمر	مقابلہ	زہرہ	۹ بجے رات
۱۲	مریخ	مقابلہ	زحل	۱۲ بجکر ۴۰ منٹ دوپہر
۱۲	شمس	مقابلہ	قمر	۴ بجے شام
۱۲	قمر	تسدیس	زحل	۱۲ بجے رات
۱۲	قمر	تثلیث	مریخ	۱۲ بجکر ۲۵ منٹ بعد نصف شب
۱۳	قمر	تسدیس	مشتری	۶ بجکر ۱۵ منٹ شام
۱۵	قمر	تربیع	مشتری	۸ بجے رات
۱۵	قمر	تثلیث	عطارد	۱ بجکر ۴۰ منٹ بعد نصف شب
۱۶	قمر	تثلیث	زہرہ	۸ بجکر ۲۳ منٹ دن
۱۷	شمس	تثلیث	قمر	۴ بجے صبح
۱۷	قمر	قران	زحل	۴ بجکر ۲۴ منٹ صبح
۱۷	قمر	مقابلہ	مریخ	۹ بجکر ۵۶ منٹ دن
۱۷	شمس	تثلیث	زحل	۹ بجکر ۱۵ منٹ رات
۱۷	قمر	تثلیث	مشتری	۱ بجکر ۱۸ منٹ بعد نصف شب
۱۸	قمر	تربیع	عطارد	۵ بجکر ۱۲ منٹ شام
۱۸	قمر	تربیع	زہرہ	۹ بجکر ۳ منٹ رات
۱۹	شمس	تربیع	قمر	۴ بجکر ۱۱ منٹ شام
۲۰	عطارد	قران	زہرہ	۸ بجکر ۲۰ منٹ رات
۲۱	قمر	تسدیس	زہرہ	۲ بجکر ۲۴ منٹ بعد دوپہر
۲۱	قمر	تسدیس	عطارد	۴ بجکر ۱۸ منٹ شام
۲۱	قمر	تسدیس	زحل	۱۲ بجکر ۲۲ منٹ بعد نصف شب
۲۲	شمس	تسدیس	قمر	۹ بجکر ۱۲ منٹ دن
۲۲	قمر	تثلیث	عطارد	۱۲ بجکر ۳۰ منٹ دوپہر
۲۲	قمر	مقابلہ	مشتری	۱۱ بجے رات
۲۳	عطارد	تثلیث	زحل	۱ بجکر ۲۰ منٹ بعد دوپہر
۲۴	قمر	تربیع	زحل	۱ بجکر ۷ منٹ بعد دوپہر
۲۵	قمر	تربیع	مریخ	۴ بجکر ۳۴ منٹ صبح
۲۵	زہرہ	تثلیث	زحل	۱۰ بجکر ۲۷ منٹ دن
۲۶	قمر	تثلیث	زحل	۱ بجکر ۶ منٹ بعد نصف شب
۲۷	قمر	قران	زہرہ	۵ بجکر ۳۴ منٹ صبح
۲۷	قمر	قران	عطارد	۷ بجے شام
۲۷	قمر	تسدیس	مریخ	۷ بجکر ۲۲ منٹ شام
۲۷	شمس	قران	قمر	۸ بجکر ۱۳ منٹ رات
۲۷	عطارد	تسدیس	مریخ	۱۰ بجے رات
۲۷	قمر	تثلیث	مشتری	۱۱ بجکر ۵ منٹ رات
۲۸	شمس	قران	عطارد	۷ بجکر ۱۰ منٹ صبح
۲۸	عطارد	تثلیث	مشتری	۶ بجکر ۴۰ منٹ شام
۲۹	شمس	تثلیث	مشتری	۸ بجکر ۱۳ منٹ صبح
۳۰	قمر	تربیع	مشتری	۸ بجکر ۴۵ منٹ دن
۳۰	مریخ	تسدیس	مشتری	۹ بجکر ۱۶ منٹ رات
۳۱	قمر	مقابلہ	زحل	۷ بجکر ۴۵ منٹ شام

حمید لیاقت

(نفسیات)

خود کو پہچانیئے

آج ہم نفسیات کے بڑے دلچسپ پہلو پر روشنی ڈالیں گے۔

آپ نے دیکھا بھی ہوگا اور سنا بھی ہوگا کہ پولیس کے خفیہ محکمے اور "انٹیلیجنس" میں جو ماہرین مجرموں سے اقبال جرم کرانے اور مجرموں کی شناخت کے لئے رکھے جاتے ہیں ان میں سے اکثر ماہرین نفسیات ہوتے ہیں۔ یہ حضرات بڑے خطرناک ہوتے ہیں۔ تقریروں ہی تقریروں میں۔ پل بھر کے اندر مجرم کی "تحلیل نفسی" کر ڈالتے ہیں اور دودھ کا دودھ، پانی کا پانی علیحدہ کر کے عوام کے سامنے پیش کر دیتے ہیں۔ اتنے ڈھیر سارے آدمیوں میں سے ایک "مجرم" کو تلاش کرنا حقیقتاً ہے تو بڑی دشوار گزار بات لیکن ذرا ٹھہریئے! ۔ کیا آپ بھی اس فن میں ماہر ہونا چاہتے ہیں۔ یہ بڑی آسان سی بات ہے۔ بس ذرا سی محنت کی ضرورت ہے پھر آپ یقیناً اس فن میں ماہر ہو کر اپنے دوستوں کے کردار سے بخوبی واقف ہو جائیں گے۔ دوست دشمن کی پہچان ہو جائے گی۔ اور "مجرمانہ ذہنیت" کھل کر آپ کے سامنے آجائے گی۔

ہماری روزمرہ کی زندگی اور ہماری ثقافت میں یہ بات ہر شخص کی زبان پر ہوتی ہے کہ ہم سوسائٹی میں پسندیدہ نگاہوں سے دیکھے جائیں اور معاشرے کے افراد ہمیں اچھی نظروں سے دیکھیں اور اگر آپ کی "شخصیت" آپ کی نگاہوں میں بہت اہم" ہو تو آپ معاشرہ کے قابل احترام فرد بن سکتے ہیں۔ معاشرے میں ہر دلعزیز ہونے کے لئے "شخصیت" کی تعمیر بڑی اہمیت رکھتی ہے۔ یوں تو شخصیت انگریزی کا PERSONALIT کے لفظ کا ترجمہ ہے جو لاطینی لفظ PERSONA سے لیا گیا ہے۔ اس لفظ کے معنی بھی وہ نقلی چہرہ ہے جو اداکار اداکاری کرتے وقت اپنے چہرے پر پہن لیتے ہیں۔ مگر نفسیات والوں کے لئے شخصیت نہ کوئی جھوٹی نقاب ہے جس کو اداکار پہن لیتے ہیں اور نہ کوئی چھپی ہوئی چیز ہے۔ انسان چونکہ اپنے ماحول کی پیداوار ہوتا ہے اس لئے شخصیت کو بھی ایسی انفرادی چیز سمجھا جانے لگا ہے جو حیاتی عضویے اور معاشرتی و طبعی دنیا کے تعامل سے پیدا ہوتی ہے۔ انسان کی شخصیت کی تعمیر تو اس کی پیدائش کے بعد ہی شروع ہو جاتی ہے۔ دو ماہ کا بچہ اپنے ماحول کو اچھی طرح سمجھنے لگتا ہے۔ پیدائش کے وقت انسان کا ذہن ایک کورے کاغذ کی مانند ہوتا ہے۔ ماحول کا قلم اس کورے کاغذ پر جس طرح کی تحریر کندہ کرے گا۔ ذہن اس کو قبول کرے گا۔ بچہ جو کچھ اپنے ماحول میں دیکھتا ہے اس سے خود اپنی خصوصیات کا انکشاف بھی کرتا ہے۔ مثال کے طور پر آپ بچپن ہی میں اپنے بچے کی تحلیل نفسی کیجئے اور یہ معلوم کیجئے کہ بچے کے ذہن پر "فریب دہی" کا اثر تو نہیں۔ آپ کچھ سوالات ایک کاغذ پر تحریر کر دیجئے اور بچے کو حل کرنے کے لئے دیجئے۔ بچہ سوالات حل کر کے آپ کے حوالے کرتا ہے آپ یہ پرچہ پھر بچے کو دیجئے اور تھوڑی دیر کے بعد یہ پرچہ اس سے واپس لیجئے۔ اگر بچے نے اپنے جوابات میں تھوڑا سا بھی رد و بدل کیا ہے تو آپ چونک جایئے کہ آپ کے بچے میں فریب اور دھوکہ دہی کا رجحان پایا جاتا ہے اور آپ کو ابھی سے بچے کے ذہن کی تربیت اور شخصیت کی تعمیر کرنے کی کوشش کرنی چاہیئے۔

مجرم انسان جس کے دل میں جرم کا احساس ہوتا ہے اس کی نگاہوں میں جرم جھلکتا نظر آتا ہے۔ ایسا شخص کبھی دوسرے انسان سے نگاہ ملا کر بات نہیں کرتا۔ کوشش کے باوجود وہ اپنی نگاہیں ماہر نفسیات سے نہیں ملاتا۔ کیونکہ اسے اس بات کا احساس ہے کہ اس کی آنکھوں میں جرم پرورش پا چکا ہے نگاہیں ملاتے ہی چہرے کا رنگ بدل جائے گا یا تو ہونٹوں میں لرزہ طاری ہو جائے

گا۔ ایسا شخص اپنے ہاتھوں کو بار بار آگے پیچھے کرتا ہے۔ کبھی اپنی پتلون یا پاجامے کو درست کرتا ہے۔ خواہ مخواہ اپنے جسم کے کسی حصے کو کھجانے لگتا ہے۔ یہ تمام باتیں اس بات کی غمازی کرتی ہیں کہ مجرم دوسرے کی توجہ خود پر سے ہٹانا چاہتا ہے۔ اس کے برعکس ایک ایسا انسان جو روشن ضمیر ہوتا ہے جس کے دل میں جرم کا احساس قطعی نہیں ہوتا۔ نہ وہ اپنے جسم کے کسی حصے کو حرکت میں لائے گا اور نہ آپ سے آنکھیں ملاتے ہوئے کترائے گا۔

جھوٹی بات اور سچی بات میں بہت جلد تمیز کی جا سکتی ہے بس ذرا صاف ذہن کھلا ہونا چاہئے۔ اگر آپ کا کوئی دوست آپ سے بہانہ تراشی کر رہا ہے تو آپ غور سے اس کی حرکات و سکنات کا جائزہ لیجئے وہ آپ سے بات کرتے وقت پہلے تھوڑا سا ہچکچائے گا۔ اس کے بعد زبان میں تھوڑی سی لکنت پیدا ہوگی اور وہ یوں اٹکتے اٹکتے آپ سے جھوٹی بات بیان کر دے گا۔ پھر ایسا کیجئے کہ چند منٹ ادھر ادھر کی بات کرنے کے بعد جب ایسے شخص کے ذہن سے وہ بات اتر جائے آپ دوبارہ اس سے وہی بات پوچھئے آپ اندازہ لگائیں گے کہ اس کے پہلے اور دوسرے بیان میں کسی حد تک تضاد تھا کیونکہ جھوٹی بات گھڑی جاتی ہے اور گھڑی ہوئی بات ذہن سے اتر جاتی ہے۔ حقیقی بات چونکہ مشاہدے اور تجربے پر مبنی ہوتی ہے اس لئے اس کی حقیقت کبھی نہیں بدلتی کیونکہ وہ اپنی جگہ خود ایک حقیقت ہوتی ہے۔

اگر ہم انسان کے گروہوں پر نظر کریں تو ہمیں انسان کی شخصیت کی دو قسمیں نظر آتی ہیں۔

۱ — دروں گرد۔

۲ — بروں گرد۔

دروں گرد — ایسی شخصیت کے حامل انسان بڑے ذہین ہوتے ہیں ان کی فکر کی پرواز بہت بلند ہوتی ہے۔ اپنی ذہانت اچھے کاموں کی جانب منتقل کرتے ہیں۔ وہ عملی طور پر ہر کام میں شریک نظر آتے ہیں اور تعمیری کاموں میں ان کا زیادہ وقت صرف ہوتا ہے۔ ان کی شخصیت معاشرہ میں قابلِ احترام اور قابلِ تعظیم سمجھی جاتی ہے۔

بروں گرد — اس کے برعکس بروں گرد شخصیت رکھنے والے انسان کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ بے حد بے حس انسان ہوتا ہے۔ اس پر کسی قسم کی تنقید کا اثر نہیں کرتی اور نہ کوئی اچھائی اس کو متاثر کرتی ہے وہ اپنی ذہانت برائی کی جانب منتقل کرتا ہے اور اچھائی کی بہ نسبت برائی کو پہلے اپناتا ہے وہ اپنے ہیجانی اعتبار میں بے حد بے تکلف ہوتا ہے۔ اس پر نفسانی خواہش اس طرح غالب ہوتی ہے کہ وہ درندہ بن جاتا ہے۔ ایسے انسان کی اگر اصلاح بھی کی جائے تو وہ ناممکن ہوتی ہے کیونکہ اس کا ذہن ان باتوں کو قبول کرتے کرتے اتنا پختہ ہو جاتا ہے کہ وہ کوئی دوسری بات قبول ہی نہیں کر سکتا۔

اب آئیے ذرا ان باتوں سے ہٹ کر انسان کی چند خصوصیات اور ان کے پس منظر پر روشنی ڈالیں۔

آپ نے اکثر ایسے حضرات کی تحریر پڑھی ہوگی جو آپ کے ذہن کو بڑی شگفتگی بخشتی ہے۔ جن کی تحریر مزاح کی جیتی جاگتی تصویر ہوتی ہے۔ یقیناً آپ سب اس تحریر کو پڑھ کر یہ اندازہ لگاتے ہوں گے کہ اس تحریر کا خالق یقیناً بڑا بذلہ سنج، خوش مزاج اور اس کی ازدواجی زندگی بھی خوشگوار ہوگی۔ اس کی زندگی جنت کا نمونہ ہوگی۔ لیکن اب کیا کیا جائے کہ معاملہ بالکل اس کے برعکس ہوتا ہے۔ مسکراہٹوں کو وہی جنم دے گا جس کا دامن مسکراہٹوں سے خالی ہوگا۔ آپ ذرا صاحبِ تحریر پر نفسیاتی اثر ڈالیں۔ ان کے دل کے نہاں خانوں کو ٹٹول کر تو دیکھئے تو پھر آپ کو محسوس ہوگا کہ مسکراہٹوں کے پیچھے غم کے مہیب بادل ان کے ذہن پر چھائے ہوئے ہیں۔ ان کا دامن خوشیوں سے یکسر خالی ہے اور وہ اپنی اس انا کی تسکین کے لئے محفلوں میں بیٹھ کر مسکرانے کی کوشش کرتے ہیں اور اگر اس طرح بھی ان کی اس انا کی تسکین نہیں ہوتی تو وہ قلم کو اپنے اظہار کا ذریعہ بناتے ہیں۔ جو وہ چاہتے ہیں اور جو انہیں نصیب نہیں ہوتا وہ اس کو ہر طرح سے ظاہر کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

اسی طرح ایک ایسا آدمی جس کا قلم ٹریجڈی مضامین یا افسانے لکھنے کا عادی ہوتا ہے اس کی گھریلو زندگی بڑی خوشحال ہوتی ہے۔ بس ذرا

بل بوتے پر وہ اس ہنستے مسکراتے گوشے سے نکل کر آنسوؤں کی محفل میں چلا آتا ہے تاکہ وہ دیکھ سکے کہ ان آنسوؤں میں کس قدر سکون ہے۔ نفسیات تحریر کے ذریعے بھی کسی کی ذہنی حالت کا اندازہ لگ سکتی ہے۔ ٹیڑھی اور ترچھی لائنیں لکھنے والا انسان ذہنی طور پر بیمار ہوتا ہے۔ اسی کو ذہنی یکسوئی کی تلاش ہوتی ہے مگر وہ اس کو کہیں نہیں ملتی۔ جب خیالات منتشر ہوں اور ذہن پرسکون نہ ہو تو اس کی تحریر بھی کٹی پھٹی اور منتشر ہوتی ہے۔ مستقل خیالات رکھنے والا انسان اگر بغیر لائنوں کے کاغذ پر بھی لکھے گا تو اپنی مستقل مزاجی کی بنا پر اس کی ہر لکیر سیدھی ہوگی۔ لائن کہیں نہیں جھکے گی۔

اگر کوئی شخص اپنی ایک ہی تحریر میں کئی قلم بدل بدل کر لکھے اور تحریر میں یوں محسوس ہو کہ یہ تحریر ایک انسان کے ہاتھ کی نہیں۔ کئی انسانوں نے مل کر تحریر کی ہے۔ تو یقین کیجئے ایسے انسان کے ذہن میں دھوکہ اور فریب کے جراثیم پرورش پا چکے ہیں اور یقیناً مستقبل میں ایسا انسان دھوکہ دہی کے کاموں میں زیادہ دلچسپی لیتا ہے۔ کھلے کھلے الفاظ لکھنے والا انسان بڑا روشن ضمیر ہوتا ہے اور اس کے خیالات بہت بلند ہوتے ہیں۔ قلم جما کر لکھنے والا انسان بڑی سوجھ والا انسان ہوتا ہے۔ جلدی جلدی قلم چلانے والا بڑا لاابالی اور بے فکرا ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پولیس کے محکمے میں تحریر کے ماہرین مجرم کی تحریر کے ذریعے بھی شناخت کرتے ہیں۔ کیونکہ تحریر شخصیت کا ایسا آئینہ ہوتا ہے جس میں انسانوں کو پڑھا جا سکتا ہے۔

اپنے آپ کو جانچنے کے لئے ہم نے ایک قاعدہ بھی وضع کیا ہے۔ جس کے ذریعہ آپ خود اپنی شخصیت کو جانچ سکیں گے۔ بنا سکیں گے۔ امتحان حاضر ہے۔ جس کے لئے آپ کو نیچے دیئے گئے ہر سوال کے آگے جواباً "ہاں" یا "نہیں" لکھنا ہوگا اور اسی لازمی شرط کے ساتھ کہ آپ پورے سوالنامے کے جوابات مکمل کئے بغیر سوالنامہ کی وہ کلید نہیں پڑھیں گے جو اس سوالنامہ کے آخر میں پیش کی گئی ہے۔

۱۔ کیا آپ کہیں جاتے وقت گھر سے باہر نکلنے سے پہلے ایک سرسری آئینہ میں اپنے سراپے کا جائزہ لیتے ہیں؟ ...... ہاں / نہیں۔

۲۔ کیا آپ آئینہ میں جائزہ لیتے وقت اپنے لباس پر ایک نظر ڈالتے ہیں۔

۳۔ کیا آپ نے کبھی اپنی "چال" پر غور کیا ہے کہ آپ کی چال کیسی ہے؟ اور کیسی ہونی چاہیئے۔

۴۔ کیا آپ اپنے دوستوں کا استقبال مسکرا کر کرتے ہیں۔

۵۔ کیا آپ کسی محفل میں پیر پھیلا کر بیٹھتے ہیں۔

۶۔ کیا آپ زور سے بولنے کے عادی ہیں۔

۷۔ یا بہت آہستہ بولتے ہیں۔

۸۔ کیا آپ اپنی آرائش میں مروجہ فیشن کو مدنظر رکھ کر بھیڑ چال چلنے کی حمایت میں ہیں۔

۹۔ کیا آپ کسی اجنبی یا کمزور پر ہونے والے ظلم و ناانصافی کے خلاف بانگ صدائے احتجاج بلند کر سکتے ہیں؟ جبکہ اس موقع پر موجود دوسرے لوگ بالکل خاموش ہوں۔

۱۰۔ کیا آپ اپنے مخاطب کی باتیں پوری توجہ سے سنتے ہیں؟

۱۱۔ کیا آپ ایسے لوگوں کے لئے منصفانہ فیصلہ کر سکتے ہیں جو آپ سے نظریاتی اختلاف رکھتے ہوں۔

۱۲۔ کیا آپ کسی نا سمجھ، سڑی سودائی، کریک، چڑچڑے یا عجیب الخلقت انسان پر ہنسنا پسند کرتے ہیں۔

۱۳۔ کیا آپ قہقہے لگا کر ہنسنے کے عادی ہیں۔

۱۴۔ کیا آپ ایسے لوگوں کی غلطی سے فائدہ اٹھاتے ہیں جو نوآموز یا ناتجربہ کار ہوں۔

۱۵۔ کیا آپ ہمیشہ دوسروں کو ایسے مشورے دیتے ہیں جو بے غرض اور مخلصانہ ہوں۔

۱۶۔ کیا آپ کسی ایسی محفل میں بیٹھ کر جہاں آپ کا کوئی شناسا موجود نہ ہو، بوریت محسوس کرتے ہیں۔

۱۷۔ کیا لوگ آپ کے متعلق اس بات پر یقین رکھتے ہیں "آپ کی ذات

سے ان کو کسی قسم کا نقصان نہیں پہنچ سکتا۔

۱۸۔ کیا آپ کسی اجنبی سے پہلی ملاقات کے دوران اس کے متعلق اندازہ لگانے میں حسن ظن سے کام لیتے ہیں۔

۱۹۔ کیا آپ اپنے شناسا اور غیر شناسا لوگوں میں کوئی اچھائی دیکھ کر کسی بھی موقع پر مناسب لفظوں میں اس اچھائی کو سراہنا ضروری سمجھتے ہیں۔

۲۰۔ کیا آپ ہر امیر غریب، اعلیٰ و ادنیٰ انسان کو یہ تاثر دینے کی کوشش کرتے ہیں کہ آپ اس کی عزت کرتے ہیں۔

اس سوالنامہ کے سوال نمبر ۱-۲-۳-۴-۹-۱۰-۱۱-۱۵-۱۷-۱۸-۱۹-۲۰ میں سے جس سوال کا جواب آپ نے "ہاں" میں دیا ہے اس سوال کے پانچ نمبر شمار کیجئے۔

اور سوال نمبر ۵-۶-۷-۸-۱۲-۱۳-۱۴-۱۶ کے جوابات میں جس سوال کا جواب آپ نے "نہیں" میں دیا ہے اس کے پانچ نمبر شمار کیجئے۔ یعنی ہر "نہیں" پر آپ کو پانچ نمبر حاصل ہوں گے۔ اب تمام حاصل شدہ نمبر جمع کر لیجئے۔

اگر آپ کے حاصل کئے ہوئے کل نمبروں کا جمع شدہ اسکور ۱۰۰ ہے تو سمجھ لیجئے کہ آپ کی شخصیت دوسروں میں بہت اچھی خیال کی جاتی ہے۔

اگر آپ کا اسکور ۶۰ سے ۵۰ تک ہے تو آپ نسبتاً بہتر شخصیت کے مالک ہیں۔

۵۰ سے ۴۰ تک کا اسکور غنیمت ہے۔

۴۰ سے ۳۰ کا اسکور قابلِ تشویش ہے اور ۳۰ سے نیچے کا اسکور ناقابلِ اطمینان۔ لہٰذا اگر آپ نے اس ذاتی امتحان میں کم اسکور حاصل کئے ہیں تو آپ دوسروں میں مقبول نہیں ہو سکتے جبکہ زندہ رہنے اور زندگی گزارنے کے لئے معاشرے میں ہر طرح کے لوگوں سے رابطہ رکھنا ضروری ہے کوئی بھی شخص دنیا کے دوسرے افراد سے بے تعلق رہ کر کامیاب زندگی نہیں گزار سکتا۔ لہٰذا زندگی میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے دوسروں سے خوشگوار تعلقات قائم رکھنا اور اچھے تعلقات کے لئے شخصیت کا اچھا ہونا انتہائی ضروری ہے جس کی تشکیل کے لئے ہمیں دوسروں کے حقوق اور آزادی کا اتنا ہی احترام کرنا چاہیے جتنا ہم اپنے حقوق کے لئے ضروری سمجھتے ہیں جن میں نیکی، بھلائی اور خوش اخلاقی کو سب سے زیادہ دخل حاصل ہے۔

ضروری اعلان

"ادارہ فلکیات کراچی" کی کراچی اور پاکستان کے کسی دوسرے شہر میں کوئی شاخ نہیں لہٰذا کرم فرماؤں سے درخواست ہے کہ آپ کسی ایسے شخص سے کوئی رابطہ نہ رکھیں جس نے غیر قانونی طور پر خود کو ادارہ فلکیات سے منسوب کر رکھا ہے۔ شکریہ!

ادارہ فلکیات ۱-بی ایریا لیاقت آباد کراچی ۱۹ پاکستان

فلکیات کے بارے میں اپنی قیمتی رائے سے آگاہ کیجئے تاکہ اسے مزید بہتر بنایا جاسکے شکریہ

ادارہ فلکیات کراچی

حکیم سرفراز احمد زاھد
(ملتان)

کمالاتِ جفر

جفر کا سربستہ راز

کئی ماہ ہوئے کہ رسالہ کے ساتھ رابطہ مستقل قائم نہیں رکھ سکا۔ اس میں کئی مجبوریاں آڑے آئیں۔ اس میں کبھی ایڈریس کی تبدیلی کبھی مکان کی شفٹنگ۔ مگر رسالہ متواتر آتا رہا۔ مگر جب بھی رسالہ اپنے وقت پر ملتا تو شرم محسوس ہوتی کہ کتنی عجیب بات ہے کہ میں رسالہ سے تعلق قائم نہیں رکھ سکا اور محترم لیاقت صاحب اسی طرح اپنی محبت میں یاد رکھتے ہیں۔ اسی طرح ہر ماہ شرمندہ ہوتے ہوئے کافی وقت گذر گیا۔ بہرحال وقت کسی کا انتظار نہیں کرتا۔ لیکن اب میں نے وقت کو پکڑ لیا۔ اور بیماری کی حالت میں آفس سے چھٹی پر ہوتے ہوئے اپنے آپ کو محفل میں شریک کرنے کے لئے مجبور کر لیا۔ ۱۹۸۸ء سے متواتر آثار الجفر اور اخبار الجفر پر صرف فلکیات ہی نہیں اور رسالوں میں بھی لکھا ہے۔ مگر جو لکھا سچ لکھا اور اس میں کسی قسم کی ڈنڈی نہیں ماری اور یہ نہیں لکھا کہ جو اہل ہوگا سمجھ جائے گا اور نا اہل سے پوشیدہ رہے گا۔ آج سائنس نے بہت ترقی کی ہے۔ زبانی اور انگلیوں پر حساب کتاب کی جگہ کیلکولیٹر اور کمپیوٹر نے لے لی ہے۔ آج کسی کو نا اہل کہنا اپنی کمزوری کو چھپانا ہے۔ آج ذہن اتنے وسیع ہو گئے ہیں کہ ہر بات کو لمحوں میں سمجھ جاتے ہیں اور ہم ہیں کہ رسالوں میں آج سے پچاس سال پہلے بزرگوں کے بوسیدہ اقوال پر لکیر کے فقیر بنے ہوئے ہیں۔ میں تو کہتا ہوں کہ جو یہ لکھتا ہے کہ یہ علم نا اہل سے پوشیدہ رہے گا۔ اس شخص میں اتنی اخلاقی ہمت ہی نہیں ہے کہ وہ کچھ بتا سکے۔ صرف اپنی اہمیت جتانے کا شوق ہوتا ہے اور یہ ڈر ہوتا ہے کہ "کہیں اگر میں نے کسی کو بتا دیا تو وہ فائدہ اٹھائے گا" رزق اللہ نے دینا ہے۔ تجربہ شاہد ہے کہ جس جس کو اپنے بس میں جو ہوا بتایا لیکن رزق میری محنت پر اثر انداز نہ ہو سکی۔

اس دوران چند تجربے جو میں نے خود ایجاد کیں۔ ہاں ڈنکے کی چوٹ پر لکھ رہا ہوں کہ ایجاد کیں۔ ہیروئن کا نشہ چھڑانے کا نقش ظاہر کیا جس کے بارے میں رسائل میں چیلنج چھپتا رہا کہ دنیا کی کسی شخص کے پاس یہ نقش نہیں ہے اگر کسی کے پاس ہوگا تو وہ میرے پاس سے گیا ہوگا۔ اس میں مختلف تبدیلیاں کرتا رہتا تھا تاکہ کوئی دعویٰ نہ کر سکے۔ اپنے چند دوستوں کو وہ نقش دیا اور وہ فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ ابھی دنوں لوح تسخیر کے نام سے ایک نقش قرآن پاک سے استخراج کیا۔ جو فوائد میں لاثانی ثابت ہوا۔ ان چند سطور کو لکھنے کا مقصد اپنی تعریف یا بڑھائی نہیں۔ تعریف اور بڑھائی صرف اس ذات کبریا کو ہے۔ میں تو اس کی رحمت کا امیدوار ہوں۔ بلکہ مقصد یہ تھا کہ انسان بغیر کسی بخل اور اپنے آپ کو دوسروں سے کم سمجھتے ہوئے محنت کرتا رہے تو اللہ ضرور مدد کرتا ہے۔ اگر تم ہی دوسروں کی پگڑی اچھالنی شروع کر دے تو رسم دنیا ہے کہ چند دن تو لوگ سنتے ہیں پھر کہتے ہیں کہ تو لگے دو۔ اللہ ہدایت دے۔

بقول جس طرح کیمیا اور جفر نایاب ہیں اسی طرح جفر نایاب ہے۔ مگر میں کہتا ہوں کہ ان میں سے نہ کیمیا عرش کا کنگرہ ہے جو مل نہیں سکتا نہ جفر کوئی لوح محفوظ کی تحریر ہے جسے پڑھا نہیں جا سکتا۔ صرف یاروں نے اپنی اہمیت جتلانے کے لئے مشہور کر دیا ہے۔ جو شخص صحیح جواب استخراج کرنا جانتا ہے اس کے آگے جفر کو نایاب کہنا مذاق اڑانے والی بات ہے۔

اب رہا حب کا معاملہ، تو یہ سب باتیں ان لوگوں کے لیے مشکل ہوتی ہیں، جو محنت نہیں کرتے پکی پکائی کھانے کے عادی ہوتے ہیں۔ رسائل میں عمل تفصیل سے درج ہوتا ہے یا لوگ خطوط میں بڑے اللہ رسول کے واسطے، غربت کے رونے، پنجتن کا صدقہ، معلوم نہیں دنیا جہاں کی جتنی قسمیں اور صدقے ہوتے ہیں خطوط میں لکھ کر کہتے ہیں کہ اپنے ہاتھ سے نقش لکھ کر روانہ کردیں۔ اب ان ہر باتوں کو کون سمجھائے کہ عمل دیا ہی اس لیے جاتا ہے کہ خود کرو۔ بتانے والا اب اس بات سے تو رہا کہ سب کو عمل لکھ لکھ کر ارسال کرتا رہے۔ مزے کی بات یہ کہ ساتھ جوابی لفافہ ندارد۔ اللہ ایسے لوگوں پر رحم کرے۔

اس دفعہ ایک خاص راز حب کا پیش کر رہا ہوں۔ گو یہ عمل میں پہلے بھی تفصیل سے شائع کرا چکا ہوں، کئی سال پیشتر مگر اس کے بارے میں وقتاً فوقتاً خطوط آتے رہتے ہیں۔ یہ وہ راز ہے جس کو لوگ سینوں میں چھپائے قبر میں منکر اور نکیر کو تعلیم کرنے کے لئے لے جاتے ہیں کیونکہ دنیا میں تو ان کو کوئی اس کا اہل ملتا نہیں۔ صرف ایک ہی تھے جن کو گر حب کے پر لگے تھے اور اہل تھے۔ بات صرف اتنی ہے کہ ہم لوگ محنت سے جی چراتے ہیں۔ اگر کبھی ایک عمل کو لے لیا جائے اور اس کی زکوٰۃ ادا کرلی جائے تو وہ تسخیر بن جائے گا اور اکسیر بھی۔ مگر بعض لوگ قسمت کے دھنی ہوتے ہیں۔ بغیر محنت کے بھی مل جاتا ہے۔ اور یہی اس کے اصل اہل اپنے آپ کو مانتے ہیں۔ بہرحال یہ سب میرے مولا کا کرم ہے اور اس کی مرضی ہے۔ دے تو بچے کو دے نہ دے تو بڑھے کو بھی نہ دے۔

بہرحال اس عمل کو غور سے دیکھیں پڑھیں، آزمائیں پھر باتیں بنائیں۔ اس کے بغیر کوئی مجھے نہ لکھے میں جواب نہیں دوں گا۔ خداوند کریم جسے چاہتا ہے غنی بنا دیتا ہے جسے چاہتا ہے فقیر کر دیتا ہے۔ اختیار بے شک تو مالک اور خالق کے ہاتھ میں ہے۔ اس میں کسی انسان کو دخل نہیں ہے۔ میں جس قدر بھی درست اور صحیح عمل لکھوں اگر میرے مالک کو منظور نہ ہو تو کوئی کام پایۂ تکمیل تک نہیں پہنچ سکتا۔ جو عمل پیش کر رہا ہوں کہ ہزاروں عملیات حب پر بھاری ہے۔ اس عمل میں مکرر مربع کام کرتا ہے۔ مکرر مربع سے مراد عام مربع نقش ہے۔ مگر اس ایک نقش میں دو مربع استعمال ہوتے ہیں۔

اس کے پُر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اعداد طالب مع والدہ میں ۱۰۳۳ کا اضافہ کرکے مجموعہ میں سے ۶۰ عدد کم کرکے بقایا اعداد کو چار پر تقسیم کرکے خارج قسمت کو پہلے خانہ میں رکھ کر دو دو کے اضافہ سے پُر کریں۔ اس طرح سولہ خانے پُر کریں۔ اب مطلوب مع والدہ کے اعداد میں ۱۰۷۴ کا اضافہ کرکے مجموعہ میں سے ۳۰ تفریق کرکے چار پر تقسیم کرکے خارج قسمت کو نیچے کے خانوں میں پُر کریں۔ مگر ہر خانہ میں ایک ایک کا اضافہ کرتے ہوئے مربع مکمل کریں۔ اگر تقسیم سے ایک باقی بچے تو خانہ ۱۳، دو بچے تو خانہ ۹، اور اگر تین بچے تو خانہ ۵ میں ایک کا اضافہ کریں۔ نقش مکمل ہوجائے گا۔ اور مثال سے سمجھاتا ہوں۔

۱- عباس مصفا بن فاطمہ = ۱۲۶۹ + ۱۰۳۳ = ۲۳۰۲ - ۴۰ =
۲۲۴۲ ÷ ۴ = ۵۶۰ باقی ۲

۲- ثروت صفوی بنت بلقیس = ۲۳۲۴ + ۱۰۷۴ = ۳۳۹۸ - ۳۰ =
۳۳۶۸ ÷ ۴ = ۸۴۲

مربع طالب

۵۷۳	۵۸۱	۵۸۷	۵۶۰
۵۸۵	۵۶۲	۵۷۲	۵۸۳
۵۶۴	۵۹۱	۵۷۷	۵۷۰
۵۷۹	۵۶۸	۵۶۶	۵۸۹

مربع مطلوب

۸۴۹	۸۵۲	۸۵۵	۸۴۲
۸۵۴	۸۴۳	۸۴۸	۸۵۳
۸۴۴	۸۵۷	۸۵۰	۸۴۷
۸۵۱	۸۴۶	۸۴۵	۸۵۶

مکرر مربع کی چال

۸ / ۸	۱۱ / ۱۱	۱۳ / ۱۴	۱ / ۲
۱۲ / ۱۳	۲ / ۳	۷ / ۷	۱۴ / ۱۳
۳ / ۳	۱۶ / ۱۶	۹ / ۹	۶ / ۶
۱۰ / ۱۰	۵ / ۵	۴ / ۴	۱۵ / ۱۵

اوپر کے خانوں میں طالب کا مربع درج ہوگا اور نیچے کے خانوں میں مطلوب کا مربع درج ہوگا۔

اب طریقہ استعمال یہ ہے کہ عروج ماہ ذوجسدین میں پہلی جمعرات کو بعد نماز عشاء باوضو قبلہ رُخ ہوکر زعفران سے ایک نقش (مکرر مربع) پُر کرو اور پاک روئی یا پاک کپڑا اگر مطلوب کا میسر ہوسکے تو بہتر (ویسے اس دور میں یہ بات ناممکن ہے) لے کر اس تعویذ کی بتی بنالو اور خوشبودار تیل میں اسے جلادو۔ جب بتی جلنا شروع ہو تو آپ اس کے سامنے بیٹھ کر مطلوب کے نام کے اعداد کے مطابق یہ کہو "یا اللہ جس طرح یہ بتی جل رہی ہے اسی طرح فلاں بنت فلاں کا دل فلاں بن فلاں کی محبت میں جلا بحق یا ودود یا ودود۔ جب بتی جل جائے عمل ختم ہوا۔ اسی طرح روزانہ اسی وقت اسی مقام پر اکیس دن یہ عمل کریں۔ نقش روزانہ لکھا کریں۔ یا ایک ساعت میں اکیس نقش لکھ کر رکھ لیں روزانہ ایک جلایا کریں۔ اکیس دن میں آپ کا جائز مقصد حل ہوگا۔

نوٹ: مطلوب کی جگہ ضروری نہیں کسی فرد کا نام ہو بلکہ کوئی مقصد رکھ سکتے ہیں۔ اور اسی طرح عمل کی عبارت میں موقع عمل کے مطابق تبدیلی کی جاسکتی ہے۔

(بقیہ: ارتکاز توجہ)

استغراق میں مخل نہ ہو سکے۔ اس وقت آپ اپنے لاشعور کو حکم دیں کہ مجھے فلاں جگہ پر پہنچا دو۔ اس استغراق کی حالت میں آپ کا شعور آپ کی صحیح رہنمائی کرے گا۔ اور آپ کو فی الواقعہ مطلوبہ مقام پر پہنچا دے گا۔ آپ وہاں کا بالکل صحیح منظر دیکھیں گے جیسا کہ آپ حقیقتاً اپنے پورے حواس کے ساتھ وہاں موجود ہیں۔

میں نے اسی استغراق کے عالم میں بیسیوں بار اپنے رشتہ داروں اور دوستوں کو ان کی بالکل اصلی حالت میں دیکھا ہے۔ بلکہ جو کام کر رہے ہوں وہ سب کچھ آسانی سے لاشعور کی سکرین پر نظر آجاتا ہے البتہ باتیں سنائی نہیں دیتیں۔ باتیں سننے کے لئے وسیع ریاضت کی ضرورت ہے۔ صوفیائے کرام کے بارے میں تو میں نے یہاں تک سنا ہے کہ وہ بغیر آنکھیں بند کئے سارے منظر کو بعینہٖ اسی حالت میں دیکھ لیا کرتے ہیں اور باتیں بھی محسوس کیا کرتے ہیں۔ مگر ہم دنیا دار آدمی — جن کو دن بھر میں سینکڑوں جھمیلوں سے واسطہ پڑتا ہے جاد اتنا کچھ بھی دیکھ لینا فی الواقعہ حیرت انگیز بات۔

کوشش کریں کہ آپ تصور میں چلنا سیکھیں۔ دو چار بار بھی دم کر کے اور اپنے ذہن کو یکسو کر کے تصور کے قدموں سے چلیں مگر ایک لمحے کے لئے بھی یہ بات ذہن میں نہ آئے کہ آپ اپنے بستر پہ گھر میں لیٹے ہوئے ہیں۔ بار بار اس بات کی کوشش کریں۔ دس بارہ دن کی مشق کے بعد آپ اپنے تصوراتی قدموں سے چلنا سیکھ جائیں گے۔ بس اس کے بعد آپ تصوراتی سفر شروع کریں۔ آپ کو راستے میں جو بھی چیز نظر آئے گی وہ حقیقتاً ہوگی۔ اور آپ جس دوست کے مکان پر اس طریق سے چل کر پہنچیں گے۔ آپ فی الواقعہ اس کے مکان کے صحیح حالات کا نظارہ کریں گے۔ بلکہ جس شخص سے ملنے کی خواہش ہے اس کے سانس کی آمد و شد کا بھی آپ کو پتہ ہوگا۔ آپ تصوراتی ہاتھوں سے اس کے جسم کو مس بھی کر سکیں گے۔ آپ کو اس کی چلتی ہوئی نبض بھی انگلیوں کے نیچے محسوس ہوگی

علامہ شاد گیلانی (مرحوم)

ارتکاز توجہ

اس تکنیک کا سبق میں پہلے بھی دے چکا ہوں مگر سبق دہرانے سے بار اچھی طرح ہو جاتا ہے اس لئے دوبارہ لکھ رہا ہوں کہ اگر آپ نے یکسوئی حاصل کرلی ہے اور کسی مشق سے آپ نے منتشر خیالات کو سمیٹ کر صرف ایک نقطہ پر مرکوز کر دیا ہے تو آیئے اس سے اگلا موثر اور حیرت انگیز قدم اٹھایئے۔

رات کے وقت تنہائی میں بیٹھ کر آنکھیں بند کرلیں اور اپنے صحن یا اپنے گھر کے مجملہ ماحول پر نظر دوڑائیں۔ یعنی بند آنکھوں کے سامنے آپ کو یا گھر بعینہٖ اسی طرح نظر آنے لگے جس طرح آپ کھلی آنکھوں سے دیکھا کرتے ہیں وہی صحن، وہی کمرے، وہی سامان، اسی طرح کی ہر بات اور ہر چیز۔ گویا بند آنکھوں سے آپ اپنے صحن یا اپنے گھر کے ماحول کو دیکھنے کی مکمل کوشش کریں۔ یا کمرہ کے اندر بیٹھ کر روشنی تیز کر کے اپنے کمرہ کی ہر چیز کو کھلی آنکھوں سے یکسوئی کی حالت میں پوری طرح دیکھ لیں اور پھر ایک دم آنکھیں بند کر دیں اور اپنے ذہن پر بوجھ دے کر ویسا ہی سماں بند آنکھوں کے سامنے پیش کریں۔

ابتداء میں آپ کو ذرا مشکل پیش ہوگی۔ منظر تھوڑی دیر کے لئے پیش ہو کر غائب ہو جائے گا۔ مگر متواتر مشق کرنے سے آپ کافی دیر تک بند آنکھوں سے یہ منظر دیکھ سکیں گے اور جب آپ کو عبور ہو جائے گا تو آپ عجائبات کا نظارہ کریں گے۔

مثلاً آپ سفر میں ہیں گھر سے کہیں باہر ہیں اور آپ کو اپنے گھر کی یاد ستاتی ہے تو تنہائی کے عالم میں بند آنکھوں کے سامنے اپنے گھر کا منظر لائیں اب آپ کی آنکھوں کے سامنے کوئی فریب نہیں ہوگا۔ کوئی دھوکا نہیں ہوگا بلکہ حقیقت میں اپنے گھر کے تمام افراد کو اور تمام ماحول کو ویسا ہی پائیں گے جیسا کہ فی الواقعہ آپ اپنے گھر میں موجود ہیں۔

مثلاً آپ کی بیوی کھانا پکا رہی ہے۔ بچے کھیل رہے ہیں مرغی صحن میں دانہ چگ رہی ہے اور حقیقت میں اس وقت اسی منظر کے وقت آپ کے گھر کی وہی حالت ہوگی جیسا کہ آپ اسے بند آنکھوں میں دیکھ رہے ہیں۔ ہاں دھوکا اور فریب اس وقت ممکن ہو سکتا ہے جب کہ آپ میں یکسوئی نہ ہو اور آپ نے یہ مراقبہ کیا ہو۔ اس وقت لاشعور آپ کو دھوکا دے سکتا ہے کیونکہ اس غیر اطمینانی اور اضطرابی کیفیت میں لاشعور آپ کی صحیح رہنمائی نہیں کر سکتا۔

بس بالکل یکسوئی کا عالم ہونا ضروری ہے اس عالم میں آپ جو کچھ دیکھیں گے وہ حرف بحرف درست ہوگا۔ اور اگر آپ تاریخ اور وقت نوٹ کر لیں گھر میں آ کر ان دیکھے ہوئے حالات کی تصدیق کریں گے تو غلط ہرگز نہ پائیں گے۔

آپ اپنے لاشعور کو مجبور کریں کہ آپ جس شخص کو دیکھنا چاہتے ہیں اس کا صحیح فوٹو آپ کی بند آنکھوں کے سامنے پیش کرے۔ اگر آپ نے اس مطلوبہ شخص کو کبھی دیکھا ہوا ہے تو اپنے ذہن پر زور دے کر اور اپنے لاشعور کو بار بار القا دے کر اس کا صحیح فوٹو اپنے سامنے پیش کریں۔ بالکل وہی جسم وہی نقش و نگار، وہی ہاتھ پاؤں، مو برابر فرق نہ ہو۔ بس بند آنکھوں سے اپنے مطلوبہ شخص کو دیکھ لیں۔ اب اس کو بہ زور لفظوں میں کہیں کہ کل صبح ۷ بجے اور عین سات بجے مجھے مکان پر آ کر ملو۔ اور تم ملنے پر بے چین ہو جاؤ گے اور ضرور میرے مکان پر پہنچو گے۔

ان الفاظ کو بڑے وثوق لہجہ میں اس کے تصور کے سامنے بار بار دہرائیں اور پھر سو جائیں۔ آپ حیران ہوں گے کہ وہ شخص عین وقت مقررہ پر آپ سے ملنے کے لئے آپ کے مکان پر حاضر ہوگا۔ اسے اپنا شعور مجبور کرے گا اور وہ غیر اختیاری طور پر ملنے کے لئے مجبور ہوگا۔۔۔۔ آپ مشق کریں اس بات کی کہ جب بھی آپ کا دل چاہے آپ استغراق میں چلے جائیں اور آپ تھوڑی دیر کے لئے دنیا کے ہر شور و شغب سے دور ہو جائیں۔ بازار کی گہما گہمی آپ کے

(بقیہ صفحہ ۷۴ پر)

میاں عبدالرزاق ندیم
(حاصل پور)

(قسط ۷)

علم الاعداد

قارئینِ فلکیات! آج کی محفل میں نمبر ۴ اور نمبر ۵ کے حالات اور اوصاف لے کر حاضرِ خدمت ہوں۔ اس سے پہلے تین اعداد پر بحث مکمل ہو چکی ہے۔ میرے جن دوست احباب نے اپنے آپ کو اعداد کے لحاظ سے پرکھا۔ وہ حیران رہ گئے کہ اعداد کی مدد سے بھی اس قدر اوصاف پر روشنی ڈالی جا سکتی ہے۔ ہر ایک کا یہی کہنا تھا۔ کہ یہ حالات تو مجھ سے منسوب ہیں۔ میرے اوصاف لکھے گئے ہیں۔ اسے حقیقت سمجھئے یا محض اتفاق؟ مگر یہ ضرور کہنا پڑے گا کہ اس میں کچھ نہ کچھ صداقت ضرور ہے۔ میں نے متعدد بار بے شمار لوگوں کو اعداد کے ذریعے پرکھا ہے۔ یہ ہر بار میزان پر پورے اترے ہیں۔ اور جو کچھ معلوم ہوا وہ زیادہ تر صحیح ہی نکلا۔ آپ لوگوں نے اسے کیسا پایا، یہ آپ ہی بتا سکتے ہیں؟

آپ بھی آج ہی اپنا نمبر معلوم کریں۔ اور "فلکیات" سے اپنے مفصل حالات و اوصاف ملاحظہ فرمائیں۔ نمبر معلوم کرنے کا طریقہ بمعہ مثال حاضرِ خدمت ہے۔

خالد محمود = خ ا ل د م ح م و د

اعداد عدد = ۶ ۱ ۳ ۴ ۴ ۸ ۴ ۶ ۴

میزان = ۱۴ + ۲۶ = ۴۰ مفرد عدد = ۴ + ۰ = ۴ ظاہر ہوا۔

"اگر آپ کا نمبر ۴ ہے"

یہ نمبر یورینس سے متعلق ہے۔ تحمل اور مضبوطیٔ طبع۔ انصاف پسندی اور اچھی شخصیت کا علمبردار ہے۔ یہ عام طور پر خاموش طبع اور سنجیدہ ہوتے ہیں۔ ان کے مزاج میں بہت کم حس ہوتی ہے۔ لیکن وہ اس کمی کو وفاداری اعتماد اور ذمہ داری سے مکمل کر لیتے ہیں۔

فطرت: اس نمبر والے انسان میں بعض قابلِ تحسین وصف پائے جاتے ہیں۔ اگرچہ ان اوصاف کی صحیح طور پر تشریح ممکن نہیں۔ مگر اس کی محتاط اور باقاعدہ زندگی عظیم الشان صبر و تحمل اور انتہائی اعتماد دوسرے لوگوں سے اس کی تخصیص کرتی ہیں۔ ممتاز نہیں کرتیں۔ بلکہ یوں کہنا زیادہ موزوں ہوگا۔ کہ وہ سابقہ ہر سہ صفات کا ایسا مجسمہ ہے۔ جو ایک ہی صفت پر منتج ہو گئی ہیں۔ لہٰذا نمبر ۴ والے کو جب بھی دیکھیں گے وہ بیرونی پریشانیوں سے بے نیاز ہو کر نہایت آہستگی اور مستقل مزاجی سے آگے بڑھتے جائیں گے اور باقاعدگی۔ خوش وضعی اور راست پسندی کے فضائل کو قائم رکھیں گے۔ نمبر ۴ والے ظاہری طور پر مستقل مزاج، نہ ڈگمگانے والے اور طرزِ عمل کے مستحکم اور بے لاگ ہوتے ہیں۔

البتہ افسوس اس امر کا ہے کہ دوسری خوبیوں کی مانند نمبر ۴ کی ظاہری صفات میں بھی مبالغہ سے کام لیا جا سکتا ہے۔ درحقیقت نمبر ۴ کے اصل رنگ میں رنگا ہوا شخص ضدی۔ کوتاہ بین اور سست ثابت ہوا ہے۔ یہی وہ لوگ ہیں۔ جو موقع ملنے پر حکومت یا جماعت کے اندر نفاق پیدا کر دیتے ہیں۔ کسی حکومت کا تختہ الٹنے میں ان کا ہاتھ پیش پیش ہوتا ہے۔ ان کی رائے وزن دار ہوتی ہے اور مجلسی اصلاح کا مادہ ان میں زیادہ ہوتا ہے۔

چال چلن: نمبر ۴ کے مالک سخت جدوجہد کرتے ہیں اور اپنی دھن کے پکے ہوتے ہیں مگر موجد نہیں ہوتے۔ عملی طور پر محتاط اور دور اندیش ہوتے ہیں۔ تابعدار اور فرماں بردار بھی ہوتے ہیں۔ اپنے فرائض بخوبی سرانجام دیتے ہیں۔ ان کے نزدیک روپیہ بڑی قیمت رکھتا ہے۔ یہ دولت اکٹھی کرنے کے لئے کوشاں رہتے ہیں۔ مگر جمع کرنے کی نسبت خرچ کرنے

میں عجلت پسندی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ شاید اس لئے کہ وہ خوشیوں کو محنت کا پھل خیال کرتے ہیں۔ وہ اپنے ہم جولیوں میں باعث افتخار بننا چاہتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ کامیابی کی اگر معمولی سی کوشش کریں تو فوراً ان کے قدم چومتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ اپنے آپ کو خوش نصیب تصور کرتے ہیں۔ یہ لوگ تحریری کام بڑی خوش اسلوبی سے سرانجام دیتے ہیں۔ ہر کام ان کے سست اور بزدلانہ رویہ کا مظہر ہوتا ہے۔ یہ کلرک بھی اچھے ہوتے ہیں۔ اور وکالت یا قانون دانی کے پیشہ میں کامیاب رہتے ہیں۔

زندگی کی مصروفیات : ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مقدر نے مستقل مزاجی اور صبر و تحمل کے سخت ڈسپلن کے لئے انہیں منتخب کیا ہے۔ جائز معاوضہ کے بغیر طویل عرصے تک محنت کئے جانا ان کے لئے کوئی نئی بات نہیں۔ یہ دیکھتے ہوئے بھی کہ غیر مستحق لوگ زندگی کی جدوجہد میں ناجائز طور پر کامیاب اور فیض یاب ہو رہے ہیں۔ وہ برانگیختہ نہیں ہوتے۔ لیکن اس کے باوجود وہ اچھے اچھے عہدوں پر فائز دیکھے گئے ہیں۔ ہم نمبر ۴ کو کسی عمارت کے گوشہ کے پتھر سے تشبیہ دیتے ہیں۔ دوسرے لوگ خوش اسلوبی، اہمیت اور اعلیٰ پوزیشن حاصل کرنے میں ان سے سبقت لے جاتے ہیں۔ اور وہ اپنے خشک اور بے لطف طریقے پر عام لوگوں کی نگاہ سے پوشیدہ پس پردہ نہایت ضروری پارٹ ادا کرتے ہیں۔ ان کی پوزیشن اس قدر اہم ہوتی ہے کہ جب انہیں اپنی جگہ سے ہٹایا جائے تو تمام ڈھانچہ تباہ ہوتا نظر آتا ہے۔ تب لوگ محسوس کرتے ہیں کہ ان کی ہستی کس قدر اہمیت رکھتی ہے۔

ان لوگوں کے لئے انجینئرنگ لائن بہتر رہتی ہے کیونکہ کسی علم کی گہرائی تک پہنچ جانے کے لئے غور و خوض کرنے کے عادی ہوتے ہیں۔ اکثر سائنسدان۔ ریاضی دان۔ خزانچی۔ ٹھیکیدار۔ پروف ریڈر کامیاب رہتے ہیں۔ کیونکہ ان کی صاف اور شستہ ذہنیت ایمانداری کا آئینہ دار ہوتی ہے۔ نمبر ۴ والے افراد اچھے خیالات پیدا کرنے والوں کی قدر کرتے ہیں۔ خصوصاً کمرشل آرٹ ہی ایک ایسا ذریعہ ہے جس سے کوئی اپنی کامیابی کی طرف آسانی سے بڑھ سکتا ہے۔ پبلسٹی اور نشر و اشاعت کے شعبہ میں بحیثیت ماتحت اگر کام کریں تو سستی اور کاہلی کی عادت کے شکار ہو جاتے ہیں۔

ازدواجی زندگی : نمبر ۴ کے مالک افراد جلدی سے محبت کے جال میں نہیں آتے۔ بلکہ بڑے غور و خوض کے بعد محبت کرتے ہیں بلکہ شریک حیات کا مطالعہ کرنے کے بعد شادی کے بندھن میں جکڑنا پسند کرتے ہیں۔ اگر انہیں رفیقہ حیات بھی ۴ نمبر ہی مل جائے تو ان کے لئے بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔ نمبر ۴ سے تعلق رکھنے والے لوگ مرد اور عورتیں اپنے ہی خصائل کے لوگوں میں خوشی اور اطمینان محسوس کرتے ہیں۔ ناواقف اور اجنبی لوگوں پر اعتماد نہ کرنا ان کی طبیعت کا خاصہ ہے لیکن اپنے خویش و اقارب پر بلا چون و چرا اعتماد کر لیتے ہیں۔

مالی حالت : یہ لوگ اپنی دولت سے محبت کرتے ہیں۔ یہی لوگ اپنی مشکلات کے وقت کے لئے پیسہ جمع کرنا بھی جانتے ہیں۔ خصوصاً اپنا سرمایہ سیکنڈ ہینڈ چیزوں میں خرچ کر کے ان کے بدلے میں نئی چیزیں حاصل کر لینا۔ ان کا بہترین مشغلہ ہے۔ مگر چند لوگ اس نمبر کے انعامی سکیموں میں حصہ لیتے ہیں یا جواری ہوتے ہیں۔ ریس سے ان کو قطعی لگاؤ نہیں ہوتا۔ کیونکہ ایسی آمدنی جو کسی شرط کے ذریعے حاصل کی جائے۔ ان کے نزدیک بے مقصد ہے۔ اس لئے وہ جہاں تک ہو سکے اس سے بچتے ہی ہیں۔

"اگر آپ کا نمبر ۵ ہے"

نمبر ۵ عطارد سے متعلق ہے۔ جلد بازی۔ سُلجھے ہوئے ذہن اور بہادری سے متعلق ہے۔

اس نمبر سے منسوب لوگ قوت امتیاز۔ خوش گفتاری۔ نکتہ شناسی جولانیٔ طبع اور قدیم زندگی میں نئی روح پھونکنے کی قوت رکھتے ہیں۔ علم الاعداد کے نقشہ میں نمبر ۵ تمام نمبروں کے وسط میں واقع ہے۔

فطرت ! اس نمبر والا ہمیشہ گرگٹ کی طرح رنگ بدلنے والا ہوتا ہے۔ وہ دل کا گہرا نہیں ہوتا۔ گویا علم الاعداد

زمین درمیان ایک تغیر پذیری کے مقام پر وہ شخص پہنچ جاتا ہے۔ جس کا نمبر ۵ ہوتا ہے۔ اس لئے ایسا شخص ہر بات کے متعلق تھوڑا تھوڑا علم ضرور رکھتا ہے۔ اس کے اندر یہ خواہش بادرو شاید ہی ہوتی ہے کہ وہ کسی چیز کے متعلق پورا علم حاصل کرے۔ نمبر ۵ والے گوناگوں صفات سے متصف ہو کر زندگی کی جدوجہد میں داخل ہوتے ہیں۔ نہایت تیز فہم ہوتے ہیں۔ جلد ہی کسی امر کی تہہ تک پہنچ جاتے ہیں۔ غضب کے موقع شناس ہوتے ہیں۔ اور کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیتے۔ جتنے روشن دماغ ہوتے ہیں۔ اتنے ہی دماغی لحاظ سے چست اور چالاک واقع ہوتے ہیں۔ لیکن ان کے اندر خاص نقص یہ ہے کہ ان میں ثابت قدمی اور استقلال نہیں ہوتا۔ بعض اوقات کسی کام کی ابتدائی مشکلات سے دل برداشتہ ہو کر ہی اس کی تکمیل کا خیال چھوڑ دیتے ہیں۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ان سے کم لیاقت والے لوگ ان پر سبقت لے جاتے ہیں۔ ان کی بے استقلالی ان کے حق میں لعنت ثابت ہوتی ہے کسی نئی تحریک کی طرف ان کے پاؤں میں لغزش آجاتی ہے۔ اور وہ اس طرف پھیل جاتے ہیں۔

اگر نمبر ۵ سے تعلق رکھنے والا آدمی اپنی اندرونی کمزوریوں پر غالب آجائے تو وہ کامیابی کے زینہ پر پہنچ جاتا ہے اس کی ساری توجہ اس امر کی طرف ہوتی ہے کہ وہ اپنی محنت کا ثمر حاصل کرے۔ اس نے نفس کشی کا بڑا سبق پڑھا ہوا ہے۔ اپنے آوارہ اور اولوالعزم دماغ کو وہ جس طرف لگاتا ہے۔ اس سے واجبی طور پر مستفید ہوتا ہے۔ متوسط درجہ کا نمبر ۵ دلفریبی کا شیدا ہوتا ہے۔ اس کا زرخیز دماغ حیرت انگیز طور پر تیز رفتاری سے کام کرتا ہے۔ اس لئے نمبر ۵ والے آدمیوں سے طرح طرح کی باتوں اور قسم قسم کے اعتقادات کی توقع رکھنی چاہیئے اور ان کی عادات کے سامنے سر تسلیم خم کرنا چاہیئے۔

نمبر ۵ سے شادی شدہ عورت اس کے مزاج کے متعلق پوری واقفیت بہم پہنچا سکتی ہے۔ کیونکہ اسے کھانا تیار کرنے کے معاملہ میں ہر روز ایک نئی آزمائش سے گزرنا پڑتا ہے۔ بعض اوقات انڈا مرغی گوشت اور بعض اوقات ساگ وغیرہ اس کی طبع پر موافق نہیں آتے۔ وہ اس وقت بہت مایوس ہوتی ہے۔ جب اس کا خاوند کھانے کو بے لذت اور بالکل بے ذائقہ کہہ کر ٹھکرا دیتا ہے۔ نمبر ۵ والے لوگوں کے قدم آسانی سے نہیں جم سکتے۔ ان کے دل و دماغ آزاد ہوتے ہیں۔ وہ آزادی کے ساتھ خاص طور پر وابستہ ہوتے ہیں۔ سیر و سیاحت۔ نقل و حرکت اور چھٹیوں میں گھومنا پھرنا ان کا پسندیدہ شغل ہے، کیونکہ وہ مختلف ہمراہیوں اور مختلف مناظر سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔ نئے آدمیوں سے واقفیت پیدا کرنے میں خوشی محسوس کرتے ہیں۔

چال چلن! جن لوگوں کا یہ نمبر ہوتا ہے۔ وہ جلد باز اور فوراً غصہ سے بے قابو ہو جانے والے ہوتے ہیں۔ فطرتاً یہ مصروف زندگی کا مالک ہوتا ہے۔ ان کے نزدیک آرام بے مقصد سی چیز ہے۔ یہ ہر وقت مصروف عمل رہنا ہی اپنی زندگی کا منشا سمجھتا ہے۔ ایسے لوگ اکثر کامیابی حاصل کر لیتے ہیں جب انہیں ناکامی ہوتی ہے یا نقصان پہنچتا ہے۔ یہ ذہنی طور پر مفلوج اور بے چینی کا شکار ہو جاتے ہیں۔ یہ لوگ منصوبہ بندی کے قطعاً خلاف ہیں۔ وہ صرف عمل ہی کو زندگی کا زینہ اور ستون مانتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی زندگی پر جذباتی تاثرات چھائے رہتے ہیں۔ یہ لوگ وقت کی رفتار کے ساتھ بدلتے چلے جاتے ہیں۔ ان کے نزدیک زندگی ایک چمک ہے۔ یہ لوگ لکیر کے فقیر رہتے ہیں۔

کمزوریاں! نمبر ۵ والے آدمی کو راز کی بات نہ بتائیں۔ ورنہ وہ جھٹ راز افشا کر دے گا۔ وفاداری بھی اس نمبر کا خاصہ نہیں۔ بمصداق "از دیدہ دور از دل دور" پر عمل

کرتے ہیں۔ اگر آپ اس کی نگاہ کے سامنے نہیں تو دماغ میں بھی نہیں ہیں۔ یہ حقائق اور دلائل کو پسند کرتے ہیں۔ انسان کی اچھی صفات مثلاً عبادت، جذبہ رحم وغیرہ کو اکثر اوقات انسانی فطرت کی کمزوری پر محمول کرتے ہیں۔

زندگی کی مصروفیات! یہ ایسی صفات والا نمبر ہے۔ جو کامیابی کو فی الفور حاصل کرسکتا ہے۔ مگر قابلیت کا ساتھ ہونا ضروری ہے۔ مگر ایسی صفات والوں کی خواہشات معدودے چند ہی کامیابی سے ہمکنار ہوتی ہے وجہ یہ ہے کہ چند بنیادی خامیوں کی وجہ سے دور رہ جاتے ہیں۔ ان لوگوں کو چاہیئے کہ آئندہ زندگی کے لئے اپنالائحہ عمل مرتب کرنے میں احتیاط سے کام لیں ان کو نئے خیالات نئی چیزوں کے اختراع کے لئے تکالیف کا سامنا کرنا پڑے گا۔ انجام کار بے اطمینانی اور پریشانی کے سوا کچھ نہ ملے گا۔ اگر اس نمبر والے غور وفکر سے آئندہ پروگرام مرتب کرلیں تو کامیابی یقینی ہے۔ ان لوگوں کے لئے نامہ نگاری، فوٹوگرافی، ہوٹل، وکالت، ڈاکٹری اور ہوابازی کے کاروبار بے حد مناسب ہیں۔ اگر یہ لوگ تعلقات عامہ، پبلسٹی مواصلات کے محکموں میں داخل ہوں تو بھی کامیابی کے دروازے ان کے لئے کھلے ہیں۔ یہ وہ نمبر ہے۔ جو تخیل اور غور وخوض سے محروم نہیں ہوتا۔ سوداگری ان کو بہت نفع دیتی ہے۔ آمدن کے وسائل بنانا ان کے لئے مشکل نہیں ہوتا۔ یہ مخصوص حالات میں ملازمتوں میں اچھے ملازم کی حیثیت سے وقت گزار لیتے ہیں۔ یہ جوئے اور لاٹری میں بہت کم تعلق رکھتے ہیں۔ اگر برادری کا کوئی عزیز فوت ہوجائے یا سوسائٹی میں کوئی اعلیٰ فرد مرجائے تو یہ لوگ اس کی جگہ بہت جلد پُر کردیتے ہیں۔

مالی حالت! پیسے کے معاملے میں یہ ایک جواری کی سی قسمت کے مالک ہوتے ہیں کسی وقت ان کی جیب میں ہزاروں روپے ہوتے ہیں۔ اور کسی وقت بالکل خالی یا چند پیسے۔ مگر یہ لوگ قسمت کے دھنی ہوتے ہیں۔ جو راتوں رات بھی امیر بن سکتے ہیں یہی وجہ ہے کہ یہ لوگ پیسے کے معاملے میں غیر محتاط بھی ہوتے ہیں۔ بعض اوقات تو اپنی فراست کا ایسا ثبوت پیش کرتے ہیں کہ اپنی باقی ماندہ دولت کو اچھے کام میں صرف کرکے فائدہ اٹھالیتے ہیں مگر بعض حالات میں یہ مستقبل کی ذمہ داریوں سے بے نیاز ہوکر خرچ بھی کرڈالتے ہیں یہی وجہ ہے کہ ان افراد کا خاندان یا تو آسودگی اور خو[illegible] میں ہوگا یا پھر فاقہ زدگی کا مہیب سایہ ان پر مسلط ہوگا۔ لہٰذا ایسے آدمی کو چاہیئے کہ نہایت بردباری اور عقل مندی سے اپنی آئندہ زندگی کا راستہ متعین کرے۔

(جاری ہے)

اعداد کے بقیہ اوصاف اور حالات کے لئے ملاحظہ کیجئے شمارہ اگست ۹۵ء

محترمہ نسرین ـــــ کراچی

س: کیا طلاق ہو سکے گی؟

ج: شوہر کا نام، شادی کی تاریخ اور دیگر معلومات ہوں تو پھر ہم بتا سکتے ہیں کہ طلاق ہوگی کہ نہیں۔ بہتر یہ ہے کہ آپ حتمی فیصلے کے لئے زائچہ سوال مقررہ فیس ادا کر کے بنوالیں۔

جناب طاہر ایوب ـــــ کراچی

س: منگنی "ف" سے قائم رہے گی؟

ج: اختلافات بڑھ بھی جائیں تو بات اس حد تک نہیں بگڑے گی کہ منگنی ٹوٹ جائے آپ اپنے بڑوں کو سمجھانے کی کوشش کریں۔

محترمہ ن ف ـــــ کراچی

س: گھریلو حالات کب درست ہوں گے؟

ج: روزانہ رات کو بعد نماز عشاء تین سو بار یا ودود یا شکور کا ورد کیا کریں انشاء اللہ تعالیٰ سب کچھ آپ کی مرضی کے مطابق ہوگا۔

جناب الٰہی بخش ـــــ کراچی

س: کونسا کاروبار بہتر رہے گا؟

ج: آپ کے لئے فروٹ کی تجارت زیادہ منافع بخش رہے گی

جناب ادریس خان ـــــ کراچی

س: سرحرف نام "ش" سے شادی ہوگی؟

ج: کوئی اور گھر دیکھئے اس لڑکی سے آپ کی شادی کا امکان نہیں ہے۔

جناب خالد محمود ـــــ کوہاٹ

س: دوست بری ہوگا کہ نہیں؟

ج: بری ہونے کا امکان نہیں ہے لیکن سزا بھی زیادہ نہیں ہوگی۔

جناب محمد بدر منیر ـــــ خوشاب

س: حالات کب درست ہوں گے؟

ج: آپ بسلسلہ ملازمت پاکستان سے باہر چلے جائیں یا پھر کسی بڑے شہر میں کاروبار کریں تاکہ مالی پوزیشن مضبوط ہو سکے بصورت دیگر حالات کس طرح بدل سکتے ہیں؟؟؟

جناب شفاقت حسین ـــــ ضلع اٹک

س: صحت کب درست ہوگی؟

ج: آپ شادی کرلیں انشاء اللہ تعالیٰ بعد از شادی بہ تدریج آپ کی صحت بہتر ہو جائے گی۔

جناب رؤف خان ـــــ ٹھٹھہ

س: شادی "ع" سے ہوگی؟

ج: آپ کی شادی صرف اور صرف والدین کی مرضی اور پسند سے ہوگی۔ "ع" کا پیچھا آپ چھوڑ دیں کچھ حاصل نہ ہوگا۔

محترمہ الف۔ ایم ـــــ ایبٹ آباد

آپ کا سوال ہماری سمجھ سے باہر ہے کیونکہ آپ نے یہ تو لکھا ہی نہیں کہ آپ اس وقت کس ملک میں موجود ہیں اور آپ کو آنے میں کیا دشواری ہے۔

جناب محمد حکیم اعوان ـــــ گاؤں سنگولہ

س: تسخیر ارواح کر سکوں گا؟

ج: اپنا وقت ضائع نہ کریں کامیابی کا کوئی امکان سردست نہیں ہے۔

جناب راحیل سعید مفتی ـــــ لاہور

س: قمر جیل کی واپسی کب تک ہوگی؟

ج: ۱۹۹۶ء کے اختتام تک آپ کی یہ خواہش پوری ہو جائے گی۔ کسی نے بھی ان پر سحر وغیرہ نہیں کیا ہے۔

جناب آمان ـــــ ضلع مانسہرہ

س: مسماۃ "ت" سے شادی ہوگی؟

ج: آپ سے اس کی شادی ہونے کا کوئی امکان نہیں ہے لہٰذا اس کی بدنامی کا باعث بننے کی غلطی نہ کریں۔

جناب ساجد علی ـــــ ضلع مردان

س: میری شادی "ن" سے ہوگی؟

ج: اپنے والدین کے ذریعے کوشش کریں ۱۹۹۷ء کے اختتام تک اس لڑکی سے شادی کا امکان ہے۔

محترمہ شبانہ ـــــ گجرات

س: میری شادی "ر" سے ہوگی؟

ج: اس شخص سے آپ کی شادی کا

کوئی امکان نہیں ہے خود کو برباد مت
کریں اور فوراً یہ راستہ چھوڑ دیں۔

جناب عبدالقدیر ——— ضلع اٹک

س: والد صاحب کی بیماری کا خاتمہ
کب ہوگا؟

ج: آپ کے والد دماغی مرض میں مبتلا
ہیں ان کا علاج کسی قابل معالج ہومیو
پیتھک سے کرائیں۔ سنہ ۱۹۹۶ء میں ان کے
ٹھیک ہونے کی توقع تو ہے ان پر
کسی نے بھی سحر نہیں کیا۔

جناب محمد عثمان ——— بہاولپور

س: میرا برج کون سا ہے؟

ج: آپ کے نام کی مناسبت سے آپ
کا برج حمل ستارہ مریخ ہے۔

جناب عبدالقیوم ——— ضلع مظفر گڑھ

س: حکمت کا پیشہ اپنالوں تو کیسا
رہے گا؟

ج: نتائج تو بہتر ہوں گے لیکن آپ کو
طویل مدت تک خاصی محنت کرنی پڑیگی۔

جناب عتیق الرحمٰن ——— جہلم

س: حالات کب تک درست ہوں گے؟

ج: آپ کے مالی حالات ذریعہ روزگار
تبدیل کرنے کے بعد ہی درست ہو
سکیں گے۔

جناب نوید اقبال ——— گوجرانوالہ

س: مالی پوزیشن کب مضبوط ہوگی؟

ج: اضافہ کاروبار اور حصول مال کے لئے
ذریعہ روزگار بھی بدلیں محض اسم الٰہی
کے ورد سے ہی سارے مسئلے حل نہیں
ہوں گے۔ تبدیلی کاروبار کے بعد اگر آپ
"یَاوَھَابُ" کا ورد روزانہ بعد نماز
عشاء کم از کم پانچ سو بار کر لیا کریں تو
برکت ہوگی۔

محترمہ حنا ——— ضلع مردان

س: میری دوسری شادی کب ہوگی؟

ج: مایوس نہ ہوں سنہ ۱۹۹۶ء کی دوسری
ششماہی کے دوران شادی کا امکان ہے۔

جناب مقبول احمد شکوری ——— اوکاڑہ

س: حج کی سعادت کب حاصل ہوگی؟

ج: بحکم اللہ تعالیٰ آپ سنہ ۱۹۹۶ء میں حج
کا شرف کسی خاص بندہ "خدا" کی مہربانی
کے سبب حاصل کر سکیں گے۔

جناب عطاء اللہ ——— گوجرانوالہ

آپ کا نام دونوں ہی طریقوں سے
درست ہے جو طریقہ بھی آپ پسند
کریں اختیار کر لیں۔

جناب نذیر احمد ——— لاہور

اتنی عمر ہوگئی آپ کی اور آپ ابھی تک
امیر اور غریب ہی کے چکر میں پڑے
ہوئے ہیں۔ بندہ پرور! اپنی جیسی
حیثیت رکھنے والے خاندان میں شادی
کر لو اور ہنسی خوشی باقی زندگی گزارو
شادی کا امکان ۱۹۹۶ء میں ہے یہ
چانس ضائع نہ کرو تو بہتر ہے۔

جناب ذوالقرنین طارق ——— ملتان

س: میری شادی "م" سے ہوگی؟

ج: شادی تو ہو سکتی ہے لیکن اس کے
لئے آپ کو کم از کم پانچ سال انتظار
کرنا پڑے گا۔

جناب ایم بی زمان ——— ایبٹ آباد

س: میں پریکٹس کہاں کروں؟

ج: آپ پاکستان میں ہی کام کریں۔
نتائج بہتر ہوں گے پاکستان سے باہر
جانا آپ کے لئے بہتر نہیں ہے۔

محترمہ ف م ——— ضلع ایبٹ آباد

س: میری شادی "ع" سے ہوگی؟

ج: خود کو ایک خوبصورت دھوکے سے
بچالیں ورنہ بہت کچھ کھو جائے گا اس
شخص کے ساتھ شادی کا کوئی امکان نہیں ہے

جناب ایم ایم ایس ——— بدین

س: کون سا کاروبار بہتر ہے؟

ج: یہی کاروبار آپ کے لئے مناسب ہے
جو آپ کر رہے ہیں۔ آئندہ عام لفافہ
بھیجیں بک پوسٹ نہ بھیجیں بیرنگ
ہو جاتا ہے۔

محترمہ ساجدہ ——— ملتان

س: میری شادی "س" سے ہوگی؟

ج: آپ کی امی کا انکار بالکل درست
ہے یہ شخص آپ کے لئے بہتر ثابت
نہ ہوگا۔

جناب محمد یعقوب ——— بہاولپور

آپ اپنا علاج کسی معمر ہومیو پیتھک سے چند ماہ میں کرالیں۔ یہ مرض جاتا رہے گا مالی پوزیشن ماہ ستمبر ۱۹۹۵ء کے بعد بہتر ہو سکے گی۔ ادارہ خوب چلے گا۔ اس سلسلے میں حکومت سے بھی مدد حاصل کرنے کی کوشش کریں

جناب الف جیم ــــ کوئٹہ

اس مرض سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لئے کسی ہومیو ڈاکٹر سے رجوع کریں کامیابی ہوگی۔ آپ نے جو رقم بسلسلہ مٹھائی ارسال فرمائی ہے اس کے لئے بہت بہت شکریہ اللہ تعالیٰ آپ کو ڈھیر ساری خوشیاں عطا فرمائے۔

جناب س۔ ع ــــ ضلع پشاور

ہمارے مرتب کردہ زائچوں کے ساتھ مختصر حالات بھی تحریر کئے جاتے ہیں خالی بارہ خانوں کا زائچہ بنا کر دے دینے سے تو آپ کو کوئی فائدہ نہیں ہو سکتا اگر تاریخ پیدائش معلوم نہ ہو تو خط لکھنے کا وقت و تاریخ پورا نام والدین کے نام اور پانچ عدد اہم سوالات لکھ کر بھیج دیں آپ کا زائچہ بنا کر بھیج دیا جائے گا فیس دو سو روپے ہی ہوگی۔ آپ کی شادی متعلقہ فریق کے ساتھ ۹۶ء کی آخری سہ ماہی میں ہو سکے گی تفصیلی معلومات کے لئے زائچہ شادی مذکورہ فیس بھیج کر بنوالیں۔ اگر کوئی رکاوٹ ہوئی یا آگے چل کر حالات خراب ہونے کا اندیشہ ہوا تو پھر مناسب تدارک بھی ہو سکے گا۔

جناب محمد اشرف ــــ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ

س: مجھے کسی مل میں ملازمت کب تک ملے گی؟

ج: آپ فیصل آباد کی کسی مل میں کوشش کریں اس سال کے اختتام سے قبل ملازمت مل جائے گی۔

جناب شہباز حسین ــــ مظفر گڑھ

س: میری شادی کب تک ہوگی؟

ج: منگنی تو اسی سال ہو جائے گی البتہ شادی ۱۹۹۶ء کی دوسری سہ ماہی میں ہو سکے گی۔

جناب محمد منشاء ــــ ضلع اوکاڑہ

س: شادی کب ہوگی؟

ج: کم از کم تین سال مزید صبر کیجئے اس کے بعد ہی یہ شادی والا شوق پورا ہو سکے گا۔

جناب محمد نسیم محمد ــــ سمندری

س: میرے لئے بہتر دور کب شروع ہوگا؟

ج: جدوجہد جاری رکھیں ۱۹۹۸ء کے بعد بہترین دور شروع ہو جائے گا۔

محترمہ خالدہ نسیم ــــ ضلع چکوال

س: میں کس اسم الٰہی کا ورد کروں؟

ج: آپ روزانہ رات کو تین سو دس بار بعد نماز عشاء یا کریم یا رحیم کا ورد کر لیا کریں۔

جناب علیم انجم ــــ حیدر آباد

س: بچوں کا مستقبل؟

ج: مقررہ فیس ادا کر کے بچوں کے زائچے بنوالیں تاکہ حالات زندگی کا صحیح اندازہ ہو سکے محض ایک ٹوکن کے ذریعہ تو ایسے سوالات کا جواب نہیں دیا جا سکتا۔

جناب ن۔ ع ــــ کوہاٹ

س: میری شادی "ف" سے ہوگی؟

ج: اس معاملے میں ایک حد تک ہی رہیے شادی کا امکان تو نہیں ہے البتہ دشمنی بڑھنے کا اندیشہ ہے۔

جناب محمد انور ــــ خضدار

س: کونسا کاروبار بہتر رہے گا؟

ج: اگر رقمی گنجائش موجود ہے تو پھر بیڈ شیٹس کی تجارت زیادہ منافع بخش ثابت ہو سکے گی۔

محترمہ آسیہ خورشید ــــ لاہور

س: ذاتی مکان کب تک ملے گا؟

ج: کم از کم مزید تین سال انتظار کریں ۱۹۹۹ء میں آپ کا اپنا مکان ہوگا۔

جناب محمد یامین ــــ لاہور

جوابی لفافہ پر لکھا ہوا پتہ تو ہم باوجود کوشش کے نہ پڑھ سکے تو پوسٹ مین صاحب کیسے پڑھیں گے۔ بہرحال ہم نے خالی لفافہ بھیج دیا ہے اگر مل جائے تو ہمیں بھی بتا دیں تاکہ ہمیں اپنے ان پڑھ ہونے کا احساس ہو سکے از روئے حساب یہ واضح ہے کہ آپ کی اہلیہ دماغی مریضہ ہے ان کا علاج کسی اچھے حکیم سے کرائیے ان شاء اللہ آپ کا گھر آباد رہے گا فکر نہ کریں۔

ناکامیاں

آپ کا مقدر تو نہیں! پھر اس قدر مایوسی کیوں؟

ہو سکتا ہے کہ آپ نے حصول مقصد کے لئے جو راستہ اختیار کیا ہے وہی غلط ہو، یہ بھی حقیقت ہے کہ پریشانیوں میں گھرا ہوا انسان ذہنی طور پر اس قابل نہیں رہتا کہ راہ نجات خود ہی تلاش کر سکے۔ لہذا آپ "ادارہ فلکیات" کی خدمات حاصل کریں، ہم دنیا کے قدیم اور پُراسرار علوم کے ذریعہ آپ کی رہنمائی کریں گے انشاء اللہ تعالیٰ آپ کامیاب ہونگے، مزید تفصیلات کیلئے جوابی لفافہ ارسال کریں۔ یا ٹیلیفون نمبر ۴۹۱۸۳۲۹ سے رجوع کریں۔

صبح ۱۱ سے ۵ بجے شام:

عامل لیاقت منجم

چیف ایڈیٹر، ماہنامہ "فلکیات"
۱/۲ سی ایریا نزد ڈاکخانہ بس اسٹاپ لیاقت آباد، کراچی

سوالات بھیجنے سے پہلے

اِن شرائط کو پڑھ لیجئے!

(۱) "فلکیات" کے ماہانہ خریدار درج ذیل ٹوکن بھیج کر ہر ماہ ایک عام سوال کا جواب بذریعہ فلکیات حاصل کر سکتے ہیں، یعنی ان کے جواب "فلکیات" میں ہی علی الترتیب شائع ہوں گے۔

ٹوکن کے ہمراہ جوابی لفافہ قطعی نہ بھیجیں۔

(۲) "فلکیات" کے سالانہ خریدار سوال کا جواب جوابی لفافہ بھیج کر بذریعہ ڈاک لے سکتے ہیں۔

...... نوعیت کے پانچ سوالوں کے جوابات بذریعہ ڈاک یا بالمشافہ فیس مبلغ دو سو (-/۲۰۰) روپے ادا کر کے حاصل کئے جا سکتے ہیں، ٹوکن بھیجنے اور خط و کتابت کیلئے پتہ یاد رکھیں:

ادارہ "فلکیات" ۱/۲-سی ایریا، لیاقت آباد، کراچی ۱۹ (کوڈ نمبر ۷۵۹۰۰)

ٹوکن نمبر ۲۷۵

نام سائل بمعہ انداز اً عمر و تاریخ پیدائش ____________

نام والدین ____________

خط لکھنے کا وقت اور تاریخ ____________

پتہ ____________

سوال ____________؟

دستخط ____________

(ٹوکن ۱۰ جولائی ۱۹۹۵ء تک کارآمد ہے)

M. NO — 140

زائچہ ولادت یا نوشتہ

قسمت

یہ ایک طے شدہ حقیقت ہے کہ انسانی زندگی مکمل طور پر ستاروں کے اثرات سے متاثر ہوتی ہے ستارے انسان کو تخت و تاج کا مالک بنا دیتے ہیں اور دانے دانے کیلئے محتاج بھی کر دیتے ہیں ہم میں سے بہت کم لوگ اپنے ستاروں کے نیک و بد ادوار سے آگاہ ہوتے ہیں نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ ہر کام اپنی ہی مرضی سے کر کے فائدہ تو درکنار اس کثیر رقم سے بھی محروم ہو جاتے ہیں جو کہ اثاثۂ زندگی ہوتی ہے "عامل لیاقت منجم" سے گذشتہ تیس سالوں کے دوران ہزارہا افراد اپنی زندگی کے زائچے بنوا کر خوشحالی میں زندگی گذار رہے ہیں۔ آپ اگر اب تک زائچہ نہیں بنوا سکے ہیں تو پھر دیر نہ کیجیے آج ہی ادارے کو زائچہ پیدائش کی فیس مبلغ **دو سو روپے** بذریعہ منی آرڈر بھیج کر خط لکھ دیجیے "ادارہ" پندرہ دن کے اندر آپ کا زائچہ مرتب کر کے ارسال کرے گا تمام زائچے عامل لیاقت منجم کی زیر نگرانی تیار ہوتے ہیں اسلئے ادارہ درستگی زائچہ کا ذمہ دار ہے فون: **۴۹۱۸۳۲۹**

نوٹ:۔ زائچہ پیدائش کیلئے درست تاریخ پیدائش بمعہ سن وقت پیدائش مقام پیدائش اور والدین کا نام لکھنا ضروری ہے جن حضرات کے پاس تاریخ پیدائش موجود نہ ہو وہ متبادل طریقہ اختیار کر سکتے ہیں مزید تفصیلات کیلئے جوابی لفافہ ارسال کریں۔

منیجر ادارہ "فلکیات" ۱۹ سی ایریا لیاقت آباد کراچی